ایمان اتحاد نظم

# قائداعظم کوئز

IqbalCyberLibrary
All rights res
©2002-2006

مرتبہ

ذکی احمد زکی

# پیش لفظ

ذکی احمد صاحب نے ''قائداعظم کوئز'' کے نام سے سوال و جواب کا ایک اچھا مجموعہ مرتب کیا ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح کی زندگی اور کارناموں کی طرف لوگوں کو متوجہ کرنے میں بہت مددگار ہوگا۔ خصوصیات کے ساتھ ہماری نئی نسل اپنے قائداعظم کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کرنا چاہتی ہے اور یہ ہمارا فریضہ ہے کہ ایک ایک بات پوری صحت کے ساتھ ان کو پہنچائی جائے۔ یہ مجموعہ اسی طرح ایک کلید کی حیثیت رکھتا ہے جس طرح یونیورسٹی کے امتحانات کے حل شدہ جوابات کی کلیدیں چھپتی رہتی ہیں نصاب کی کسی کتاب میں کوئی بات غلط درج ہوا اور کسی کلید میں اس کے مطابق سوالات حل کئے گئے ہوں تو یہ کلید کی غلطی نہیں ہے۔ بلکہ کلید کو اگر آپ صحیح کردیں تو امتحانات میں طلبہ کے ناکام ہوجانیکا اندیشہ ہے۔ یہ مجموعہ جو مرتب نے تیار کیا ہے وہ بڑی محنت سے تیار کیا گیا ہے اور اب تک جو کتابیں شائع ہوکر اندرون ملک اور بیرون ملک منظر عام پر آچکی ہیں...... انہی کتابوں میں بہت سی باتیں اصلاح طلب ہیں۔ بہرحال ان کتابوں کی تصحیح کسی محقق کا کام ہے مرتب و مولف کا نہیں اور جب تک ایسی کوئی کتاب سامنے نہیں آتی سوال و جواب کے وقت ہمارے نوجوان بلکہ ان سے بڑے بھی مجبور رہیں کہ انہی کتابوں کے حوالوں پر بھروسہ کریں۔

ذکی احمد ذکی صاحب نے بڑی محنت کی ہے اور جذبے کے ساتھ یہ مجموعہ تیار کیا ہے، میں انکی محبت لگن اور جذبے کی تحسین کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ ان کو اور بڑے کام کرنے کی توفیق سے نوازے۔

رضوان احمد

کنوینر قائد فاؤنڈیشن

ڈائرکٹر مرکز تحقیق تحریک پاکستان

# ابتدائیہ

کسی بھی ملک اور قوم کی تاریخ اس کے حافظے کا کام دیتی ہیں۔ جس طرح کسی فرد سے کا حافظ چھن جائے تو وہ بے جہت ہو کر رہ جاتا ہے۔ اس طرح کوئی قوم اپنی تاریخ سے ناواقف و بے خبر رہ کر اپنی منزل پر پہنچنے سے قاصر رہتی ہے۔

ظہور پاکستان ہماری ملی تاریخ کا ایک معرکہ اور یادگار واقعہ ہے یہ اس عہد کی کہانی ہے جب سر سید اور اقبال کی روشنی کی ہوئی مشعل لیکر قائداعظم محمد علی جناح ہماری تاریک راہوں کو منور کرنے کی جان سوز کوششیں کر رہے تھے۔

ایک عظیم نصب العین بھی قیادت کی محرومی کی سبب تشنہ تکمیل رہ جاتا ہے۔ اس تاریخی جدوجہد میں مسلمانوں کی بڑی خوش بختی تھی کہ انہیں محمد علی جناح جیسا لیڈر نصیب ہوا۔ انکے بارے میں علامہ اقبال نے کہا تھا۔

آج کے ہندوستان میں وہ واحد مسلمان ہیں جن سے قوم بجا طور پر توقع کر سکتی ہے کہ وہ اس طوفان میں انکی بے خطر رہنمائی کر جو شمال مغربی ہندوستان بلکہ شاید پورے ہندوستان میں آنیوالا ہے۔

قائداعظم کی دیانت، جرات اولعزمی، تدبر، فراست اور خلوص پر اسلامیان ہند مکمل اعتماد کرتے تھے۔ اس مسیحائے قوم اسلامیان ہند کے احساسات مردہ میں ایک نئی روح پھونکی اور ملت کے رہبر فرزند نے ملی تشخص کے حیات آفرین خیالات وتصورات اور تعمیر ملت کے جزبہ بے اختیار سے سرشار ہو کر مسلمانوں کے بکھرے ہوئے ذروں کو محکم اور ٹھوس چٹان میں بدل کر ایک پرچم تلے اکٹھا کیا۔ قدرت نے اس جسم ناتواں میں وہ بجلیاں پنہاں کر دی تھیں جو مخالفین اور حریفوں کے لئے شرار خرمن سوز ثابت ہوئیں۔

بابائے قوم محمد علی جناح کی سوانح حالات، واقعات اور کوائف ذاتی بھی ہماری تاریخ جدوجہد آزادی کا ایک انتہائی روشن باب ہے۔ اس تذکرے کے بغیر ہماری

تحریک ملی کی تاریخ کسی طور مکمل نہیں ہوسکتی بلکہ بے معنی ہوکر رہ جاتی ہے۔ دراصل قائداعظم کی ذات اور قیام پاکستان اس حد تک مربوط و منسلک ہیں کہ قائداعظم کی شناخت ہی پاکستان کی شناخت ہے۔

ہماری نئی نسل اور نوجوانوں نے تحریک حصول پاکستان کے نشیب و فراز کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا۔ اس نظریہ و تحریک کی کامیابی سے ہی ہماری عظیم الشان مملکت منصہ شہود پر آئی وقت کا دھارا بہتے بہتے آگے نکل چکا ہے۔ بیشتر مجاہدین و رہنمایان تحریک آزادی اپنے تابناک نقوش قدم چھوڑ کر اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں۔ باقیات الصالحات بھی عزلت گزیں اور خاموش ہیں اب ہماری نئی نسل قومی زندگی کی باگ ڈور سنبھال رہی ہے اور یہ بات میں بڑے دکھ سے کہہ رہا ہوں کہ بدقسمتی سے ان میں سے اکثر نوجوان قومی تاریخ سے یا تو نابلد ہیں یا محض سطحی معلومات رکھتے ہیں۔ بعض یہ بھی نہیں جانتے کہ دوقومی نظریہ کا صحیح مفہوم کیا ہے؟ پاکستان کا نصب العین اور مطمع نظر کیا ہے؟ وہ اس بات سے بھی پوری طرح باخبر نہیں کہ ہم نے اپنی جداگانہ مملکت کے لیے مطالبہ کیوں کیا تھا؟ یہ جنگ آزادی کیوں لڑی گئی؟ تحریک پاکستان کا منشاء اور مقصود کیا تھا غیر منقسم ہندوستان سے ہماری علیحدگی کا سبب کیا تھا؟ یہ معرکہ دین وطن کیوں پیش آیا۔ اس داستان کے جدوجہد کے مختلف عناصر و عوامل کیا تھے؟ اس قومی رزمیہ کی نگارش میں کس کس کا خون اور پسینہ شامل ہے؟ ملت کے جلیل قدر فرزندوں نے کیا کیا کارہائے نمایہ انجام دیے۔ تاریخ کے اوراق گم گشتہ ہیں۔ کس کس کے خون سے سرخیاں لکھی ہوئی ہیں؟ شدید ضرورت ہے اس قصہ پارینہ کی گاہے گاہے بازخوانی کی جائے تاکہ ہماری آنے والی نسلیں اپنے یادگار ماضی کو فراموش نہ کردیں اس لیے کہ بنیادوں کو بھول جانے والے کوئی بلند عمارت بنانے کے اہل نہیں ہو سکتے۔ ماضی کے بغیر حال و مستقبل کا تصور محال ہے۔ بھرپور کوشش کی جانی چاہیے کہ نوجوانوں میں تاریخی ورثے اور داستان آزادی سے

واقفیت حاصل کرنے کا ذوق وشوق، فہم وبصیرت اور جذبہ تحقیق وتجسس پیدا کیا جائے۔ یہ ہم سب کا ملی فریضہ ہے۔ جوانان ملت کے ذہنوں میں حقائق درجہ راسخ ہو گئے تو ہم سمجھے گے کہ ایک قومی فرض ادا ہو گیا۔

بانی پاکستان، بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی حیات بابرکات کے بارے میں اب تم متعدد کتابیں اور رمضامین لکھے گئے ہیں لیکن ابھی اس ضمن میں بہت سے کام ہونے باقی ہیں۔ ان پر مبسوط اور شایان شان کتابیں لکھے جانے کے علاوہ اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ قائداعظم کی بصیرت افروز زندگی کے حقائق ہر پاکستان کو معلوم ہوں اور وہ معلومات کے حصول میں کوشاں رہے۔ ان کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہونی چاہیے محققین سے لے کر عوام الناس تک کو قائداعظم کی زندگی کی ضروری کوائف کا علم ہونا چاہیے۔ ذکی احمد صاحب کی زیرنظر کتاب ''قائداعظم کوئز'' سوانح قائداعظم کے سلسلے میں کوئی سلسلہ وار یا مفصل کتاب نہیں۔ اس میں واقعات کی تفصیل ڈھونڈنا بیکار ہے اور یہ مرتب کتاب کا مقصود بھی نہیں۔ یہ قائداعظم کی حیات اور کارناموں کے بارے میں اجمالی معلومات اور نکات کا ایک مفید خزینہ ہے جو بڑے خلوص، تحقیق اور عرق ریزی سے جمع کیا گیا ہے اس کے سوالات وجوابات مرتب کرنے میں مولف نے بھرپور کوشش کی ہے اور حتی الامکان صحت واحتیاط سے کام لیا ہے۔ اب تک قائداعظم اور تحریک پاکستان پر لکھی جانے والی انگریزی اردو درجنوں مستند ومعتبر کتابوں کے مطالعے اور چھان بین کے بعد یہ قیمتی معلومات اکٹھی کی گئی ہیں اور اس طرح یہ اس نوع کی کتابوں کا لب لباب اور سینکڑوں پھولوں کا عطر مجموعہ ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ہر پاکستانی خصوصاً نوجوانوں کے لئے گہری دلچسپی کا باعث ہوگا۔ سوانح قائد کے علاوہ تحریک پاکستان کے بہت سے حقائق اس کتاب سے آئینہ ہو جاتے ہیں۔ مولف کی حب الوطنی ریاضت اور کاوش ہر طرح داد وتحسین اور قدر افزائی کی مستحق ہے کہ انھوں نے ہلکے پھلکے تفریحی اور دلچسپ انداز

میں سوالا جوابا ایسی عمدہ معلومات تکجا کر دی ہیں جو ہماری قومی تاریخ اور ملی ورثے کا ایک بیش بہا حصہ ہے...... میں اس سعی جمیل پر انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ امید ہے کہ قوم بھی اس کوشش کو دل سے پسند کرے گی اور آنکھوں سے لگائے گی۔

افتخار عارف

# احوالِ واقعی!

سال ۱۹۷۶ء قائداعظم کا سال ہے قائداعظم جو معمار پاکستان تھے جو کروڑوں مسلمان عوام کے دلوں کی دھڑکن اور انکی تمناؤں کے نقیب تھے جن کی ولولہ انگیز قیادت میں مسلمانان برصغیر نے دنیا کے نقشے پر ایک اسلامی مملکت کی بنیاد رکھی۔ یہ سال میرے قائداعظم کے نام سے معنون کیا گیا ہے جو عزم و ہمت جرات و استقلال اور راست بازی کے پیکر تھے۔ اور بلا شبہ دنیا کے عظیم سیاست دان اور رہنماؤں میں ایک مستند حیثیت رکھتے ہیں۔

تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ وہ قومیں ہمیشہ زندہ رہتی ہیں جو اپنے محسنوں اور قائدوں کو یاد رکھتی ہیں اور انکی تعلیمات کو اپنے لئے مشعلِ راہ گردانتی ہیں قائداعظم کی صد سالہ برسی کی مناسبت سے یہ سال انکے نام قرار دینا ایک ایسا مستحسن اقدام ہے جو ہر لحاظ سے قابل صد تحسین و آفرین ہے اس موقع پر سرکاری ارنجی اداروں کا یہ فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے وسائل اور توانائیوں کے ساتھ قائداعظم کی یاد تازہ کر کے انکی تعلیمات کو عام کریں اور انکے نقش قدم پر چلنے کی سعی و کاوش کریں۔

قائداعظم کے سال کی مناسبت سے میں نے بھی اپنے محدود وسائل اور اپنی بساط کے مطابق حق قائد ادا کرنے کی ادنی سی کوشش کی ہے اور اس موقع پر بانی پاکستان کی شخصیت اور تحریک پاکستان مین انکے کردار کا سوالا جوابا احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ ایک بڑا المیہ ہے کہ تحریک پاکستان اور قائداعظم کی ذات کے بارے میں اول تو کتابیں بہت ہی کم دستیاب ہیں یعنی نہ ہونے کے برابر ہیں اور اگر ہیں بھی تو چند کے علاوہ معیار اور مستند کے زمرے سے خارج ہیں اپنی اس کتاب میں میں نے کوشش کی ہے کہ جو معلومات بھی قائد یا تحریک پاکستان کے حوالے سے پیش کی ہیں وہ مستند کتب سے اخذ یا قائد کے قریبی ساتھیوں سے جو بفضل خدا بقیہ حیات ہیں ذاتی طور پر مل کر اور ان سے تصدیق کرا کے شائع کی ہیں اس لئے اگر میں یہ حقیر سا

دعویٰ کروں کہ یہ کتاب قائد کی شخصیت اور تحریک پاکستان کے تمام تر پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہوئے ایک مستند اور قیمتی دستاویز ہے تو شاید مبالغہ نہ ہوگا۔

میری یہ ادنیٰ سی کوشش بھی اس محبت اور بے پناہ عقیدت کے نتیجہ میں منظر عام پر آسکی جو مجھے قائد اور اس کی ذات سے ہے۔ میں اپنے پیارے قائد کے حضور یہ حقیر سا نذرانہ پیش کر رہا ہو اور گو میں عمر کے ناطے تحریک پاکستان میں عملی حصہ نہ لے سکا لیکن ذہنی طور پر میں تحریک پاکستان کو دنیا کی عظیم تحریکات کا ایک منفرد حصہ تصور کرتا ہوں اور اسی جذبے نے مجھے اس کتاب کو تالیف کرنے پر مجبور کیا ہے۔

اس کتاب کی تیاری کے سلسلے میں ان تمام کرم فرماؤں اور ہمدردوں کا شکر گذار ہوں جنہوں نے میری معاونت فرمائی خصوصاً جناب رضوان صاحب کا انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے میری معاونت فرمائی۔ اس کے علاوہ افتخار عارف، جناب ابراہیم جلیس، جناب عبید اللہ علیم، جناب نثار احمد زبیری۔ اور جناب عارف رانا کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے میری حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے نہ صرف گراں قدر خیالات سے نوازا بلکہ، عملاً میری ہمت افزائی فرمائی۔ آخر میں میں مدبر رضوی صاحب کا ذاتی طور پر احسان مند ہوں کہ انھوں نے اس کی تیاری کے سلسلے میں اپنی ذاتی لائبریری سے نادر کتب کے استفادہ کی اجازت عطا فرمائی۔ جس کے نتیجے میں میں یہ کتاب تالیف کرنے میں کامیاب ہو سکا۔

ذکی احمد ذکی

۱۲ اگست ۱۹۷۶ء

## جناب ابراہیم جلیس

ہمارے ملک کے نوجوان محقق ذکی احمد ذکی تازہ ترین معلومات آفریں تالیف جو یوں اسم بہ بامسمیٰ ہے کہ اس کا نام ہی معلومات ہی معلومات ہے۔عوام میں اتنی مقبول ہوئی کہ صرف چند مہینوں کے مختصر ترین عرصے میں اس کے متعدد ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ بک گئے۔

ذکی احمد ذکی معلومات کے سمندر کے بڑے ماہر شناور اور کامیاب خواص ہیں۔ انھوں نے پہلی کامیابی کے بعد ایک اور اہم کارنامے کا بیڑہ اٹھایا ہے۔یعنی سال ۱۹۷۶ء قائداعظم کا سال ہے اس لئے قائداعظم اور پاکستان کے بارے میں ساری ضروری معلومات کو اتنی دوڑ دھوپ جگر سادی اور عرق ریزی سے جمع کر رہے ہیں کہ مجھے یقین ہے کہ ان کی دوسری تالیف بجائے خود قائداعظم اور پاکستان دونوں کی بڑی مستند سوانح عمری بن سکے گی اور قائداعظم اور پاکستان کے بارے میں حوالہ جاتی کتب (ریفرنس بک) کے شیلف میں نہایت اہم جگہ حاصل کر سکے گی۔

# جناب عبیداللہ علیم

ذکی احمد ذکی کا نام کوئز کے ماہرین میں سرفہرست آتا ہے اور انھوں نے یہ مقام بڑی محنت اور شغف سے حاصل کیا ہے۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ قدرت نے انہیں پیدا ہی اس کام کے لئے کیا ہے۔ انکے فطری میلان نے انہیں نئے نئے میدانوں میں کام کرنے کا حوصلہ بخشا ہے۔ قائداعظم کوئز کا کام یقیناً ایک نازک کٹھن اور جانگداز کام تھا اور ایسے کام عموماً انجمنیں سرانجام دیتی ہیں اور لاکھوں کے ہیر پھیر سے گذرتی ہیں۔ ذکی احمد نے تنہا یہ کام کیا ہے اور اتنی کاوش سے کیا ہے کہ شاید ہی کوئی بات ایسی ہو جو قائداعظم کے بارے میں سوال بننے سے رہ گئی ہو انکے سوالوں میں ذہانت انوکھا پن ہے اور جوابوں میں تحقیق اور سادگی ہے زندہ قوموں کے زندہ افراد اپنے محسنوں کو محبت اور عقیدت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور ان کے نقوش قدم کو مشعل راہ بنائے رکھتے ہیں۔ ذکی احمد نے قائداعظم کی یادوں کو تازہ کر کے احساس دلایا ہے کہ زندہ ماضی سے پیمان باندھے بغیر نہ ہم حال میں زندہ رہ سکتے ہیں نہ مستقبل کی طرف دیکھ سکتے ہیں۔ ذکی احمد ذکی کی یہ کتاب قائداعظم کے بارے میں ایک جامع مکمل اور اہم دستاویز ہے اور ذکی احمد ذکی کو اس سلسلے میں قومی سطح پر مبارکباد دینا چاہیئے۔

# جناب نثار احمد زبیری

## (مدیر اخبار جہاں)

پاکستان کی قدر و قیمت سمجھنے کے لئے پہلی ضرورت یہ ہے کہ قائداعظم کی زندگی کا گہری نظر سے مطالعہ کیا جائے قائداعظم ہماری قومی تحریک کے روح رواں تھے اور اس سے الگ ہٹ کر بھی انکی زندگی ایک جفاکش، ایماندار اور اصول پرست انسان کی زندگی تھی۔ اپنے اصولوں کو استعمال کر کے ہی انھوں نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔ آج اگر ہم پاکستان کی حفاظت کے لئے کمر بستہ ہونا چاہتے ہیں تو ہمیں انکے اصول اپنا نے ہوں گے اور ایسا ہی وقت ہوسکتا ہے جب ہم ان کی با مقصد و بھرپور زندگی کے تمام گوشوں سے واقف ہوں ذکی احمد ذکی صاحب نے اس اہم ضرورت کے پیش نظر بڑی کاوش سے سوال و جواب کی شکل میں یہ کتاب ''قائداعظم کوئز'' مرتب کی ہے۔ یہ کتاب قائداعظم کی زندگی سے واقفیت کے لیے ایک بہت کامیاب ذریعہ ثابت ہوسکتی ہے۔ کیونکہ اس دور میں معلومات عامہ کیمقابلوں کے ذریعہ لوگوں کو معلومات کا خوگر بنانا آسان ہوگیا ہے۔

امید ہے کہ ذکی صاحب کی یہ کوشش نہایت کامیاب ثابت ہوگی اور وہ مستقبل میں اس قسم کی مزید کتابیں مرتب کر کے قومی خدمت انجام دیتے رہیں گے۔

# جناب عارف رانا

جو جتنا جانتا ہے وہ اتنا ہی بڑا انسان ہوتا ہے۔ علم وہ روشنی ہے جس کے ذریعہ انسان زندگی کے منازل طے کرتا ہے۔ ذکی احمد ذکی کو نہ جانے یہ ضد کیوں ہوگئی ہے کہ ان کے وطن کا ہر شخص بڑا انسان ہوگا۔ وہ وقفے وقفے کے بعد علم کی شمع ہاتھ میں لئے آتے ہیں اور دوسروں کو دعوت دیتے ہیں کہ اس روشنی میں چلو۔ ان کا خیال ہے کہ ہر ذی شعور انسان کو اپنے گردوپیش، اپنی تاریخ اور اپنے اسلاف کے بارے میں علم ہونا چاہیے۔ وہ قومیں جو روشن دماغ ہوتی ہیں بڑی ہوا کرتی ہیں اور ذکی احمد ذکی بھی اسی قوم کا ایک فرد ہونا چاہتا ہے۔ جو بڑی ہوں۔ چنانچہ دن رات عرق ریزی کرتا ہے نہ جانے کہاں کہاں سے معلومات جمع کرتا ہے پوری تحقیق اور جانچ پڑتال کے بعد ایک کتاب کی صوررت میں خود مشکل میں پڑ کر دوسروں کے لئے علم کو آسان بنا دیتا ہے۔ چنانچہ انکی یوں تو بہت ساری کتابیں منظر عام پر آئیں مثلاً معلومات ہی معلومات ادبی معلومات گیارہ سہ گیارہ معلومات لیکن اس بار جو انکی کتاب قائد اعظم کوئز جو اس وقت آپ کے زیر مطالعہ ہے انتہائی محنت، جدوجہد اور پرخلوص کوشش کے ساتھ ترتیب دی ہوئی ہے۔ اس میں انکے اسی جذبے کی جھلکیاں نظر آئیں گی جن کا ذکر کر چکا ہوں کہ قوم کے ہر فرد کو اپنے قائدین، اپنے ہیروز کے بارے میں بخوبی علم ہونا چاہیے تاکہ اسے یہ معلوم ہو سکے کہ اس کی اس سرزمین کی خاطر جس کی آزاد فضا میں وہ زندہ ہے کتنی قربانیاں دینی پڑیں اور وہ لوگ کتنے عظیم تھے جو دوسروں کی خاطر زندہ رہے جن کو نہ صرف اپنے ہی سلام کرتے ہیں بلکہ غیر بھی ان کی اس عظمت کے معترف ہیں۔ میں ذکی احمد ذکی کو اتنا نیک جذبہ رکھنے پر اور علم کی شمعیں روشن کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

☆

۱۔قائداعظم عیسوی کیلنڈر کے مطابق ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء کو پیدا ہوئے تھے، بتائیے ہجری کیلنڈر کے مطابق کیا تاریخ اور سن تھے۔

۲۔زرا یہ تو بتائیے کہ قائداعظم کس دن پیدا ہوئے تھے۔

۳۔بتائیے لفظ جناح کے لغوی معٰی کیا ہیں۔

۴۔قائداعظم نے قانون کی تعلیم کی غرض سے انگلستان کے کس تعلیمی ادارے میں داخلہ لیا تھا۔

۵۔بابائے قوم کے والد کا اسم گرامی بتائیے۔

۶۔کیا آپ کو تحریک خلافت کے ان رہنما کا نام معلوم ہے جن کے انتقال پر قائداعظم کئی گھنٹے تک بے انتہا روئے۔

۷۔بتائیے آزاد کشمیر کے کون سے سابق صدر قائداعظم کے پرائیویٹ سیکرٹری رہ چکے ہیں

۸۔بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے

”میرے ملک کے لئے میرا عزم غیر متزلزل ہے اور میں اپنے ملک کے لئے حصول آزادی کی جدوجہد میں کسی سے ہار نہیں مانوں گا، میں ایک باعمل آدمی ہوں‘

## جوابات

۱۔۸ ذی الحجہ ۱۲۹۳ھ۔

۲۔پیر کے دن

۳۔جناح کے لغوی معنی بازو کے ہیں۔

۴۔لنکران

۵۔جناح پونجا

۶۔مولانا شوکت علی

۷۔کے ایچ خورشید

۸۔۲۸ دسمبر ۱۹۳۹ء کو جامعہ عثمانیہ میں اولڈ بوائز کی ایک تقریب میں۔

☆

۹۔ ذرا یہ تو بتایئے کہ قائداعظم کیا چیز شوق سے کھاتے تھے۔

۱۰۔ حکومت پاکستان نے ۱۹۷۶ء کو قائداعظم کا سال قرار دیا تھا، بتایئے اس سال کی پہلی تقریب کیا تھی۔

۱۱۔ بتایئے قائداعظم نے کراچی کے کن دو تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کی۔

۱۲۔ قائداعظم نے کراچی کے کن دو تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کی۔

۱۳۔ قائداعظم کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے۔

۱۴۔ بتایئے قائداعظم نے لنکزان سے بیرسٹی کا امتحان کتنے سال میں پاس کیا۔

۱۵۔ قائداعظم کو مرکزی قانون ساز اسمبلی کی رکنیت کب ملی

۱۶۔ بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کب کہے تھے۔

''مسلمان جھکنے کے لئے پیدا نہیں ہوا اگر اسے جھکانے کی کوشش کی گئی تو بابر بن جائے گا۔ یہ ٹیپو سلطان کی صورت میں نمودار ہوگا، یہ مر جائے گا لیکن محکومی قبول نہ کرے گا۔

## جوابات

۹۔ سوجی کا حلوہ

۱۰۔ یکم جنوری کو سابق وزیراعظم بھٹو قائداعظم کے مزار پر حاضری دی اور پھول چڑھائے۔

۱۱۔ سندھ مدرسہ اور چرچ مشن اسکول۔

۱۲۔ میٹھی بائی

۱۳۔ دو سال میں

۱۴۔ بمبئی

۱۵۔ ۱۹۰۹ء میں

۱۶۔ اپریل ۱۹۳۸ء کو مسلم لیگ کے اجلاس کلکتہ میں کہے تھے۔

۱۷۔ہوم رول کی تحریک میں قائداعظم کب شامل ہوئے تھے۔

۱۸۔۱۹۱۹ء میں قائداعظم نے مرکزی اسمبلی سے استعفیٰ کیوں دیا تھا۔

۱۹۔بتائیے قائداعظم مسلم لیگ کے رکن سن میں بنے۔

۲۰۔۱۹۳۶ء میں ہاتھی دانت کی ایک جھونپڑی قائداعظم نے اپنے ایک دوست کو دی تھی آپ ان کا نام بتائیے۔

۲۱۔سی ایم ایس اسکول کے رجسٹر میں قائداعظم محمد علی جناح کی تاریخ پیدائش کیا درج ہے۔

۲۲۔قائداعظم نے کس رپورٹ کو نامنظور کرتے ہوئے چودہ نکات پیش کئے تھے۔

۲۳۔بتائیے قائداعظم نے قانون کی تعلیم حاصل کی تو اس وقت انکی عمر کتنی تھی۔

۲۴۔قائداعظم نے درج ذیل الفاظ کب کہے تھے۔

''تجدید ملی کا سب سے پرامید پہلو یہ ہے کہ ہندو مسلم مشترکہ فیصلے کے لئے متحد ہو رہے ہیں۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۱۷۔۱۹۱۷ء | ۱۸۔رولٹ ایکٹ کے خلاف احتجاج کے طور پر |
| ۱۹۔۱۹۱۳ء میں | ۲۰۔اے بی اکرم |
| ۲۱۔۲۰ اکتوبر ۱۸۷۵ء | ۲۲۔نہرو رپورٹ |
| ۲۳۔۱۸ اور ۱۹ سال کے درمیان | |
| ۲۴۔۱۹۱۶ء لکھنو میں | |

☆

۲۵۔ ۱۹۱۳ء میں کن دو اصحاب نے آپ کو مسلم لیگ میں شمولیت پر آمادہ کیا تھا۔

۲۶۔ جناح میموریل ہال کس شہر میں ہے۔

۲۷۔ ذرا یہ تو بتایئے کہ قائداعظم کی تحریر و تقریر میں انگریزی زبان کے کس مشہور شاعر کے اقتباسات ملتے ہیں۔

۲۸۔ بتایئے قائداعظم مسلم لیگ اور کانگرس کے علاوہ اور کس لیگ کے رکن تھے۔

۲۹۔ قائداعظم پاکستان کے نامزد گورنر جنرل کی حیثیت سے کس تاریخ کو کراچی تشریف لائے تھے۔

۳۰۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۰ء کو قائداعظم کی کونسی سالگرہ تھی

۳۱۔ بتایئے قائداعظم محمد علی جناح کو کس کے مشورے سے ان کے والد نے اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان بھیجا تھا۔

۳۲۔ یہ الفاظ بابائے قوم کب فرمائے تھے۔

''میں ایک باعمل آدمی ہوں، مجھے عملی سیاست میں حصہ لیتے ہوئے پچیس سال سے زیادہ عرصہ ہو چکا ہے۔''

## جوابات

۲۵۔ مولانا محمد علی جوہر اور سید وزیر حسین

۲۶۔ بمبئی میں

۲۷۔ ولیم شکسپیر

۲۸۔ ہوم رول لیگ

۲۹۔ ۷ اگست ۱۹۴۷ء

۳۰۔ ۶۵ سالگرہ

۳۱۔ فریڈرک کرافٹ (والد کے دوست)

۳۲۔ ۲۸ دسمبر ۱۹۳۹ء کو جامعہ عثمانیہ میں اولڈ بوائز کی دعوت پر تقریر کرتے ہوئے کہے تھے۔

☆

۴۳۔ بتایئے قائداعظم کس سن میں کانگریسی وفد کے قائد کی حیثیت سے لندن گئے تھے۔

۴۴۔ قائداعظم کی پہلی اہلیہ کا نام بتایئے۔

۴۵۔ قائداعظم نے بیرسٹری کا امتحان کس سن میں پاس کیا تھا۔

۴۶۔ قائداعظم نے ۱۹۱۶ء میں کانگریس اور مسلم لیگ کو ایک دوسرے کے قریب لانے کی مخلصانہ کوشش کی بتایئے اس کوشش کے نتیجہ میں کیا معاہدہ ہوا تھا۔

۴۷۔ بتایئے ۱۹۱۰ء میں قائداعظم کس کونسل کے رکن منتخب ہوئے تھے۔

۴۸۔ ذرا یہ بتایئے کہ قائداعظم کراچی سے شائع ہونے والے کس اخبار کے بانی ہیں۔

۴۹۔ ۳ جون ۱۹۴۷ء کو ہندوستانی اعلان کے مطابق قائداعظم نے ہندوستان کے کس ریڈیو سے تقریر کی تھی۔

۵۰۔ ذرا یہ تو بتایئے کہ یہ الفاظ قائداعظم نے کب فرمائے۔

''پاکستان اسی دن وجود میں آ گیا تھا جب ہندوستان میں پہلا ہندو مسلمان ہوا تھا یہ اس زمانے کی بات ہے جب یہاں مسلمانوں کی حکومت بھی قائم نہیں ہوئی تھی۔

## جوابات

۴۳۔ ۱۹۱۴ء میں

۴۴۔ ایمی بائی

۴۵۔ ۱۸۹۶ء میں

۴۶۔ میثاق لکھنو

۴۷۔ برطانوی ہند کی اپریک کونسل

۴۸۔ روزنامہ ڈان

۴۹۔ آل انڈیا ریڈیو دہلی سے تقریر کی تھی۔

۵۰۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۸ مارچ ۱۹۴۴ء کو کہے تھے۔

☆

۴۱۔ کیا یہ درست ہے کہ قائداعظم پاکستان کے پہلے چیف سکاؤٹ تھے۔

۴۲۔قیام پاکستان سے قبل آخری پیغام عید الفطر قائداعظم نے کس تاریخ کو اسلامیان ہند کے نام دیا تھا۔

۴۳۔بتایئے قائداعظم وکالت پڑھنے لندن کب تشریف لے گئے تھے۔

۴۴۔قائداعظم قیام پاکستان کے بعد کسی شخصیت کے بارے میں یہ کہا کرتے تھے کہ یہ میرا دایاں ہاتھ ہے۔

۴۵۔بتایئے قائداعظم اورامریکہ کے صدرووڈرولسن میں کونسی بات مشترک تھی۔

۴۶۔کیا قائداعظم کی شادی ایمی بائی سے بیرسٹری کا امتحان پاس کرنے کے بعد ہوئی تھی۔

۴۷۔بتایئے قائداعظم نے کانگرس کے کس اجلاس میں پہلی تقریر کی تھی۔

۴۸۔بتایئے قائداعظم نے یہ پیغام عیدالضحیٰ پر کس تاریخ اورکس سن میں دیا تھا۔

''ہم جتنی زیادہ تکلیفیں اورقربانیاں دینا سیکھیں گے اتنا ہی زیادہ پاکیزہ، خالص اورمضبوط قوم کی حیثیت میں ابھریں گے۔جیسے سونا آگ میں تپ کر کندن بن جاتا ہے۔

## جوابات

۴۱۔جی ہاں	۴۲۔۲۹اگست ۱۹۴۱ء

۴۳۔۱۸۹۲ء	۴۴۔لیاقت علی خان

۴۵۔دونوں نے چودہ نکات پیش کیے

۴۶۔جی نہیں دسویں جماعت پاس کرنے کے بعد۔

۴۷۔۱۹۰۶ء کے کلکتہ اجلاس میں	۴۸۔۲۴اکتوبر ۱۹۴۷ء

☆

۴۹۔ قائداعظم کے ساتھ ہمیشہ دو چیزیں رہتی تھیں ایک جناح کیپ تھی بتایئے دوسری کیا چیز تھی۔

۵۰۔ بتایئے قائداعظم نے مسلم لیگ کی صدارت کب سنبھالی تھی۔

۵۱۔ بتایئے سب سے پہلے جناح کیپ کس نے پہنی تھی۔

۵۲۔ بتایئے گجراتی زبان مین لفظ جناح کے کیا معنی ہیں۔

۵۳۔ سر فریڈرک کون تھے۔

۵۴۔ بتایئے قائداعظم کس انگریزی شاعر سے بےحد مداح تھے۔

۵۵۔ بتایئے قائداعظم نے میٹرک کا امتحان کتنے سال کی عمر میں پاس کیا۔

۵۶۔ اتاترک کو بھی ترکی کو زندہ کرنے کے لیے چودہ سال لگ گئے تھے ہم تو دوسو سال کے غلام ہیں ہم آزاد ہونا چاہتے ہیں اپنی حکومت قائم کرنے کے لیے علاقہ مانگتے ہیں جس میں ہم اسلامی عدل و انصاف کی تاریخ دہرائیں گے۔ بتایئے قائداعظم نے لاہور ٹاؤن ہال گراونڈ میں مسلم خواتین کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کب کہی۔

## جوابات

۴۹۔ عدسہ یا اکا

۵۰۔ ۱۹۳۶ء میں

۵۱۔ نواب اسمٰعیل خاں

۵۲۔ دبلا پتلا

۵۳۔ کراچی کے مشہور تاجر تھے اور قائداعظم کے والد کے دوست تھے۔

۵۴۔ ولیم شکسپئر

۵۵۔ سولہ سال کی عمر میں

۵۶۔ ۲۱ نومبر ۱۹۴۳ء

☆

۵۷۔قائداعظم نے ۱۹۲۹ء میں جو نکات پیش کیے تھے انھیں کیا کہا جاتا ہے۔

۵۸۔۱۹۱۶ء میں قائداعظم نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کی صدارت فرمائی تھی بتائیے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۵۹۔بتائیے قائداعظم کی سیاسی زندگی کا آغاز ۱۹۰۶ء میں کس شہر سے ہوا تھا۔

۶۰۔کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائداعظم نے سائمن کمیشن کا بائیکاٹ کس سن میں کیا تھا۔

۶۱۔بتائیے قائداعظم نے کانگریس سے استعفیٰ کس سن میں دیا تھا۔

۶۲۔قائداعظم محمد علی جناح جس مکان میں پیدا ہوئے اسے کیا کہتے ہیں۔

۶۳۔قائداعظم نے اپنے مشہور چودہ نکات مسلم لیگ کے کس اجلاس میں کب پیش دیے تھے صرف سن بتائیے۔

۶۴۔''ہندوستان کا جب پہلا فرد مسلمان ہوا تو وہ پہلی قوم کا فرد نہیں رہا وہ ایک جداگانہ قوم کا فرد ہو گیا۔ ہندوستان میں ایک نئی قوم وجود میں آ گئی'' بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۵۷۔چودہ نکات | ۵۸۔لکھنؤ |
| ۵۹۔کلکتہ سے | ۶۰۔۱۹۲۹ء |
| ۶۱۔۱۹۳۰ء | ۶۲۔وزیر مینشن |
| ۶۳۔۱۹۲۸ء | ۶۴۔مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۸ مارچ |

۱۹۴۴ء کو کہے تھے۔

☆

۶۵۔ناجی جعفر کون تھے۔

۶۶۔بتائیے قائداعظم کو کس سن میں عارضی پریذیڈنسی مجسٹریٹ کا عہدہ ملا تھا۔

۶۷۔قائداعظم کی دوسری رفیقہ حیات کون تھیں۔

۶۸۔۱۹۳۹ء میں قائداعظم کتنے دن کوئٹہ میں رہے تھے۔

۶۹۔بتائیے قائداعظم محمد علی جناح کا یوم پیدائش قومی سطح پر سب سے پہلے کس سن میں منایا گیا۔

۷۰۔۳ جون ۱۹۴۷ء کو قائداعظم نے آل انڈیا ریڈیو سے جو تقریر کی تھی اس کے آخری الفاظ کیا تھے۔

۷۱۔۱۵ نومبر ۱۹۴۳ء کو قائداعظم نے کس فیڈریشن کی صدارت فرمائی تھی۔

۷۲۔"دہلی کے شہریو! میں تم کو الوداع کہتا ہوں، تقریباً یہاں ہر فرقے کے کتنے ہی لوگ میرے دوست ہیں، میں ہر شخص سے خلوص دل سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس تاریخی شہر میں امن امان سے رہیں" بتائیے یہ الفاظ قائداعظم نے کب کہے تھے۔

## جوابات

۶۵۔یہ بچپن میں قائداعظم کے ساتھ گولیاں کھیلا کرتے تھے۔

۶۶۔۱۹۰۰ء کے اوائل میں — ۶۷۔رتن بائی

۶۸۔پچیس دن — ۶۹۔۱۹۴۰ء میں

۷۰۔پاکستان زندہ باد۔ ۷۱۔آل انڈیا مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن۔

۷۲۔پاکستان روانہ ہوتے وقت ۷ اگست ۱۹۴۷ء کو کہے تھے۔

☆

۷۳۔ جب محمد علی جناح کے والدین ہجرت کر کے کراچی آئے تھے اس وقت کراچی کی آبادی کتنی تھی۔

۷۴۔ بتایئے ۱۹۰۶ء میں قائداعظم کس کے پرائیویٹ سیکرٹری بنے تھے۔

۷۵۔ قیام پاکستان کے بعد پہلی عیدالاضحیٰ پر قائداعظم نے قوم کے نام عید کا پیغام کس تاریخ کو دیا تھا۔

۷۶۔ قائداعظم نے ۶ نومبر ۱۹۴۶ء کو صوبہ بہار کے لئے ایک امدادی کمیٹی بنائی تھی اور ایک فنڈ کھولا تھا بتایئے اس فنڈ میں قائداعظم نے اپنی طرف سے کتنی رقم دی تھی۔

۷۷۔ مسلم لیگ کے احیاء کے بعد اس کا پہلا اجلاس قائداعظم کی صدارت میں کس سال ہوا تھا۔

۷۸۔ قائداعظم کی شادی رتن بائی سے کس سال ہوئی تھی۔

۷۹۔ قائداعظم نے گوکل داس تیج پرائمری اسکول میں تعلیم پائی تھی بتایئے یہ اسکول کہاں ہے۔

۸۰۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔

”مجھے پوری امید ہے کہ آپ کے تعاون اور امداد سے ہم اس دستور ساز اسمبلی کو دنیا کے لئے ایک مثال بنا دیں گے۔“

## جوابات

۷۳۔ پچاس ہزار نفوس پر مشتمل ایک چھوٹا سا قصبہ تھا۔

۷۴۔ دادا بھائی نوروجی۔ ۷۵۔ ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء

۷۶۔ پانچ ہزار روپے۔ ۷۷۔ ۱۹۳۷ء

۷۸۔ ۱۹۱۸ء میں۔ ۷۹۔ بمبئی میں

۸۰۔ دستور ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ۱۱ اگست ۱۹۴۷ء کو کہے تھے۔

☆

۸۱۔ قائداعظم کے بارے میں یہ کس ہندو لیڈر نے کہا تھا۔ ''اگر قائداعظم گورنر جنرل ہو کر کانٹوں کا تاج پہن رہے ہیں تو بلا شبہ وہ ہندوستان کے سب سے پہلے خادم حکمران نہیں۔''

۸۲۔ ۱۹۱۳ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں قائداعظم نے شرکت فرمائی، بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۸۳۔ قائداعظم کے والدمحترم جناح پونجا کے سات بچے تھے ان کے نام بتایئے۔

۸۴۔ محمد علی جناح جس مکان میں پیدا ہوئے تھے وہ سڑک کیا کہلاتی ہے۔

۸۵۔ بتایئے قائداعظم کتنے سال کی عمر میں کراچی کے ایک اسکول میں داخل ہوئے تھے۔

۸۶۔ قائداعظم کی دوسری رفیقہ حیات رتن بائی کس کی صاحبزادی تھیں۔

۸۷۔ بتایئے قائداعظم کو سب سے پہلے قائداعظم کا خطاب کس شخصیت نے دیا تھا۔

۸۸۔ ''ہم نہ برطانیہ کو مسلمانوں پر حکومت کرنے دیں گے نہ گاندھی اور کانگرس کو کرنے دیں گے، ہم دوا‎ؤں کے اثرات سے آزاد ہونا چاہتے ہیں'' قائداعظم قائداعظم نے یہ الفاظ ۲۰ فروری ۱۹۴۰ء کو مسلم لیگ کے اجلاس میں کہے بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

۸۱۔ گاندھی جی نے۔ ۸۲۔ آگرہ میں

۸۳۔ رحمت بائی، مریم بائی شیریں بائی، احمد علی بندے علی، فاطمہ جناح اور قائداعظم ۸۴۔ نیونہام روڈ۔ ۸۵۔ چھ سال کی عمر میں

۸۶۔ بمبئی کے مشہور سیاسی لیڈر مسٹر ڈین شاہ پٹیٹ کی صاحبزادی تھیں جن سے مسلمان بننے کے بعد قائداعظم نے شادی کی۔

۸۷۔ مولانا مظہرالدین ۸۸۔ دہلی میں۔

☆

۸۹۔۲۳ جنوری ۱۹۴۸ء کو قائداعظم نے پاکستان کے پہلے بحری جہاز کا افتتاح کیا تھا آپ اس جہاز کا نام بتایئے۔

۹۰۔ قائداعظم کی قیادت میں سائمن کمیشن کا بائیکاٹ کیا گیا تھا بتایئے کیوں۔

۹۱۔قیام پاکستان کے فوری بعد عیدالفطر کا پیغام قائداعظم نے کس تاریخ کو دیا تھا۔

۹۲۔ بتایئے قائداعظم کو ایڈووکیٹ کی حیثیت سے کس سال اندارج ہوا تھا۔

۹۳۔بابائے قوم کے تین بہت ہی مشہور ضرب المثل ہیں جو ان کی اکثر تقاریر میں موجود ہیں بتایئے وہ تین ضرب المثل کون سے ہیں۔

۹۴۔ ''ہمارا کوئی دوست نہیں نہ ہمیں انگریز پر بھروسہ ہے نہ ہندو بنیے پر ہم دونوں کے خلاف جنگ کریں گے خواہ آپس میں متحد کیوں نہ ہو جائیں۔قائداعظم نے یہ الفاظ ۲۱ نومبر ۱۹۴۵ء کو کس شہر میں تقریر کرتے ہوئے کہے تھے۔

## جوابات

۸۹۔دلاور ۹۰۔کیونکہ اس میں کوئی بھی ممبر ہندوستانی نہ تھا۔

۹۱۔۱۸ اگست ۱۹۴۷ء ۹۲۔۱۹۰۶ء

۹۳۔ایمان،اتحاد،نظم۔ ۹۴۔الامان

۹۵۔قائداعظم کے پرانے ہم جماعت تھے جنھوں نے قائداعظم کو ملازمت کی پیش کش کی تھی۔

۹۶۔پشاور

☆

۹۷۔جب قائد اعظم قانون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے انگلستان جانیوالے جہاز میں سوار ہوئے تھے تو اس وقت آپ کس رنگ کے سوٹ پہنے ہوئے تھے۔

۹۸۔بتایئے کراچی کے کس کالج کی بنیاد قائداعظم نے رکھی تھی۔

۹۹۔۱۹۲۱ءمیں قائداعظم نے کانگریس سے استعفیٰ کس مقام پر دیا تھا۔

۱۰۰۔ان رفیقہ حیات کا نام بتایئے جن سے قائداعظم کے ایک لڑکی ہے۔

۱۰۱۔کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم مسلم لیگ کا اسلحہ خانہ کسے کہتے تھے۔

۱۰۲۔۲۵دسمبر ۱۹۴۰ءکو قائداعظم کی عمر کتنی ہوگی۔

۱۰۳۔برطانیہ کے کس وزیراعظم نے سب سے پہلے یہ اعلان کیا کہ "پاکستان کے گورنر جنرل قائداعظم محمد علی جناح ہیں۔

۱۰۴۔بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کب کہے تھے۔

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ منتشر ہو گئے تو گر پڑو گے اور متحد ہو گئے تو کھڑے رہو گے۔

## جوابات

۹۷۔زرد رنگ کا سوٹ پہنے ہوئے تھے۔ ۹۸۔ایس ایم کالج

۹۹۔ناگ پور۔ ۱۰۰۔رتن بائی

۱۰۱۔مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔ ۱۰۲۔۶۴سال

۱۰۳۔مسٹر ایٹلی۔ ۱۰۴۔ڈھاکہ یونیورسٹی کے جلسہ تقسیم اسناد کے موقع پر ۲۴مارچ ۱۹۴۸ءکو کہے تھے۔

☆

۱۰۵۔ مسلمان قوم ہیں اقلیت نہیں'' قائد اعظم نے یہ بات ۱۰ مارچ ۱۹۴۱ء کو کس جلسہ میں تقریر فرماتے ہوئے کہی۔

۱۰۶ء قائد اعظم نے پہلی مرتبہ مسلم لیگ کے اجلاس کی صدارت کب کی۔

۱۰۷۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۵ء کو قائد اعظم کی کونسی سالگرہ منائی گئی تھی۔

۱۰۸۔ قائد اعظم نے ہندوستان میں ایک کلب کی بھی رکنیت حاصل کی تھی، بتایئے یہ کونسا تھا۔

۱۰۹۔ ۲۰ نومبر ۱۹۴۰ کو قائد اعظم بذریعہ ہوائی جہاز کہاں تشریف لے گئے تھے۔

۱۱۰۔ قائد اعظم کی اپیل پر یوم نجات کس تاریخ اور کس سن میں منایا گیا۔

۱۱۱۔ کیا قائد اعظم کی دونوں رفیقہ حیات کا انتقال ان کی زندگی میں ہوا تھا۔

۱۱۲۔ بتایئے قائد اعظم نے یہ الفاظ کس ملز کا افتتاح کرتے ہوئے کہے تھے۔

''مجھے امید ہے کہ آپ اپنے کارخانے کی منصوبہ بندی کا کارکنوں کے لئے مناسب رہائشی جگہ اور دیگر سہولتوں کا خیال رکھیں گے۔

## جوابات

۱۰۵۔ انجمن اتحاد طلباء مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

۱۰۶۔ ۱۹۱۶ء میں

۱۰۷۔ سترویں سالگرہ

۱۰۸۔ یہاں ڈرامے وغیرہ کھیلے جاتے تھے۔

۱۰۹۔ پشاور۔

۱۱۰۔ ۲۴ دسمبر ۱۹۳۹

۱۱۱۔ جی ہاں

۱۱۲۔ ولیکا ٹیکسٹائل ملز۔

☆

۱۱۳۔ قائداعظم نے اپنے آخری ایام حیات کس مقام پر گزارے۔

۱۱۴۔ بتایئے قائداعظم نے پہلی نماز عید قیام پاکستان کے بعد کہاں ادا کی تھی۔

۱۱۵۔ قرارداد پاکستان کے بعد قائداعظم کی سالگرہ کب منائی گئی۔

۱۱۶۔ قائداعظم نے جان مارلے کی کس کتاب کو نوجوان کو بار بار پڑھنے کو مشورہ دیا تھا۔

۱۱۷۔ بہن میرے لئے روشنی اور امید کی کرن رہی ہے۔" بتایئے یہ جملہ قائداعظم نے اپنی کس بہن کے لئے کہا تھا۔

۱۱۸۔ بتایئے قائداعظم نے ہوم رول لیگ سے استعفیٰ کیوں دیا تھا۔

۱۱۹۔ ۱۲ نومبر ۱۹۳۰ء کی پہلی گول میز کانفرنس ہوئی تھی اس میں قائداعظم بھی شامل تھے آپ یہ بتایئے کہ اس کے مندوبین کی تعداد کتنی تھی۔

۱۲۰۔ بتایئے قائد اعظم نے یہ الفاظ کہاں کہے تھے۔ "زندگی کے ہر شعبے میں کیریکٹر کی بلندی ضروری چیز ہے آپ کے احساس خودی و کردار اعلیٰ کے ساتھ ساتھ یہ صفت ہونا ضروری ہے کہ آپ دنیا میں کسی چیز کے لئے بک نہ جائیں۔

## جوابات۔

۱۱۳۔ زیارت ۱۱۴۔ کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر ادا کی۔

۱۱۵۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۰ء ۱۱۶۔ On Compromise

۱۱۷۔ محترمہ فاطمہ جناح۔

۱۱۸۔ کیونکہ گاندھی اس کے سربراہ منتخب ہوئے تھے اور اس کا نام بدل کر سوراج رکھا تھا۔

۱۱۹۔ ۵۸ مندوبین شامل ہوئے تھے۔

۱۲۰۔ اسلامیہ کالج لاہور میں جلسہ تقسیم اسناد کی صدارت کرتے ہوئے۔

☆

۱۲۱۔ قائداعظم ۷ اگست ۱۹۴۷ء کو کراچی کس شہر سے آئے تھے۔

۱۲۲۔ کیا تیسری گول میز کانفرنس میں قائداعظم شریک ہوئے تھے۔

۱۲۳۔ قائداعظم نے قوم کے نام آخری پیغام کس مقام سے دیا تھا۔

۱۲۴۔ ''ماؤنٹ پلیزنٹ'' کیا تھی۔

۱۲۵۔ بتایئے قائداعظم نے ہوم رول لیگ سے استعفیٰ اپنے کتنے ساتھیوں سمیت دیا تھا۔

۱۲۶۔ قائداعظم کی کونسی بہن آپ کے ساتھ ۷ اگست ۱۹۴۷ء کو کراچی تشریف لائی تھیں۔

۱۲۷۔ قرارداد پاکستان کے اجلاس کے کچھ عرصہ بعد قائداعظم نے یہ کس سے کہا تھا کہ ''ہمارے درمیان اقبال موجود نہیں لیکن اگر وہ زندہ ہوتے تو آج دیکھ لیتے کہ ہم نے بالکل وہی کیا جس کے وہ آرزومند تھے۔

۱۲۸۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔ مسلم لیگ نے ۱۶ اگست سارے ہندوستان میں مسلم عوام کی کل ہند مسلم لیگ کونسل کی تجویز سمجھانے کے لئے مقرر کی ہے تاکہ مسلمان صورتحال سے اچھی طرح واقف ہوجائیں تاکہ وہ آنیوالے حالات کے مقابلے کے لئے تیار ہوجائیں۔

## جوابات۔

| | |
|---|---|
| ۱۲۱۔ دہلی سے۔ | ۱۲۲۔ جی نہیں |
| ۱۲۳۔ زیارت۔ | ۱۲۴۔ مسٹر جناح کی بمبئی والی کوٹھی کا نام تھا۔ |
| ۱۲۵۔ ۱۹ ساتھیوں سمیت | ۱۲۶۔ محترمہ فاطمہ جناح |
| ۱۲۷۔ مطلوب احسن سید | ۱۲۸۔ یوم اقدام بالراست کے موقعہ پر۔ |

☆

۱۲۹۔ پنجاب پاکستان کا سنگ بنیاد ہے۔'' بتایئے یہ بات قائد اعظم نے لاہور اسمبلی چیمبر میں پنجاب لیگ پارٹی کے اجلاس میں کب کہی تھی۔

۱۳۰۔ ۳۰ مارچ ۱۹۴۶ء کو دہلی میں لیاقت علی خاں کی کوٹھی گل رعنا میں کل ہند مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا جو اجلاس ہوا تھا اس کی صدارت کس نے کی تھی۔

۱۳۱۔ قائد اعظم کی دوسری رفیقہ حیات رتن بائی کا انتقال کس سن میں ہوا تھا۔

۱۳۲۔ قائد اعظم کی دوسری رفیقہ حیات رتن بائی کا انتقال کس سن میں ہوا تھا۔

۱۳۳۔ بتایئے یہ اعلان کس تاریخ کو ہوا تھا کہ قائد اعظم پاکستان کے گورنر جنرل ہوں گے۔

۱۳۴۔ بتایئے قائد اعظم مجسٹریٹ کے عہدہ پر کتنے عرصے فائز رہے۔

۱۳۵۔ بتایئے قائد اعظم کس سن میں بمبئی ہائیکورٹ کے اڈوکیٹ ہوئے تھے۔

۱۳۶۔ بتایئے قائد اعظم نے درج ذیل الفاظ کہاں کہے تھے۔

''ہم پاکستان لے کر رہیں گے دنیا کی کوئی طاقت ایسی نہیں جو ہمیں پاکستان کے حق سے محروم کر سکے پاکستان کے بغیر مسلمانوں کے لئے صرف موت ہے۔''

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۱۲۹۔ ۲۰ مارچ ۱۹۴۶ء کو۔ | ۱۳۰۔ قائد اعظم نے |
| ۱۳۱۔ ۱۹۲۹ء میں | ۱۳۲۔ ۱۲ اگست ۱۹۴۸ء |
| ۱۳۳۔ ۱۱ جولائی ۱۹۴۷ء۔ | ۱۳۴۔ چھ ماہ |
| ۱۳۵۔ ۱۹۰۶ء میں | ۱۳۶۔ کلکتہ میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔ |

☆

۱۳۷۔ قائداعظم کس ماہ اور سن میں چرچ مشن اسکول میں داخل ہوئے تھے۔

۱۳۸۔ بتائیے قائداعظم کے سب سے چھوٹے بھائی کون سے تھے۔

۱۳۹۔ لکھنؤ کے اجلاس منعقدہ ۱۹۳۷ء میں قائداعظم نے جو صدارتی خطبہ دیا تھا۔ اس صدارتی خطبہ کو ایک کانگریسی رہنما نے اعلان جنگ سے خطاب دیا تھا آپ اس ہندو رہنما کا نام بتائیے۔

۱۴۰۔ ۱۰ جولائی ۱۹۴۸ء کو قائداعظم نے کوئٹہ میں کس کے استقبالیہ جلسے سے خطاب کیا تھا۔

۱۴۱۔ بتائیے ڈان اخبار کے وقت اس کے کل کتنے حصہ دار تھے نام بھی بتائیے۔

۱۴۲۔ بتائیے قائداعظم کے چودہ نکات میں صوبہ سرحد اور بلوچستان کے لئے کیا مطالبہ تھا۔

۱۴۳۔ بتائیے قائداعظم اسٹیٹ بینک کا افتتاح کرنے کس کار میں گئے تھے۔

۱۴۴۔ ”کانگریسی مطالبات تسلیم کرنے کا مطلب اپنی موت کے حکم نامہ پر دستخط کرنا ہے۔ جسے میں پسند نہیں کرتا۔“ قائداعظم نے یہ بات ۲۱ نومبر ۱۹۴۶ء کو ایک پریس کانفرنس میں کہی تھی، بتائیے یہ پریس کانفرنس کہاں ہوئی تھی۔

## جوابات

۱۳۷۔ مئی ۱۸۹۶ء۔ ۱۳۸۔ احمد علی ۱۳۹۔ گاندھی۔

۱۴۰۔ کوئٹہ میونسپلٹی کی طرف سے شہریوں کی طرف سے دیے گئے استقبالیہ سے خطاب کیا۔

۱۴۱۔ قائداعظم، راجہ صاحب محمود آباد، اصفہانی۔

۱۴۲۔ دونوں صوبہ کو سطح پر لانے کے لئے اصلاحات کا مطالبہ تھا۔

۱۴۳۔ کار میں نہیں وہ گھوڑوں کی بگھی میں گئے تھے۔ ۱۴۴۔ لاہور

☆

۱۴۵۔مجسٹریٹ کی عارضی آسامی ختم ہونے کے بعد آپ کو پندرہ سو روپے ماہانہ کی ملازمت پیش کش کی گئی تھی لیکن آپ نے پیشکش مسترد کرتے ہوئے کیا کہا تھا۔

۱۴۶۔۱۹۳۶ء میں قائداعظم نے مسلم لیگ کی صدارت قبول کی تھی بتایئے اس وقت مسلم لیگ کا سیکرٹری جنرل کون تھا۔

۱۴۷۔بتایئے لفظ قائداعظم کس سن میں سب سے پہلے اخبار الامان میں شائع ہوا تھا۔

۱۴۸۔بتایئے قائداعظم نے عظیم ہندو اور دانش ور کا مینار کسے قرار دیا تھا۔

۱۴۹۔بتایئے قائداعظم نے اپنی زندگی کا آخری عید کا پیغام کس تاریخ کو دیا تھا۔

۱۵۰۔بتایئے قائداعظم کی کس بہن نے دانتوں کے ڈاکٹر کی سند حاصل کی تھی۔

۱۵۱۔بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔

''پاکستان کے خلاف جھوٹی اور گمراہ کن تشہیر کے باوجود وہ دن دور نہیں جب پاکستان کو ہر ہندوستانی قبول کرے گا۔

## جوابات

۱۴۵۔قائداعظم نے کہا تھا میں پندرہ سو روپے روز کمانا چاہتا ہوں۔

۱۴۶۔لیاقت علی خاں

۱۴۷۔۱۹۳۸ء

۱۴۸۔گھو کھلے کو۔

۱۴۹۔۲۷اگست ۱۹۴۸ء۔

۱۵۰۔رفیق صابر مزنگوی

۱۵۱۔محترمہ فاطمہ جناح

۱۵۲۔جون ۱۹۴۱میں۔

۱۵۳۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۲ء کو ایک جلسہ میں ایک شاعر نے کہا تھا کہ ”قائداعظم جوان ہوتے جارہے ہیں۔“ بتایئے یہ جلسہ کہاں ہوا تھا۔

۱۵۴۔ ۱۹۳۷ء کو آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کا پہلا اجلاس کلکتہ میں ہوا تھا جس کی صدارت قائداعظم نے فرمائی تھی، بتایئے یہ اجلاس کس تاریخ کو ہوا تھا۔

۱۵۵۔ قائداعظم جب بیرسٹری کی تعلیم کے لئے لندن گئے تو انھوں نے کتنے عرصہ قیام کیا تھا۔

۱۵۶۔ قائداعظم جب ۱۸۹۲ء کے آخری ایام میں لندن پہنچے تو آپ یہ بتایئے کہ ان کا داخلہ لنکزان میں کیا گیا تھا۔

۱۵۷۔ بتایئے قائداعظم کی وفات کے وقت صوبہ سندھ کے گورنر کون تھے۔

۱۵۸۔ بتایئے قائداعظم کا انتقال کس دن ہوا۔

۱۵۹۔ بتایئے قائداعظم پر قاتلانہ حملہ کب کیا گیا تھا۔

۱۶۰۔ بتایئے قائداعظم نے درج ذیل الفاظ کب کہے تھے۔ ”ہندوستان کی تقسیم کردینا چاہیے تاکہ ہندو اور مسلمان اچھے پڑوسیوں کی طرح رہ سکیں۔“

## جوابات

۱۵۳۔ ولنگڈن پویلین دہلی میں۔

۱۵۴۔ ۲۷ دسمبر

۱۵۵۔ تقریباً ۴ سال

۱۵۶۔ ۵ جون ۱۸۹۳ء۔

۱۵۷۔ شیخ غلام حسین ہدایت اللہ

۱۵۸۔ ہفتہ کو

۱۵۹۔ ۲۶ جولائی ۱۹۴۳ء۔

۱۶۰۔ ۲۸ نومبر ۱۹۴۰ء مسلم طلبا کے جلسہ عام احمد آباد۔

☆

۱۶۱۔ ۱۹۲۹ء میں قائداعظم کی زندگی میں دو اہم واقعات ہوئے تھے ایک کا تعلق نجی زندگی سے تھا اور دوسرے کا سیاسی زندگی سے آپ دونوں واقعات بتایئے۔

۱۶۲۔ ۵ نومبر ۱۹۴۶ کو عید الاضحیٰ قائداعظم نے کس شہر میں منائی تھی۔

۱۶۳۔ ۵ نومبر ۱۹۴۳ء کو قائداعظم دیگر بمعہ ساتھیوں کے ہمراہ لاہور میں کس مزار شریف پر گئے تھے۔

۱۶۴۔ قائداعظم نے اینگلو عرب کالج دہلی میں کس مشہور شخصیت کی تصویر کی نقاب کشائی کی تھی۔

۱۶۵۔ سندھ کے مسلمانوں میں کامل اتحاد اور اعتماد موجود ہے مجھے امید ہے کہ وہ الیکشن میں دشمنان اسلام کو شکست دینگے" قائداعظم نے یہ بات ایک پریس کانفرنس میں کہی تھی، بتایئے یہ پریس کانفرنس کہاں منعقد ہوئی تھی۔

۱۶۶۔ بتایئے پاکستان میں قومی کھیلوں کا افتتاح قائداعظم نے کس سن میں کیا تھا۔

۱۶۷۔ ۲۲ دسمبر ۱۹۳۹ء کو قائداعظم کی اپیل پر یوم احتجاج منایا گیا تھا، اس تاریخ کو دن کونسا تھا۔

۱۶۸۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔

"اگر ہندوؤں نے سارا ہندوستان لینے کی کوشش کی تو وہ سارے کا سارا کھو دیں گے اگر انھوں نے ایک تہائی مسلمانوں کو دینے پر رضامندی کا اظہار کیا تو انھیں دو تہائی مل جائے گا۔"

## جوابات

۱۶۱۔ ان کی رفیقہ حیات رتن بائی کا انتقال اور چودہ نکات پیش کئے گئے تھے۔

۱۶۲۔ دہلی میں۔ ۱۶۳۔ علامہ اقبال ۱۶۴۔ مولانا شوکت علی۔

۱۶۵۔ کراچی میں ۱۶۶۔ ۱۹۴۸ء میں ۱۶۷۔ جمعۃ المبارک

☆

۱۶۸۔ ۲۸ نومبر ۱۹۴۰ء کو مسلم طلبہ کے جلسہ عام احمد آباد میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔

۱۶۹۔ ۵ مارچ ۱۹۴۶ء کو کس صوبہ کی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ قائداعظم جس روز جس جگہ کا دورہ فرمائیں گے اس روز وہاں چھٹی ہوگی۔

۱۷۰۔ قائداعظم کے دادا کا نام بتایئے۔

۱۷۱۔ بتایئے قائداعظم کی کل کتنی بہنیں تھی۔

۱۷۲۔ ۱۹۳۷ء کے انتخابات کے سلسلے میں مسلم لیگ نے ۱۹۳۶ء کے اوائل میں مرکزی بورڈ قائم کرنے کا فیصلہ کیا تھا، بتایئے اور بورڈ کا چیئرمین کون تھا۔

۱۷۳۔ مارچ ۱۹۳۶ء میں نہرو نے کہا تھا کہ ''ہندوستان میں صرف دو پارٹیاں ہیں کانگرس اور برطانیہ'' بتایئے اس بات پر قائداعظم نے کیا کہا تھا۔

۱۷۴۔ بتایئے قائداعظم کو ہندو مسلم اتحاد کا سفیر'' کا خطاب کس مشہور شخصیت نے دیا تھا۔

۱۷۵۔ بتایئے قائداعظم کی وفات کے وقت صوبہ پنجاب کا گورنر کون تھا۔

۱۷۶۔ بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کب کہے تھے۔

''میں چاہتا ہوں کہ میری قوم میں چستی، چالاکی اور تنظیمی روح کی نشوونما ہوتی رہے۔''

## جوابات۔

۱۶۹۔ صوبہ آسام۔ ۱۷۰۔ پونجا بھائی ۱۷۱۔ چار بہنیں۔

۱۷۲۔ قائداعظم ۱۷۳۔ انھوں نے کہا تھا ایک تیسری پارٹی بھی ہے مسلمان۔

۱۷۴۔ مسز سروجنی نائیڈو۔

۱۷۵۔ سر فرانسس موڈی ۱۷۶۔ ۲۰ مارچ ۱۹۴۷ء کو۔

☆

۱۷۷۔۱۹۴۱ء کے مسلم لیگ کے اجلاس میں جو مدارس میں ہوا تھا اس میں ایک شخص نے آپ سے پوچھا تھا کہ کیا آپ مسلم لیگ کی تاریخ لکھ رہے ہیں اس سوال کا جواب قائداعظم نے کیا دیا تھا۔

۱۷۸۔ بتایئے قائداعظم کو کس تاریخ کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا تھا۔

۱۷۹۔ بتایئے قائداعظم کے بہن بھائیوں میں سب سے بڑا کون تھا۔

۱۸۰۔ بتایئے قائداعظم زندہ باد' کا نعرہ سب سے پہلے کس نے لگایا تھا۔

۱۸۱۔قرارداد پاکستان پیش ہونے سے پہلے جب قائداعظم لاہور کے اسٹیشن پر پہنچے تو اخباری رپورٹ کے مطابق اسٹیشن پر قائداعظم کے عقیدت مندوں کی تعداد کتنی تھی۔

۱۸۲۔۲۷دسمبر ۱۹۳۷ء کو قائداعظم نے کس فیڈریشن کی صدارت فرمائی تھی۔

۱۸۳۔ بتایئے قائداعظم نے اپنی مخصوص جناح کیپ سب سے پہلے کس شہر میں پہنچی تھی۔

۱۸۴۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے، مجھے یقین کامل ہے کہ میں جس چیز کی حمایت کرتا ہوں اس میں مسلمانوں کے ساتھ دوسرے تمام فرقوں کے مفادات مضمر ہیں۔

## جوابات

۱۷۷۔ میں تاریخ نہیں لکھ رہا ہوں بلکہ تاریخ بنا رہا ہوں۔

۱۷۸۔۱۲ستمبر۔ ۱۷۹۔قائداعظم ۱۸۰۔میاں فیروزالدین احمد

۱۸۱۔۷۰ہزار ۱۸۲۔آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن

۱۸۳۔کوئٹہ ۱۸۴۔۲۱جون ۱۹۴۱ء

☆

۱۸۵۔ بتایئے قائداعظم سے گورنر جنرل کے عہدہ کا حلف کس چیف جسٹس نے لیا تھا۔

۱۸۶۔ قائداعظم ہندو مسلم اتحاد کے زبردست حامی تھے اور آپ کو اس کا علمبردار سمجھا جاتا تھا۔ کانگرس نے ان کی خدمات کے پیش نظر کس شہر میں ایک ہال تعمیر کیا تھا۔

۱۸۷۔ بتایئے قائداعظم کے ذاتی معالج کون تھے۔

۱۸۸۔ مزار قائداعظم کی سب سے پہلی ضخیم ترین سوانح حیات کس نے لکھی تھی۔

۱۹۰۔ قائداعظم نے جب پاکستان کے گورنر جنرل کے عہدہ کا حلف اٹھایا بتایئے اس وقت قائداعظم کس رنگ کی شیروانی پہنے ہوئے تھے۔

۱۹۱۔ قائداعظم نے جب پاکستان کے گورنر جنرل کے عہدہ کا حلف اٹھایا تھا تو حلف اٹھانے کے بعد انھیں کتنی توپوں کی سلامی دی گئی تھی۔

۱۹۲۔ ''مجھے یقین ہے اور میرا یہ اعتقاد ہے کہ ہندوستان کی آزادی اور باشندگان ہند کا مختصر ترین راستہ نظریہ پاکستان سے اتفاق کرنے میں پوشیدہ ہے۔'' بتایئے قائداعظم نے یہ بات کب کہی تھی۔

## جوابات

۱۸۵۔ سر عبدالرشید — ۱۸۶۔ بمبئی میں

۱۸۷۔ ڈاکٹر کرنل الٰہی بخش۔ — ۱۸۸۔ بحری فوج نے

۱۸۹۔ مطلوب الحسن سید۔ — ۱۹۰۔ سفید شیروانی

۱۹۱۔ ۳۱ توپوں کی۔ — ۱۹۲۔ ۱۳ جنوری ۱۹۴۵ء کو احمد آباد میونسپلٹی کے سپاسنامے کے جواب میں کہی۔

☆

۱۹۳۔ قائداعظم کے حلف اٹھانے سے پہلے قرآن پاک کی تلاوت کس نے کی تھی۔

۱۹۴۔ بتایئے قائداعظم نے مسلم لیگ کے کس اجلاس میں مسلم لیگ کا ترانہ مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ۔ ''پہلی بار کب پڑھا تھا۔

۱۹۵۔ قائداعظم اپنی اکثر تقریروں کے بعد یا دوران میں ۔۔۔ایک جملہ فرماتے تھے بتایئے یہ جملہ کون سا تھا۔

۱۹۶۔ بتایئے قائداعظم کے انتقال کے بعد پاکستان کے گورنر جنرل کون ہوئے۔

۱۹۷۔ بابائے قوم کے انتقال کے بعد کتنے دن کا سوگ منایا گیا۔

۱۹۸۔ ۱۹۳۹ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس دہلی میں قائداعظم کی صدارت میں ہوا۔ بتایئے یہ اجلاس کس تاریخ کو منعقد ہوا تھا۔

۱۹۹۔ بتایئے قائداعظم کو ہندو مسلم اتحاد کا سفیر کیوں کہا جاتا ہے۔

۲۰۰۔ ''اگر مسلم لیگ میں ایک سو گاندھی اور دو سو ابوالکلام آزاد ہوتے اور ان کا مقابلے کانگرس میں صرف جناح ہوتے تو ملک کبھی تقسیم نہیں ہوتا۔'' بتایئے یہ الفاظ کس نے کہے تھے۔

## جوابات

۱۹۳۔ پیر الٰہی بخش۔ ۱۹۴۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۳۸ء کو پٹنہ کے اجلاس میں

۱۹۵۔ اسلام ہر مسلمان سے متمنی ہے کہ وہ اپنا فرض ادا کرے۔

۱۹۶۔ خواجہ ناظم الدین ۱۹۷۔ چالیس دن

۱۹۸۔ ۱۷ سے ۱۸ ستمبر تک

۱۹۹۔ قائداعظم نے ہندو مسلم اتحاد کے لئے کوششیں کی تھیں۔

۲۰۰۔ نہرو کی بہن مسز ہٹے کا شمی۔

☆

۲۰۱۔کرپس تجاویز کے بارے میں قائداعظم نے کہا تھا کہ اس میں پاکستان کو واضح طور پر قبول نہیں کیا گیا تھا یہی وجہ ہے کہ ہم نے انھیں مسترد کر دیا، قائداعظم نے یہ بات ۱۳، اپریل ۱۹۴۲ء کو ایک پریس کانفرنس میں کہی تھی، بتایئے یہ پریس کانفرنس کہاں ہوئی تھی۔

۲۰۲۔قائداعظم کی کونسی بہن آخری برسوں میں بھائی کی قریبی اور پرخلوص رفیق رہیں۔

۲۰۳۔شیریں جناح کے کون سے صاحبزادہ کا نام قائداعظم نے رکھا تھا۔

۲۰۴۔قائداعظم نے کب اپنا نام جناح بھائی بدل کر صرف جناح رکھا۔

۲۰۵۔بتایئے قائداعظم نے اپنی وفات سے قبل آخری سالگرہ کب منائی۔

۲۰۶۔بابائے قوم نے کس عمر میں رحلت فرمائی۔

۲۰۷۔قائداعظم کو انگریزی کے کس مشہور ڈرامہ نگار کے مکالمے آخر عمر تک یاد رہے۔

۲۰۸۔" ہم ہندوستان میں کسی قوم کے جائز حقوق کو نقصان پہنچانا نہیں چاہتے لیکن یہ بھی گوارہ نہیں کر سکتے کہ ہماری گردنوں میں اغیار کی غلامی کا گرا بنا طوق پڑا رہے۔" یہ الفاظ قائداعظم نے ۲۷مارچ کو ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے کہے تھے بتایئے یہ اجتماع کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۲۰۱۔دہلی میں۔ | ۲۰۲۔فاطمہ جناح |
| ۲۰۳۔اکبری جعفر بھائی۔ | ۲۰۴۔۱۴، اپریل ۱۸۹۴۔ |
| ۲۰۵۔۲۵دسمبر ۱۹۴۷۔ | ۲۰۶۔۷۱سال ۸ماہ ۱۸دن۔ |
| ۲۰۷۔ولیم شکسپئر۔ | ۲۰۸۔حیدرآباد دکن |

☆

۲۰۹۔بتائیے قائداعظم نے لنکزان میں داخلہ کیوں پسند فرمایا تھا۔

۲۱۰۔بتائیے قائداعظم کو ہندو مسلم اتحاد کے سفیر کا خطاب کس سن میں دیا گیا۔

۲۱۱۔بتائیے قائداعظم کس یونیورسٹی میں سال میں ایک مرتبہ ضرور جاتے تھے۔

۲۱۲۔۱۹۳۷ء میں قائداعظم نے کلکتہ میں آل انڈیا مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے اجلاس کی صدارت کی تھی۔آپ یہ بتائیے کہ اس اجلاس میں کتنے مندوبین تھے۔

۲۱۳۔قائداعظم کی سب سے چھوٹی بہن کون تھیں۔

۲۱۴۔قائداعظم کی اکلوتی بیٹی کا نام بتائیے۔

۲۱۵۔بتائیے قائداعظم نے وکالت کا آغاز کس شہر سے کیا تھا۔

۲۱۶۔ہندوستان کی دو قوموں ہندوؤں میں جو اختلافات ہیں وہ یورپ کے مختلف اقوام کے اختلافات سے ہزار گنا زیادہ ہیں ہندوستان میں نسل، مذہب، زبان اور تہذیب کلچر کے اعتبار سے جتنا اختلاف ہے دنیا کے کسی خطہ میں نہیں ''بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کس کتاب کے پیش لفظ فرمائے ہیں۔

## جوابات۔

۲۰۹۔کیونکہ لنکزان میں ان عظیم ہستیوں کے نام کھدے ہوئے تھے جنھوں نے بنی نوع انسان کو قانون دیا اور سکھایا اس میں آنحضرت ﷺ کا مبارک نام بھی تھا۔

۲۱۰۔۱۹۱۶ء میں ۲۱۱۔علی گڑھ مسلم یونیورسٹی۔

۲۱۲۔۳۰۰ مندوبین۔ ۲۱۳۔محترمہ فاطمہ جناح۔

۲۱۴۔دینا ۲۱۵۔بمبئی

۲۱۶۔پاکستان اینڈ مسلم انڈیا۔

☆

۲۱۷۔ قائداعظم جب ۱۵ دسمبر ۱۹۴۶ء کو لندن سے روانہ ہوئے تو یہ ایک خاص برطانوی طیارہ تھا، بتایئے اس طیارے کا نام تھا۔

۲۱۸۔ قائداعظم رتن بائی کو پیار سے رتی کہتے تھے، بتایئے وہ قائداعظم کو کیا کہتی تھی۔

۲۱۹۔ ۸ مارچ ۱۹۴۶ء کو قائداعظم نے مسلم چیمبر آف کامرس کے دفتر کا معائنہ فرمایا تھا اور قائداعظم کو چیمبر کی طرف سے دو لاکھ کا نذرانہ پیش کیا گیا تھا، بتایئے اس وقت چیمبر کے صدر کون تھے۔

۲۲۰۔ بتایئے مزار قائد کی چھت کا رنگ اندر سے کیا ہے۔

۲۲۱۔ بتایئے قائداعظم کونسے دو کھیل شوق سے کھیلتے تھے۔

۲۲۲۔ کانگریسی حکومت کا جب دور ختم ہوا تو قائداعظم نے فرزندان اسلام سے کب یہ کہا تھا کہ مسلمان یوم نجات منائیں۔

۲۲۳۔ ۷ اگست ۱۹۴۷ء کو کس صوبہ کی حکومت نے قائداعظم کی آمد پر تعطیل کا اعلان کیا تھا۔

۲۲۴۔ خدا نے ہمیں یہ سنہری موقع عطا کیا ہے کہ ہم یہ ثابت کر دکھائیں کہ ہم واقعی نئی مملکت کے معمار ہونے کی اہلیت رکھتے ہیں خدا، کہیں لاگ ہمارے متعلق یہ نہ کہیں کہ ہم یہ بار اٹھانے کے قابل ہی نہ تھے۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور کس سے خطاب کرتے ہوئے کہے تھے۔

## جوابات

۲۱۷۔ کارنش ایئر کرافٹ۔     ۲۱۸۔ جے

۲۱۹۔ اے ایچ اصفہانی۔     ۲۲۰۔ ہلکا نیلا رنگ۔

۲۲۱۔ بلئیر اور کرکٹ۔     ۲۲۲۔ ۲۲، دسمبر ۱۹۳۹ء

☆

۲۲۳۔صوبہ سندھ کی حکومت نے ۔۲۲۴۔افواج پاکستان سے ۱۱، اکتوبر ۱۹۴۷ء کو خطاب کرتے ہوئے کہے۔

۲۲۵۔۱۷، دسمبر ۱۹۴۶ء کی صبح کو قاہرہ میں وزیر اعظم مصر نے قائد اعظم سے شیفرڈ ہوٹل میں ملاقات کی تھی۔آپ مصر کے ان وزیر اعظم کا نام بتائیے۔

۲۴۶۔آپ میں سے بہت سے جناح نہیں گے مستقبل آپ لوگوں کے ہاتھ میں ہوگا بتائیے۔قائد اعظم نے یہ الفاظ ۱۹۴۷ء میں کس اجلاس کی صدارت فرماتے ہوئے کہے تھے۔

۲۲۷۔بتائیے قائد اعظم کے مزار کا رقبہ کتنا ہے۔

۲۲۸۔ذرا یہ بتائیے کہ قائد اعظم کا انتقال کس شہر میں ہوا۔

۲۲۹۔بتائیے مولانا شبیر احمد عثمانی نے قائد اعظم کی نماز جنازہ کس تاریخ کو پڑھائی۔

۲۳۰۔بتائیے قائد اعظم کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات میں کیا بات مشترک ہے۔

۲۳۱۔قائد اعظم کی پہلی اہلیہ ایمی بائی کس کی صاحبزادی تھیں۔

۲۳۲۔"مسلمان اس وقت تک خاموش نہیں ہوں گے جب تک ان کا حق خود ارادیت تسلیم نہیں کرلیا جائیگا، ہندوستان نہ ایک ملک ہے نہ ایک قوم، یہ مختلف قوموں اور تمدنوں کا گہوارہ ہے۔" بتائیے قائد اعظم نے یہ بات کب کہی تھی۔

## جوابات۔

۲۲۵۔نقراشی پاشا ۲۲۶۔آل انڈیا مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن

۲۲۷۔۶،۵۰۰۰ مربع گز ۲۲۸۔کراچی۔ ۲۲۹۔۱۲، ستمبر

۲۳۰۔دونوں تاریخیں ہر سال ایک ہی دن پڑتی ہیں۔

☆

۲۳۱۔ سر اکھیم جی۔ ۲۳۲۔ ۲۴ اپریل ۱۹۴۲ء میں مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس الہ آباد میں۔

۲۳۳۔ ۳۰ جون ۱۹۴۷ء کو قائد اعظم نے جو آل انڈیا ریڈیو سے تقریر کی تھی۔ بتایئے ان کی اس لکھی ہوئی تقریر میں پاکستان زندہ باد کے الفاظ شامل تھے، واضح رہے آپ نے تقریر کے اختتام پر پاکستان زندہ باد کہا تھا۔

۲۳۴۔ جب بمبئی کے شہریوں نے محمد علی جناح کی جرات مند رہنمائی پر تاریخی فتح حاصل کی،" بتایئے یہ عبارت کہاں لکھی ہوئی ہے۔

۲۳۵۔ قائد اعظم یونیورسٹی پاکستان کے کس شہر میں ہے۔

۲۳۶۔ ۲۰ نومبر ۱۹۴۵ء کو قائد اعظم پشاور کتنے سال بعد تشریف لائے تھے۔

۲۳۷۔ قائد اعظم کے پہلے اے ڈی سی کون تھے۔

۲۳۸۔ قائد اعظم کے مزار کے لئے ہمارے کس دوست **ملک** نے فانوس تحفہ کے طور پر دیا تھا۔

۲۳۹۔ بتایئے قائد اعظم کے مقبرے کے ڈیزائین کی منظوری کب دی گئی۔

۲۴۰۔ بتایئے قائد اعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔

"ہم نے پاکستان کا مطالبہ ایک زمین کا ٹکڑا حاصل کرنے کے لئے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایک ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے تھے جہاں ہم اسلام کے اصولوں کو اپنا سکیں۔

## جوابات

۲۳۳۔ جی نہیں ۲۳۴۔ جناح ہال بمبئی کے باہر یہ کتبہ لگا ہوا ہے۔

۲۳۵۔ اسلام آباد میں ۲۳۶۔ تقریباً ۔ ۹ سال کے بعد۔

۲۳۷۔ احمد محی الدین ۲۳۸۔ عوامی جمہوریہ چین۔

۲۳۹۔ دسمبر ۱۹۵۹ء ۲۴۰۔ ۱۳ جنوری ۱۹۴۸ء کو اسلامیہ کالج پشاور میں

☆

۲۴۱۔ قرار داد پاکستان پیش ہونے کے تقریبا دو سال بعد بلوچستان کے مسافروں نے قائداعظم کی خدمت میں قرآن پاک اور ایک تلوار پیش کی تھی بتایئے یہ دونوں چیزیں کس تاریخ اور کس سن میں پیش کی گئی تھیں۔

۲۴۲۔ بتایئے قائداعظم نے پاکستان کا پہلا وزیر دفاع کس کو بنایا تھا۔

۲۴۳۔ بتایئے قائداعظم کس مقام پر مسلم لیگ کے باقاعدہ رکن بنے تھے۔

۲۴۴۔ ۷، اگست ۱۹۴۷ء کو قائداعظم جب کراچی تشریف لائے تھے تو کراچی کے میئر نے ہوائی اڈے پر قائداعظم کو خوش آمدید کہا تھا، بتایئے اس وقت کراچی کے میئر کون تھے۔

۲۴۵۔ جب قائداعظم کا انتقال ہوا اس وقت بھارت کا گورنر جنرل کون تھا۔

۲۴۶۔ عوامی جمہوریہ چین نے مزار قائداعظم کے لئے فانوس کس تاریخ اور سن کو دیا۔

۲۴۷۔ بتایئے کیا پاکستان اقوام متحدہ کا رکن قائداعظم کی زندگی میں بنا تھا۔

۲۴۸۔ بتایئے قائداعظم نے کب یہ بات جوش میں آ کر کہی تھی کہ " کام کرو، کام کرو، اور نتیجہ خدا پر چھوڑ دو۔"

## جوابات۔

۲۴۱۔ ۳، جولائی ۱۹۴۲ء۔

۲۴۲۔ لیاقت علی خاں

۲۴۳۔ لندن

۲۴۴۔ محمد احسن صاحب

۲۴۵۔ راجگوپال اچاریہ۔

۲۴۶۔ ۲۹ جنوری ۱۹۷۰ء

۲۴۷۔ جی ہاں۔

۲۴۸۔ ۱۳ مئی ۱۹۴۷ء کو مسلم اخبارات کے مدیران کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں۔

☆

۲۴۹۔اپریل ۱۹۳۸ء کو بنگال کے مسلمانوں کی دعوت پر مسلم لیگ کا خصوصی اجلاس کلکتہ میں ہوا تھا بتایئے اس کی صدارت کس نے فرمائی تھی۔

۲۵۰۔قائد اعظم نے قیام پاکستان کے بعد پہلے قومی کھیلوں کا افتتاح ۱۹۴۸ء میں کیا تھا بتایئے مہینہ کونسا تھا۔

۲۵۱۔قائد اعظم پر جس نے قاتلانہ حملہ کی کوشش کی تھی بتایئے عدالت نے اسے کتنے سال قید کی سزا دی تھی۔

۲۵۲۔قائد اعظم کی وفات کے وقت صوبہ سرحد کے گورنر کون تھے۔

۲۵۳۔بتایئے قائد اعظم کے مزار کے لئے کتبوں کی کتابت کس نے کی تھی۔

۲۵۴۔قائد اعظم کے آخری الفاظ کیا تھا۔

۲۵۵۔قائد اعظم کی سرپرستی میں کونسا اخبار دہلی سے جاری ہوا، پھر وہ ہفتہ وار ہو گیا اور پھر روزنامہ ہو گیا۔

۲۵۶۔پاکستان اسی دن وجود میں آ گیا تھا جب ہندوستان میں پہلا غیر مسلم مسلمان ہوا تھا۔بتایئے یہ بات قائد اعظم نے کب فرمائی تھی۔

## جوابات۔

۲۴۹۔قائد اعظم نے۔

۲۵۰۔اپریل کا مہینہ تھا۔

۲۵۱۔پانچ سال۔

۲۵۲۔سر ایمروس ونڈاس

۲۵۳۔عبدالمجید دہلوی

۲۵۴۔اللہ اور پاکستان۔

۲۵۵۔اخبار ڈان۔

۲۵۶۔مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۸ مارچ ۱۹۴۴ء کو فرمائی تھی۔

☆

۲۵۷۔ اگست ۱۹۴۷ء میں ۔۔۔ قائد اعظم نے جب پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے حلف اٹھایا تو اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی ۔

۲۵۸۔ قائداعظم کے کارناموں کی یاد میں بمبئی کے عوام کی طرف سے ایک ہال تعمیر کیا گیا تھا جس کا نام جناح ہال رکھا گیا تھا، بتایئے اس کا افتتاح کس کانگریسی رہنما نے کیا تھا۔

۲۵۹۔ ''اب ہندوستان اور مسلمانوں کے راستے جدا ہو چکے ہیں۔'' بتایئے یہ بات قائداعظم نے کس سیاسی واقعہ کے بعد کہی تھے۔

۲۶۰۔ ایمان، اتحاد، تنظیم کا نعرہ قائداعظم نے سب سے پہلے کب بلند کیا۔

۲۶۱۔ بتایئے قائداعظم نے پہلی گول میز کانفرنس میں کس سن میں شرکت کی تھی۔

۲۶۲۔ بتایئے قائداعظم کے مشہور چودہ نکات میں سے پہلا نکتہ کیا تھا۔

۲۶۳۔ بتایئے مزار قائد پر سب سے پہلے فوج نے کس تاریخ کو پہرہ دیا تھا۔

۲۶۴۔ اس برصغیر کے مسلمانوں میں جب تک زندگی کی رمق باقی ہے وہ کانگریس کی غلام کبھی قبول نہیں کریں گے مسلم لیگ کانگرس اور ایسی ہی دوسری جماعتوں کے ساتھ برابری کی دعویدار ہے۔ بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کب اور کہاں کہے تھے۔

## جوابات۔

۲۵۷۔ ۷۰ سال ۷ ماہ ۲۰ دن ۔ ۲۵۸۔ مسز سروجنی نائیڈو۔

۲۵۹۔ نہرو رپورٹ پر۔ ۲۶۰۔ اکتوبر ۱۹۴۱ء

۲۶۱۔ ۱۹۳۰ء۔ ۲۶۲۔ آئندہ آئین وفاقی ہونا چاہیے اور اس میں بالعفی اختیارات صوبوں کو تفویض کرنا چاہئیں۔

۲۶۳۔ ۱۵، جنوری ۱۹۷۱ء ۲۶۴۔ ۱۹۳۸ء کلکتہ کے جلسہ عام میں۔

☆

۲۶۵۔ ۷ اگست، ۱۹۴۷ء کو قائداعظم جب کراچی کے ہوائی اڈے پر پہنچے تو آپ کو سب سے پہلے کس نے خوش آمدید کہا تھا۔

۲۶۶۔ قرارداد پاکستان کا مسودہ قائداعظم نے ایک اور شخصیت کے ساتھ مل کر تیار کیا تھا بتایئے وہ شخصیت کون تھی۔

۲۶۷۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۳۸ء میں مسلم لیگ کا جو اجلاس پٹنہ میں ہوا تھا وہ ترتیب کے لحاظ سے مسلم لیگ کا ۲۶ واں اجلاس تھا، بتایئے کے اس اجلاس میں قائداعظم نے شرکت فرمائی تھی۔

۲۶۸۔ مزار قائداعظم کے مین گیٹ سے طویل سیڑھیوں کے درمیان کل کتنے تالاب ہیں۔

۲۶۹۔ بتایئے قائداعظم کی پہلی شادی کس سن میں ہوئی تھی۔

۲۷۰۔ اکتوبر ۱۹۴۵ء میں کس انگریز وائسرائے نے قائداعظم سے مذاکرات کیے تھے۔

۲۷۱۔ قائداعظم دہلی سے ۷، اگست ۱۹۴۷ء کو کتنے بجے کراچی کے لئے روانہ ہوئے تھے۔

۲۷۲۔ ''میں کامل اتفاق آراء کا طالب نہیں ہوں میں اپنی قوم کی ٹھوس اکثریت کی ٹھوس اور فہمیدہ حمایت چاہتا ہوں، یہ حاصل ہو جائے تو میں بندوق کی گولیوں کا مقابلہ کرنے کو تیار ہوں۔'' بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کب کہے تھے۔

## جوابات

۲۶۵۔ لیاقت علی خاں۔ ۲۶۶۔ مولانا ظفر علی خاں ۲۶۷۔ جی ہاں

۲۶۸۔ ۱۸ تالاب ۲۶۹۔ ۱۸۹۶ء میں ۲۷۰۔ لارڈ ویول

۲۷۱۔ ۱۲ بج کر ۴۰ منٹ۔ ۲۷۲۔ ۱۹۳۸ء کے آخر میں اینگلو عرب کالج دہلی میں مولانا شوکت علی کی تصویر کی نقاب کشائی کے موقع پر یہ الفاظ کہے تھے۔

☆

۲۷۳۔ قائداعظم کے ذاتی معالج کرنل الٰہی بخش کے ساتھ دو اور مشہور زمانہ ڈاکٹروں کو مشوروں اور معالجہ میں شریک کیا گیا۔ ان دونوں ڈاکٹروں کے نام بتایئے۔

۲۷۴۔ بتایئے مسلم لیگ نے کس اجلاس میں Direct action کو منظور کیا واضح رہے کہ اس اجلاس کی صدارت قائداعظم نے کی تھی۔

۲۷۵۔ رتن بائی سے شادی کے متعلق سب سے پہلے خبر کس اخبار میں شائع ہوئی تھی اس اخبار کا نام بتایئے۔

۲۷۶۔ بتایئے مزار قائداعظم کا سنگ بنیاد کس تاریخ کو رکھا گیا، سن بھی بتایئے۔

۲۷۷۔ بتایئے قائداعظم کے مزار کا گنبد کس تاریخ کو رکھا گیا، سن بھی بتایئے۔

۲۷۸۔ بتایئے قائداعظم کو اختیارات کی منتقلی کس نے کی تھی۔

۲۷۹۔ غیر منقسم ہندوستان میں قائداعظم کے پاس کونسا قلمدان تھا۔

۲۸۰۔ ''مسلمان ایک طاقتور اور اٹل قوم ہیں اور پاکستان کے لئے اپنا خون تک بہانے کو تیار ہیں مسلمان کے لئے یہ موت و حیات کا مسئلہ ہے، پاکستان حاصل کرنے میں ناکام ہو جانے کا مقصد ہماری قومیت کا فنا ہو جانا ہے۔ بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کب کہے تھے۔

## جوابات:

۲۷۳۔ ڈاکٹر ریاض علی شاہ اور ڈاکٹر محمد علی مستری۔

۲۷۴۔ ۱۹۴۶ء بمبئی میں۔ ۲۷۵۔ اسٹیٹس مین

۲۷۶۔ ۸ فروری ۱۹۶۰ء ۲۷۷۔ ۱۲۰ فٹ

۲۷۸۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن ۲۷۹۔ کوئی بھی نہیں۔

۲۸۰۔ ۱۱ جنوری ۱۹۴۶ء کو دہلی میں ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے۔

☆

۲۸۱۔ پاکستان کی مجلس دستور ساز نے کس تاریخ کو یہ قرارداد منظور کی تھی کہ مسٹر محمد علی جناح کو تمام دستاویزات اور قانونی کاغذات میں قائداعظم لکھیں۔

۲۸۲۔ قائداعظم جنوری ۱۹۴۷ء میں تبدیلی آب وہوا کے لئے کراچی سے تقریباً ۱۴ میل دور ایک جگہ تشریف لے گئے تھے۔ بتائیے آج کل وہ جگہ کیا کہلاتی ہے۔

۲۸۳۔ ۲۴ مارچ ۱۹۴۰ء کو قرارداد پاکستان پاس ہوئی تھی۔ بتائیے یہ قرارداد کس کی صدارت میں پاس ہوئی تھی۔

۲۸۴۔ بتائیے قائداعظم نے کرپس مشن سے مذاکرات کس سن میں کئے تھے۔

۲۸۵۔ بتائیے قائداعظم نے فلیگ اسٹاف ہاؤس کس سن میں خریدا تھا۔

۲۸۶۔ بتائیے قائداعظم کے مقبرے کی تعمیر کے لئے کس کے کانوں سے سنگ مرمر حاصل کیا گیا۔

۲۸۷۔ بتائیے قائداعظم کے مزار کے نقشہ کی آخری منظوری کس نے دی تھی۔

۲۸۸۔ ”تمام وقتوں اور دشواریوں کے باوجود مجھے یقین ہے کہ مسلمان ہر دوسرے فرقے کے مقابلے میں بہتر سیاسی دماغ کے مالک ہیں، سیاسی شعور مسلمانوں کے خون میں ملا ہوا ہے۔ اور ان کی رگ رگ میں دوڑ رہا ہے۔ اور اسلام کی عظمت رفتہ ان کے دلوں کی دھڑکن بنی ہوئی ہے۔“ بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ دہلی کے کس کالج کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہے تھے۔

## جوابات

۲۸۱۔ ۱۲، اگست ۱۹۴۷ء۔
۲۸۲۔ ملیر
۲۸۳۔ قائداعظم۔
۲۸۴۔ ۱۹۴۲ء میں
۲۸۵۔ ۱۹۴۰ء۔
۲۸۶۔ ملا غوری
۲۸۷۔ محترمہ فاطمہ جناح
۲۸۸۔ عرب کے کالج دہلی

☆

۲۸۹۔ ۱۶، فروری ۱۹۴۶ء کو قائداعظم نے غیر منقسم ہندوستان کے کس صوبہ کے گورنر سے ملاقات کی تھی۔

۲۹۰۔ قائداعظم کبھی کبھا فلمیں دیکھ لیا کرتے تھے، بتایئے وہ مزاحیہ فلمیں پسند کرتے تھے یا المیہ

۲۹۱۔ انگلستان کی روایت کے مطابق قائداعظم کے بارایٹ لا ہونے کا اعلان کس تاریخ کو کیا گیا۔

۲۹۲۔ قائداعظم ۱۹۱۲ء میں مسلم لیگ کے اجلاس میں بحیثیت مہمان شریک ہوئے تھے۔ بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۲۹۳۔ بتایئے قائداعظم نے اسٹیٹ بینک کا گورنر کسے مقرر کیا تھا۔

۲۹۴۔ قائداعظم بطور احتجاج امپریل لجسلیٹو کونسل کی رکنیت سے کیوں مستعفی ہو گئے تھے۔

۲۹۵۔ بتایئے قائداعظم نے قیام پاکستان کے بعد ریڈیو پاکستان سے جو تقریر کی تھی اس کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا۔

۲۹۶۔ اپنی تقدیر ہیں اپنے منفرد انداز میں بنانی پڑے گی ہمیں دنیا کے سامنے ایک مثالی معاشی نظام پیش کرنا ہے جو انسانی مساوات اور معاشرتی انصاف کے سچے اسلامی تصورات پر قائم ہو، بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کس بینک کے افتتاح کے موقعہ پر کہے تھے۔

## جوابات۔

۲۸۹۔ گورنر بنگال۔ ۲۹۰۔ المیہ فلمیں ۲۹۱۔ ۲۸، اپریل ۱۸۹۶ء۔

۲۹۲۔ کلکتہ ۲۹۳۔ زاہد حسین ۲۹۴۔ رولٹ ایکٹ کی لارڈ چیمسفورڈ وائسرائے ہند نے منظوری دی تھی جو کالا قانون کہلاتا تھا۔

۲۹۵۔ انصار ناصری۔ ۲۹۶۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان۔

☆

۲۹۷۔ قائداعظم نے سندھ مدرسہ میں تعلیم حاصل کی تھی، بتایئے یہ درس گاہ کب قیام ہوئی تھی۔

۲۹۸۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائداعظم نے قیام پاکستان کے فوراً بعد امریکہ میں پاکستان کا پہلا سفیر کس کو بنایا تھا۔

۲۹۹۔ قیام پاکستان کے بعد کراچی میں قائداعظم کی پہلی سرکاری مصروفیت کیا تھی۔

۳۰۰۔ Sayings of Quai-e-Azam کس کی مرتبہ کتاب ہے۔

۳۰۱۔ بتایئے قائداعظم نے سائمن کمیشن کی مخالفت کب شروع کی تھی۔

۳۰۲۔ کرکٹ کی پہلی قائداعظم ٹرافی کے لیے قائداعظم نے اپنی جیب سے کتنی رقم دی تھی۔

۳۰۳۔ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کی قرارداد کے اجلاس کی صدارت کے لئے قائداعظم کس تاریخ کو لاہور پہنچے تھے۔

۳۰۴۔ "اس دنیا کی کوئی چیز مجھے کوئی ایسی تجویز منظور کرنے پر مجبور نہیں کرسکتی جو میرے خیال میں مسلم مفاد کے خلاف ہو، بتایئے قائداعظم نے درج بالا الفاظ کب کہے تھے۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۲۹۷۔ ۱۸۸۵ء میں | ۲۹۸۔ ایم ایچ اصفہانی۔ |
| ۲۹۹۔ دستور ساز اسمبلی کے اجلاس کی صدارت۔ | |
| ۳۰۰۔ رضوان احمد۔ | ۳۰۱۔ ۱۹۲۸ء |
| ۳۰۲۔ ایک ہزار روپیہ۔ | ۳۰۳۔ ۲۱ مارچ ۱۹۴۰ء |

۳۰۴۔ ۹ جولائی ۱۹۴۵ء کو سٹی مسلم لیگ شملہ کے زیر اہتمام جلسہ میں کہے تھے۔

☆

۳۰۵۔کانگریس نے جب ہندوستان چھوڑ دو کی تحریک شروع کی تھی تو قائداعظم نے مسلم لیگ کیا اجلاس میں اس کا توڑ پیدا کرنے کے لئے یہ نعرہ دیا تھا کہ ہندوستان تقسیم کرو اور رخصت ہو جاؤ بتایئے مسلم لیگ کا یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۳۰۶۔قائداعظم کا یوم پیدائش قومی سطح پر سب سے پہلے کس کی کاوش کے باعث منایا گیا تھا۔

۳۰۷۔بتایئے قائداعظم نے اپنی زندگی کا آخری سگریٹ کونسا پیا تھا یعنی اس سگریٹ کا کیا نام تھا۔

۳۰۸۔قائداعظم کے مزار کا سنگ بنیاد فروری ۱۹۶۰ء میں رکھا گیا تھا، بتایئے مقبرہ کی باقاعدہ تعمیر کب شروع ہوئی تھی۔

۳۰۹۔مزار قائد کے پہلو میں کون کون سی شخصیتیں دفن ہیں۔

۳۱۰۔بتایئے قائداعظم کی رفیقہ حیات رتن بائی کا انتقال کہاں ہوا تھا۔

۳۱۱۔مطالبہ پاکستان کے سلسلے میں بہت سے غیر مسلم لیڈر قائداعظم کو کیا کہتے تھے۔

۳۱۲۔مسلمانوں کا نعرہ ہے۔ ''پاکستان حاصل کرو یا مٹ جاؤ'' میں یقین دلاتا ہوں کہ مسلمان مٹے گا نہیں بلکہ پاکستان حاصل کرے گا۔۔بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور کہاں کہے تھے۔

## جوابات۔

۳۰۵۔دہلی میں۔ ۳۰۶۔محمود حسن

۳۰۷۔کریون اے ۳۰۸۔۳۱ جولائی ۱۹۷۰ء

۳۰۹۔فاطمہ جناح ،لیاقت علی ،سردار نشتر ،نورالامین۔

۳۱۰۔ضدی ۳۱۲۔۲۲ نومبر ۱۹۴۲ءکو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں۔

☆

۳۱۳۔ جب قائداعظم لندن بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے گئے تو اس وقت لندن میں قانون کی اعلیٰ تعلیم کے صرف چار بڑے ادارے تھے آپ ان کے نام بتایئے۔

۳۱۴۔ ۱۹۳۲ء میں قائداعظم اتاترک کی سوانح سے بہت متاثر ہوئے تھے آپ اس سوانح عمری کا نام بتاسکتے ہیں۔

۳۱۵۔ ۱۲، اگست ۱۹۴۵ء کو کیسر باغ بمبئی کے جلسے میں قائداعظم کی اپیل پر اسی وقت کتنے روپے جمع ہوئے۔

۳۱۶۔ مزار قائداعظم پر کس ضلع کا سنگ مرمر لگایا گیا۔

۳۱۷۔ بتایئے قائداعظم لنکراں میں کس تاریخ کو داخل ہوئے تھے۔

۳۱۸۔ قائداعظم اکثر مذاق میں یہ کس سے کہ کرتے تھے کہ دیکھو پتنگ بازی شروع ہوگئی ہے۔

۳۱۹۔ قائداعظم کا طیارہ وائکنگ آج کل کہاں ہے۔

۳۲۰۔ مسلمانوں سے یہ امید نہیں رکھنی چاہیے کہ وہ غلامی کے لئے اپنا خون بہائیں گے جب تک میں زندہ ہوں ہندوؤں کی غلامی کے لئے مسلمانوں کا ایک خون کا قطرہ بھی ضائع نہ ہونے دوں گا، بتایئے قائداعظم نے یہ بات پشاور میں ایک تقریر کے دوران کب کہی تھی۔

## جوابات

۳۱۳۔ مڈل ٹمپل، انرٹمپل، گریز ان، لنکراں | ۳۱۴۔ Graywolf

۳۱۵۔ ۳لاکھ گیارہ ہزار روپے۔ | ۳۱۶۔ ضلع مردان (چاغی

۳۱۷۔ ۵ جون ۱۸۹۳ء | ۳۱۸۔ مطلوب الحسن

۳۱۹۔ پشاور میں | ۳۲۰۔ ۲۱ نومبر ۱۹۴۵ء

☆

۳۲۱۔قیام پاکستان سے قبل قائداعظم کی تین سوانح عمری اردو میں لکھی گئیں ، بتایئے یہ کس نے لکھیں۔

۳۲۲۔بتایئے یہ کس ہندو لیڈر نے کہا تھا کہ، مجھے اس کا یقین ہے کہ جناح کو کوئی طاقت خرید نہیں سکتی۔

۳۲۳۔۲۶ ستمبر ۱۹۴۷ء کو قائداعظم نے کراچی میں کس ٹیکسٹائل ملز کا افتتاح کیا تھا۔

۳۲۴۔نہرو رپورٹ پر غور کرنے کے لئے ہندوستان میں جو کل جماعتی کنونشن ہوا تھا اس میں قائداعظم نے کتنی اہم ترمیمیں پیش کی تھیں۔

۳۲۵۔بتایئے میاں فیروزالدین احمد نے جس اجلاس میں قائداعظم زندہ باد کا نعرہ لگایا تھا وہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۳۲۶۔قائداعظم نے اپنی زندگی کی آخری تقریر کب کی تھی۔

۳۲۷۔بتایئے قائداعظم نے پہلا پیغام آزادی کس جگہ دے دیا تھا۔

۳۲۸۔''ہوائی جہازوں اور ان کے عملے کی تعداد سے کوئی فرق نہیں پڑتا اصل چیز فضائیہ میں جذبہ شوق اور سخت نظم وضبط ہے میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ صرف نظم وضبط اور خود اعتمادی ہی سے پاک فضائیہ پاکستان کے شایان شان بن سکتی ہے۔'' بتایئے پاک فضائیہ سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظم نے یہ بات کب کہی تھی۔

## جوابات۔

۳۲۱۔رئیس احمد جعفری سردار محمد خاں، خالد اختر، افغانی۔

۳۲۲۔مہاتما گاندھی ۳۲۳۔ولیکا ٹیکسٹائل ملز۔ ۳۲۴۔تین اہم ترمیمیں

۳۲۵۔پٹنہ میں۔ ۳۲۶۔یکم جولائی ۱۹۴۸ء ۳۲۷۔زیارت

۳۲۸۔۱۳ اپریل ۱۹۴۸ء۔

☆

۳۲۹۔قائداعظم دوبارہ مسلم لیگ کی قیادت سنبھالنے کے لئے لیاقت علی خاں کی درخواست پر کس سال برطانیہ سے تشریف لائے تھے۔

۳۳۰۔قائداعظم کی لندن واپسی پر مسلم لیگ کے تمام دھڑوں کا جو ایک مشترکہ اجلاس ہوا تھا اس میں قائداعظم کو صدر منتخب کیا گیا تھا، بتایئے یہ اجلاس کب ہوا تھا۔

۳۳۱۔قائداعظم کس صوبہ کے گورنر جنرل بن جائیں،'' یہ پیش کش قائداعظم کو کس نے کی تھی۔

۳۳۲۔بتایئے قائداعظم پہلی بار ماؤنٹ بیٹن سے کس تاریخ کو ملے تھے۔

۳۳۳۔۱۹۴۴ء میں گاندھی اور قائداعظم کے درمیان کل کتنی ملاقاتیں ہوئیں تھیں۔

۳۳۴۔بتایئے قائداعظم کون سے سگریٹ شوق سے پیتے تھے۔

۳۳۵۔۱۱، جنوری ۱۹۴۱ء کو کس ریاست کے نواب نے قائداعظم سے ملاقات کی تھی۔

۳۳۶۔''ہم ایک خودمختار اور آزاد قوم کی طرح اس ملک میں زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں ہم اقلیت نہیں بلکہ ایک قوم ہیں ۲۳ مارچ ۱۹۴۲ء کو یوم پاکستان کے موقع پر ایک جلسہ میں قائداعظم نے یہ الفاظ کہے تھے، بتایئے یہ جلسہ کہاں ہوا تھا۔

## جوابات۔

۳۲۹۔۱۹۳۴ء میں
۳۳۰۔مارچ ۱۹۳۴ء۔
۳۳۱۔ریمزے میکڈانلڈ۔
۳۳۲۔۱۵ اپریل ۱۹۴۷ء
۳۳۳۔چودہ ملاقاتیں پہلی ۹ ستمبر کو آخری ۲۷ ستمبر کو
۳۳۴۔کریون اے۔
۳۳۵۔نواب صاحب بھوپال
۳۳۶۔دہلی۔

☆

۳۳۷۔ بتایئے کونسا مشہور اداکار قائداعظم کا ڈرائیور تھا۔

۳۳۸۔ مشہور برطانوی سوانح نگار ہیکٹر بولا ئیتھو کس سال حکومت پاکستان کی دعوت پر قائداعظم کی مفصل سوانح قلمبند کرنے پاکستان آئے تھے۔

۳۳۹۔ قائداعظم کے بارے میں کس مشہر سکھ لیڈر اور مدبر نے یہ کہا تھا کہ "اگر یہ شخص سکھوں میں پیدا ہوتا تو اس کی پوجا کی جاتی۔

۳۴۰۔ میراث قائداعظم کس کی کتاب ہے۔

۳۴۱۔ ایمپریل لیجسلیٹو کونسل کے انتخاب میں بمبئی کے مسلمانوں نے محمد علی جناح کو اپنا نمائندہ منتخب کیا تھا۔ بتایئے اس وقت قائداعظم کی عمر تقریباً کتنی تھی۔

۳۴۲۔ بتایئے قائداعظم کے کتنے چچا تھے۔

۳۴۳۔ اس وائسرائے کا نام بتایئے جس نے قائداعظم کو آئس برگ کہا۔

۳۴۴۔ مسلم لیگ کی جدوجہد صرف مسلمانوں تک محدود نہیں بلکہ وہ ہر فرقے کے حقوق کے تحفظ کو اپنا فرض سمجھتی ہے۔" ۱۹۳۸ء کے ایک جلسہ عام مین قائداعظم نے یہ الفاظ کہے تھے۔ بتایئے جلسہ کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

۳۳۷۔ محمد حنیف آزاد۔ ۳۳۸۔ ۱۹۵۳ء

۳۳۹۔ گیانی کرتار سنگھ۔ ۳۴۰۔ ڈاکٹر جاوید اقبال۔

۳۴۱۔ تقریباً ۳۳ سال۔ ۳۴۲۔ دو چچا تھے۔

۳۴۳۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن۔ ۳۴۴۔ کلکتہ

☆

۳۴۵۔ بتائیے قائداعظم نے سب سے پہلے پاکستان زندہ باد کا نعرہ کس دن لگایا تھا۔

۳۴۶۔ بتائیے کس کی سوانح کو تحریک پاکستان کہہ سکتے ہیں۔

۳۴۷۔ قائداعظم قیام پاکستان کے بعد کس تاریک کو بھارت گئے تھے۔

۳۴۸۔ بتائیے انگریزی کے کن دو اخبارات کی پیشانیوں پر قائد اعظم کا نام بہ حیثیت بانی شائع ہوتا ہے۔

۳۴۹۔ قائد اعظم نے ٹاؤن ہال بمبئی میں کس گورنر کے خلاف مظاہرے کی نمائندگی کی تھی۔

۳۵۰۔ قائداعظم نے پہلی اردو تقریر اتنی بات کے سلسلے میں کس صوبہ میں کی تھی۔

۳۵۱۔ بتائیے کس تاریخ کو یہ اعلان کیا گیا تھا کہ قائداعظم اسٹیٹ بینک کا افتتاح کریں گے۔

۳۵۲۔ ''پاکستان ذخیرہ اندوزوں، منافع خوروں کے لئے کوئی جگہ نہیں وہ قوم کے جسم کو مہلک مرض بن کر کھاتے جا رہے ہیں ان کو نیست و نابود کر دیا جائے گا، حکومت کا مقصد ہے کہ مملکت اور قوم کو فائدہ پہنچائے'' بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کس موقع پر کہے تھے۔

## جوابات

۳۴۵۔ منگل کے دن۔

۳۴۶۔ قائداعظم کی سوانح کو

۳۴۷۔ کبھی نہیں گئے تھے۔

۳۴۸۔ ڈان اور پاکستان ٹائمز

۳۴۹۔ لارڈ ولنگڈن۔

۳۵۰۔ بنگال میں

۳۵۱۔ ۱۹ جون ۱۹۴۸ء

۳۵۲۔ ولیکا ملز کے افتتاح کے موقع پر کہے تھے۔

☆

۳۵۳۔ بتائیے قائداعظم کے والد کی شادی تقریباً کس سال ہوئی تھی۔

۳۵۴۔ قائداعظم کی بہنوں میں سب سے بڑی بہن کون تھیں۔

۳۵۵۔ کس گورنر کی الوداعی ضیافت کی مخالفت کرنے پر قائداعظم کافی مجروح ہوئے تھے۔

۳۵۶۔ قائداعظم نے مجلس قانون ساز میں پہلی تقریر کب کی تھی۔

۳۵۷۔ ۱۹۴۰ء کو مرکزی اسمبلی کے الیکشن میں قائداعظم کے مقابلے میں لال جی کھڑے ہوئے تھے اس الیکشن میں قائداعظم نے کتنے ووٹ حاصل کیے تھے۔

۳۵۸۔ قائداعظم کے والد کے دوست فریڈرک کرافٹ کس کمپنی کے مینیجر تھے۔

۳۵۹۔ بتائیے قائداعظم پر ناکام قاتلانہ حملہ کس دن ہوا تھا۔

۳۶۰۔ وہ کونسا رشتہ ہیں، وہ کونسی چٹان ہے جس پر ان کی ملت کی عمارت استوار ہے وہ کونسا لنگر ہے جس سے امت کو کشتی محفوظ کر دی گئی ہے وہ رشتہ، وہ لنگر خدا کی کتاب قرآن کریم ہے۔'' بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کب فرمائے تھے۔

## جوابات

۳۵۳۔ ۱۸۷۴ء

۳۵۴۔ رحمت بی بی

۳۵۵۔ لارڈ لنگڈن

۳۵۶۔ ۲۵ فروری ۱۹۱۰ء

۳۵۷۔ تین ہزار چھ سو دو۔

۳۵۸۔ گراہمس شپنگ اینڈ ٹریڈنگ کمپنی

۳۵۹۔ پیر کے دن۔

۳۶۰۔ ۱۹۴۳ء میں مسلم لیگ کے کراچی اجلاس میں فرمائے تھے۔

☆

۳۶۱۔قائداعظم پاکستان کے جارج واشنگٹن ہیں، بتایئے قائداعظم کے بارے میں یہ کس خاتون نے کہا تھا۔

۳۶۲۔بتایئےقائداعظم کی کل کتنی پھوپھیاں تھیں۔

۳۶۳۔قرارداد پاکستان لاہور کے جلسے میں اختتامی تقریر کس نے کی تھی۔

۳۶۴۔جب قائداعظم مسلم لیگ میں پہلی بار شامل ہوئے تو ان کی عمر کتنی تھی۔

۳۶۵۔قائداعظم نے ایک کتاب ''پاکستان اینڈ مسلم انڈیا'' پر پیش لفظ تحریر فرمایا تھا، بتایئے یہ کس سن میں تحریر فرمایا تھا۔

۳۶۶۔جب قائداعظم پر ناکام قاتلانہ حملہ کیا گیا تھا تو بتایئے گھر پر کس ڈاکٹر کو بلوایا گیا تھا، ڈاکٹر کا نام بتایئے۔

۳۶۷۔قائداعظم کے مزار کے گنبد کے نیچے جو ہال ہے اس میں تعویز نصب ہے اس پر کونسی سورۃ درج ہے۔

۳۶۸۔''مسلمان ایک خدا، ایک کتاب اور ایک رسول پر یقین رکھتے ہیں مسلم لیگ کی کوشش یہ ہے کہ ان کو ایک پلیٹ فارم پر ایک پرچم تلے جمع کیا جائے، یہ پرچم پاکستان کا پرچم ہے۔''

بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب فرمائے تھے۔

## جوابات

۳۶۱۔مسز جینفر جہاں زیبا قاضی موسیٰ ۳۶۴۔ایک (من بائی)

۳۶۳۔قائداعظم ۳۶۷۔۳۶،۳۷سال کے درمیان

۳۶۵۔۱۹۴۳ء۔ ۳۶۶۔ڈاکٹر مینا

۳۶۷۔سورہ نصر پوری اور سورہ فتح کی ایک آیت لکھی ہوئی ہے۔

۳۶۸۔۲۱نومبر کو مسلم لیگ کانفرنس پشاور میں

☆

۳۶۹۔ دینا جناح کی تاریخ ولادت بتایئے

۳۷۰۔ جب قائد اعظم گورنر جنرل بنے تو خاتون اول کا اعزاز کسے حاصل ہوا تھا۔

۳۷۱۔ قائد اعظم لنکزان سے بیرسٹری کا امتحان پاس کرنے کے بعد دوبارہ کس سن میں انگلستان تشریف لے گئے تھے۔

۳۷۲۔ کانگریس کے کس اجلاس میں قائد اعظم نے پہلی تقریر کی تھی۔

۳۷۳۔ ۱۹۴۰ء کو مرکزی اسمبلی کے الیکشن میں قائد اعظم نے اپنے مخالف لال جی کے مقابلے میں زبردست اکثریت سے کامیابی حاصل کی تھی اور ان کے مخالف کی ضمانت ضبط ہو گئی تھی بتایئے ان کے مخالف نے کتنے ووٹ حاصل کیے تھے۔

۳۷۴۔ ۱۹۳۵ء میں قائد اعظم نے عید الفطر کی نماز کس کی امامت میں ادا کی تھی۔

۳۷۵۔ Jinnah Faces an Assasin (مسٹر جناح پر قاتلانہ حملہ) بتایئے یہ کتاب کس نے لکھی ہے۔

۳۷۶۔ ''اگر تم نے اسے قانون کی شکل دیدی تو سارے ملک میں اس سرے سے اس سرے تک ایک آگ لگ جائے گی۔'' بتایئے قائد اعظم نے یہ الفاظ حکومت کو مخاطب کرکے کس ایکٹ کے بارے کہے تھے۔

## جوابات

۳۶۹۔ ۱۵، اگست ۱۹۱۹ء
۳۷۰۔ محترمہ فاطمہ جناح
۳۷۱۔ ۱۹۱۳ء
۳۷۲۔ ۱۹۰۶ء کلکتہ کے اجلاس میں
۳۷۳۔ ۱۲۷ ووٹ
۳۷۴۔ مارشل، شاہ ولی اللہ (جنھوں نے افغانستان کے بچہ سقہ کو نکالنے میں اہم کردار ادا کیا۔
۳۷۵۔ ایک بیرسٹر تھے
۳۷۶۔ رولٹ ایکٹ

☆

۳۷۷۔ بتایئے قائداعظم کے والد اپنے بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے یا بڑے۔

۳۷۸۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم کس آنکھ میں عدسہ یا کار لگاتے تھے۔

۳۷۹۔ بتایئے یہ کس نے کہا تھا کہ اگر جناح ''سر'' کا خطاب قبول کرلیں تو میں ان سے الگ ہوجاؤں گا۔

۳۸۰۔ اپریل ۱۹۴۷ء کو یہ تجویز کس نے پیش کی تھی کہ قائداعظم کو ہندوستان کا وزیراعظم بنادیا جائے۔

۳۸۱۔ نہرو رپورٹ پر غور کرنے کے لئے جو کلکتہ میں کل جماعتی کنونشن ہوا تھا اس میں قائداعظم بھی شریک تھے آپ یہ بتایئے کہ اس میں کتنے نمایندوں نے شرکت کی تھی۔

۳۸۲۔ جس دن مسز سروجنی نائیڈو نے جناح پیپلز میموریل ہال کا افتتاح کے اس دن قائداعظم کہاں تھے۔

۳۸۳۔ جب قائداعظم کی پہلی اہلیہ اور والدہ محترمہ کا انتقال ہوا تو ان کی عمر کتنی تھی۔

۳۸۴۔ مشترکہ کوششوں اور اپنے نصب العین پر یقین کامل ہی سے ہم پاکستان کے خواب کو ایک حقیقت میں تبدیل کرسکیں گے'' بتایئے قائداعظم نے یہ پیغام قوم کے نام کس تاریخ کو دیا تھا۔

## جوابات۔

| | |
|---|---|
| ۳۷۷۔ سب سے چھوٹے۔ | ۳۷۸۔ سیدھ آنکھ میں |
| ۳۷۹۔ رتن بائی | ۳۸۰۔ گاندھی جی |
| ۳۸۱۔ ۳۳ نمائندے | ۳۸۲۔ انگلستان میں |
| ۳۸۳۔ تقریباً ۱۸ سال | ۳۸۴۔ ۱۲ اگست |

☆

۳۸۵۔قائداعظم کی والدہ محترمہ بیٹھی باقی کا اصل نام کیا تھا۔

۳۸۶۔قائداعظم نے اپنے چودہ نکات میں کس حصے کو بمبئی سے علیحدہ کر کے نیا صوبہ بنانے کا مطالبہ کیا تھا۔

۳۸۷۔اگست ۱۹۴۷ء کو اختیارات کی منتقلی کا جو اجلاس ہوا تھا اس میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن بھی شامل تھے بتایئے قائداعظم ان کی داہنی طرف تھے یا بائیں طرف۔

۳۸۸۔۲۶ جولائی ۱۹۴۷ء کو ماؤنٹ بیٹن اور لیڈی ماؤنٹ بیٹن نے قائداعظم کے اعزاز میں جو ڈنر دیا تھا اس دن کیا دن تھا۔

۳۸۹۔قائداعظم ۱۹۰۹ء میں بمبئی سے مجلس قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے تھے۔بتایئے اس وقت مجلس قانون ساز کا اجلاس کہاں ہوتا تھا۔

۳۹۰۔قائداعظم آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ دسمبر ۱۹۱۳ء میں بحیثیت ممبر کے شریک ہوئے تھے بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۳۹۱۔۱۲، جولائی ۱۹۴۶ء کو قائداعظم نے حیدرآباد دکن میں کس مسجد میں نماز جمعہ ادا کی تھی۔

۳۹۲۔بتایئے یہ الفاظ کس نے کہے تھے میرے دن پورے ہو چکے ہیں میری صحتیابی کی دعا کی بجائے مسٹر جناح اور کمال اتاترک کی زندگیوں کے لئے دعا کیجئے

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۳۸۵۔شیریں۔ | ۳۸۶۔سندھ |
| ۳۸۷۔دائیں ہاتھ کی طرف | ۳۸۸۔سینچر |
| ۳۸۹۔کلکتہ | ۳۹۰۔آگرہ میں |
| ۳۹۱۔مکہ مسجد | ۳۹۲۔علامہ اقبال |

☆

۳۹۳۔ بتایئے قائداعظم نے چرچ مشن اسکول کس تاریخ کو چھوڑا تھا۔

۳۹۴۔ قائداعظم نے تین سال کے صبر آزما دور کے بعد صوبہ بمبئی کی حکومت میں چھ ماہ ملازمت کی تھی، محکمہ کا نام بتایئے۔

۳۹۵۔ بتایئے قائداعظم نے گورنر جنرل پاکستان کے عہدہ کا حلف کس دن اٹھایا تھا۔

۳۹۶۔ بتایئے قائداعظم کی جو ذاتی کار تھی اس پر نمبر پلیٹ کراچی کی ہے یا کوئٹہ کی۔

۳۹۷۔ مرکزی مجلس قانون ساز میں انڈین ڈیفنس فورس بل کی قائداعظم نے پرزور حمایت کی تھی، بتایئے یہ بل کس سن میں پیش ہوا تھا۔

۳۹۸۔ بتایئے قیام پاکستان کے کتنے دن بعد قائداعظم کا انتقال ہوا تھا۔

۳۹۹۔ ۱۹۰۹ء میں امپریل لیجسلیٹو کونسل کے انتخاب میں قائداعظم کے مدمقابل کون تھا۔

۴۰۰۔ میں کہتا ہوں یہ تین جو چوتھائی حصہ لے لو اور میرے اس چوتھائی پر حسد نہ کرو مجھے اسلامی تاریخ کی روشنی، روایات، اپنی ثقافت اور اپنی زبان کو برقرار رکھتے ہوئے زندگی بسر کرنے دو اور تم بھی اپنے منطقوں میں یہی کر آؤ اس طرح ہم امن کے ساتھ گزر بسر کر سکیں''

بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور کہاں فرمائے تھے۔

## جوابات

۳۹۳۔ ۳۱، اکتوبر ۱۸۹۲ء ۳۹۴۔ عدلیہ ۳۹۵۔ جمعہ

۳۹۶۔ کراچی ۳۹۷۔ ۱۹۱۷ء ۳۹۸۔ ایک سال ستائیس دن کے بعد

۳۹۹۔ بلا مقابلہ منتخب ہوئے تھے۔

☆

۴۰۰۔ ۲۲ نومبر ۱۹۴۲ء کو انجمن طلباء جامعہ علی گڑھ کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے۔

۴۰۱۔ مئی ۱۸۹۲ء میں چرچ مشن اسکول میں قائداعظم کو کس جماعت میں داخلہ ملا تھا۔

۴۰۲۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قائداعظم بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد کس سن ہجری میں دوبارہ انگلستان گئے تھے۔

۴۰۳۔ جب سروجنی نائیڈو نے جناح پیپلز ہال بمبئی کا افتتاح کیا تھا اس وقت قائداعظم کن سیاسی جماعتوں سے وابستہ تھے۔

۴۰۴۔ بتایئے قائداعظم نے مولانا شوکت علی کے انتقال کے بعد مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی میں ان کی جگہ کس کو شامل کیا تھا۔

۴۰۵۔ قائداعظم نے جو آل پارٹیز کانفرنس منعقد کی تھی تو اس کانفرنس کا اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۴۰۶۔ بتایئے قائداعظم کی عمر پچاس سال کس سن میں ہوئی۔

۴۰۷۔ قائداعظم نے قیام پاکستان سے قبل کراچی میں اپنا قانونی مشیر کسے مقرر کیا تھا۔

۴۰۸۔ ۱۴، اپریل ۱۹۴۱ء کو قائداعظم نے یہ الفاظ کہاں فرمائے تھے۔ مسلمان ایک علیحدہ قوم ہیں ان کو کسی دوسری قوم میں مدغم کرنے کی کوشش قطعی بیکار ہے کیونکہ ہم نے عزم کرلیا ہے کہ پاکستان حاصل کئے بغیر ہم اپنی کمریں نہیں کھولیں گے۔

## جوابات۔

۴۰۱۔ چھٹی جماعت۔ ۴۰۲۔ ۱۳۳۲ھ ۴۰۳۔ کانگریس، مسلم لیگ اور ہوم رول لیگ۔ ۴۰۴۔ بیگم مولانا محمد علی جوہر۔ ۴۰۵۔ بمبئی میں ۴۰۶۔ ۱۹۲۶ء ۴۰۷۔ ایم این کوتوال ۴۰۸۔ مسلم لیگ کانفرنس مدراس میں۔

☆

۴۰۹۔قائداعظم جب بیرسٹری کی اعلیٰ تعلیم کے لئے کراچی سے لندن پہنچے تھےتو وہ کس رنگ کا سوٹ پہنے ہوئے تھے۔

۴۱۰۔واسنت اور عبدالکریم کون تھے۔

۴۱۱۔قائداعظم نے ۲۴ویں یوم پیدائش کے موقعہ پر کس نے ایک نظم بعنوان قائد اعظم سے خطاب لکھی تھی۔

۴۱۲۔ بتایئے قائداعظم ۱۹۱۹ء میں مرکزی آسمبلی سے استعفیٰ دینے کے بعد کس سن میں مجلس قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے تھے۔

۴۱۳۔۱۹۳۵ء میں مسلم لیگ کا جو اجلاس ہوا تھا اس میں قائد اعظم کو ایک پارلیمانی بورڈ بنانے کے لیے نامزد کیا گیا تھا، بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۴۱۴۔بتایئے قائداعظم انگریزی کی پہلی جماعت میں کس تاریخ کو داخل ہوئے تھے۔

۴۱۵۔قیام پاکستان کے بعد قائداعظم نے سب سے پہلے کس **ملک** کا دورہ کیا تھا۔

۴۱۶۔ہندوستان کی تاریخ میں کبھی بھی ایک طاقت نے ہندوستان پر حکومت نہیں کی اب بھی برطانوی راج میں ایک تہائی حصہ پرنوابوں اور راجاؤں کا راج ہے'' قائداعظم نے یہ بات انڈیا مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں کہی تھی، بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

۴۰۹۔پیلے رنگ کا کوٹ
۴۱۰۔قائداعظم کے ذاتی ملازم

۴۱۱۔مولانا ظفر علی خاں۔
۴۱۲۔۱۹۲۳ء

۴۱۳۔ بمبئی میں۔ ۴۱۴۔ ۸، جولائی ۱۸۸۷ء

۴۱۵۔ کسی ملک کا دورہ نہیں کیا تھا۔ ۴۱۶۔ ۹ نومبر ۱۹۴۲ء کو عربک کالج ہال میں۔

☆

۴۱۷۔قائداعظم نے لنکزان میں داخلہ لینے کی جو وجہ بتائی تھی، بتایئے اس واقعہ کا اظہار قائداعظم نے کب اور کہاں کیا تھا۔

۴۱۸۔اس برطانوی مفکر کا نام بتایئے جس کے لبرل افکار و خیال سے قائداعظم کافی متاثر تھے۔

۴۱۹۔بتایئے کس تاریخ سے مسٹر جناح کو تمام سرکاری دستاویزات، مسودوں اور خط و کتابت میں قائداعظم لکھا جانے لگا۔

۴۲۰۔۱۹۳۵ء میں مسلم لیگ کا اجلاس بمبئی میں ہوا تھا اس میں قائداعظم کو ایک پارلیمانی بورڈ بنانے کے لئے نامزد کیا گیا تھا، بتایئے یہ اجلاس کس کی صدارت میں ہوا تھا۔

۴۲۱۔قائداعظم نے مسلم لیگ ۱۹۳۶ء کے اجلاس کی صدارت کی تھی بتایئے، یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۴۲۲۔بتایئے قائداعظم ۴ اپریل ۱۹۴۷ء کو دہلی کے لئے بمبئی کے کس ہوائی اڈے سے روانہ ہوئے تھے۔

۴۲۳۔بتایئے قائداعظم کے مقبرے کے فانوس سے نچلے حصے میں لگے ہوئے ستاروں کی تعداد کتنی ہے۔

۴۲۴۔مطالبہ پاکستان پر اڑے رہو" یہ بات قائداعظم نے مرکزی مقننہ کی لیگ پارٹی کے ارکین سے ایک جلسہ میں کہی تھی، بتایئے یہ جلسہ کب ہوا تھا۔

## جوابات

۴۱۷۔۱۹۴۸ء کو کراچی میں سندھ بار ایسوسی ایشن کے جلسہ النبی ﷺ میں ۴۱۸۔ملنو

۴۰۹۔۱۵، اگست ۱۹۴۷ء ۴۲۰۔سید وزیر حسن ۴۲۱۔بمبئی

۴۲۲۔سنتا کروز۔ ۴۲۳۔سولہ ستارے ۴۲۴۔۱۳، اپریل ۱۹۴۷ء

☆

۴۲۵۔قائداعظم کے کس پیر کے تلوے میں انگوٹھے کے پاس ''پدم'' کا نشان تھا۔

۴۲۶۔آل انڈیا مسلم لیگ کے تحت رائٹر کمیٹی کا قیام عمل میں آیا تھا بتایئے اس کمیٹی کنوینر صدر قائداعظم نے کس کو بنایا تھا۔

۴۲۷۔بتایئے قائداعظم کے علاوہ تحریک پاکستان کے کس اور مشہور رہنما کا یوم پیدائش ۲۴ دسمبر ہے۔

۴۲۸۔۳۰ اپریل ۱۹۴۷ء کو قائداعظم نے کہا تھا کہ پاکستان میں چھ صوبے ہونے چاہئیں، یعنی بنگال، آسام، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور سندھ، بتایئے قائداعظم نے یہ بیان کس شہر میں دیا۔

۴۲۹۔''نقش دوام'' کے نام سے حکومت نے جو کتابچہ شائع کیا ہے اس میں کیا ہے۔

۴۳۰۔بتایئے قائداعظم نے اپنے چودہ نکات میں کتنی نشستوں کے بارے میں کہا تھا۔

۴۳۱۔۹ جون ۱۹۴۷ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل کا آخری اجلاس قائداعظم کی صدارت میں دہلی کے کس ہوٹل میں ہوا تھا۔

۴۳۲۔مسلمانوں کو پریشان اور ہراساں نہیں ہونا چاہیے مسلمان سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں اس دیوار سے جو مخالف طاقت ٹکرائے گی پاش پاش ہو جائے گی، بتایئے قائداعظم نے یہ بات کس مشہور شخصیت کے دولت کدے پر ایک عصرانے میں کہی تھی۔

## جوابات

۴۲۵۔داہنے پر ۔ ۴۲۶۔جمیل الدین احمد ۔ ۴۲۷۔چودہری خلیق الزمان

۴۲۸۔دہلی ۔ ۴۲۹۔قائداعظم کے خطبات ہیں۔ ۴۳۰۔دوتہائی

۴۳۱۔امپیریل ہوٹل ۔ ۴۳۲۔لیاقت علی خاں کے دولت کدہ گل رعنا میں یہ بات کہی۔

☆

۴۳۳۔ قائداعظم کو شیکسپئر کے ڈرامہ کے کردار رومیو کے ڈائیلاگ یاد تھے بتایئے قائداعظم نے کس ہندو لیڈر کے خط کے جواب میں اس کردار کے ڈائیلاگ بھی تحریر کیئے تھے۔

۴۳۴۔ ۱۹۱۶ء اور ۱۹۳۷ء کے جن اجلاسوں میں قائداعظم نے شرکت فرمائی تھی بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوئے تھے۔

۴۳۵۔ ۱۲ مارچ ۱۹۴۷ء کو مسلم جرنلسٹ ایسوی ایشن کی جانب سے قائداعظم کو کس ہوٹل میں عصرانہ دیا گیا تھا۔

۴۳۶۔ ۱۹۳۷ء میں کلکتہ میں قائداعظم نے آل انڈیا مسلم اسٹوڈنٹس فیڈ ریشن کے پہلے اجلاس کی صدارت فرمائی تھی بتایئے اس فیڈ ریشن کے بانی کون تھے۔

۴۳۷۔ قائداعظم کا زیارت میں رہائش کا پتہ بتایئے۔

۴۳۸۔ بتایئے قائداعظم کی سرپرستی میں اخبار ڈان انگریزی کے علاوہ کونسا اردو اخبار دہلی سے جاری ہوا۔

۴۳۹۔ ۱۹۴۰ء میں قائداعظم کے بارے میں جو کتابچہ شائع ہوا تھا اس کا عنوان بتایئے۔

۴۴۰۔ پاکستان ایک ایسی حکومت ہوگی جس میں ذات پات کو سوال ہی پیدا نہ ہوگا۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ میمن چیمبر آف کامرس کے جلسے میں کہے تھے۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۴۳۳۔ گاندھی جی۔ | ۴۳۴۔ لکھنو |
| ۴۳۵۔ تاج محل ہوٹل | ۴۳۶۔ محمد نعمان |
| ۴۳۷۔ جی جی سی ۱۲۴ کوئٹہ | ۴۳۸۔ منشور سید حسن ریاض مدیر تھے |
| ۴۳۹۔ قائداعظم۔ | ۴۴۰۔ ۲۷ مارچ ۱۹۴۷ء۔ |

☆

۴۴۱۔قائد اعظم کو اپنی اہلیہ امی بائی اور اپنی والدہ کی وفات کی خبر کہاں ملی تھی۔

۴۴۲۔۱۹۴۲ءکو کرپس مشن مذاکرات دہلی میں قائد اعظم سے کہاں ہوئے تھے۔

۴۴۳۔قائد اعظم نے کن شخصیات کو خراج تحسین پیش کیا تھا۔آپ صرف تین کے نام بتایے۔

۴۴۴۔کس وائسرائے کی تحریک پر قائد اعظم اور گاندھی نے اپنے دستخطوں سے امن کی اپیل کی تھی۔

۴۴۵۔قیام پاکستان کے بعد قائد اعظم نے سب سے زیادہ کن دوشہروں میں رہائش اختیار کی۔

۴۴۶۔بتایئے قائد اعظم کو مسلم لیگ کے اجلاسوں میں خصوصی دعوت کیں دی جاتی تھی۔

۴۴۷۔۱۹جون ۱۹۲۹ءکو قائد اعظم نے برطانیہ کے کس قائد اعظم کو ایک خط لکھا تھا جس میں کچھ تجاویز پیش کی تھیں۔

۴۴۸۔اگر صحافتیں ایماندار تنقید کریں تو یہ ان کا حق ہے،انھیں حق ہے کہ وہ مجھ پر بےلاگ تنقید کریں،بتایئے قائد اعظم نے یہ بات کب کہی تھی۔

## جوابات

۴۴۱۔لندن میں　　　　۴۴۲۔سوئن وکٹوریہ روڈ دہلی

۴۴۳۔علامہ اقبال،لیاقت علی خان،خواجہ ناظم الدین۔

۴۴۴۔لارڈ ماؤنٹ بیٹن　　　　۴۴۵۔کراچی اور کوئٹہ (زیارت)

۴۴۶۔کیونکہ قائد اعظم مسلمانوں میں بےانتہا مقبول تھے۔

۴۴۷۔وزیر اعظم میکڈانلڈ۔　　　　۴۴۸۔۱۲ مارچ ۱۹۴۷ء کو مسلم جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے عصرانے میں تقریر کرتے ہوئے۔

☆

۴۴۹۔لنکنز ان سے بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد قائداعظم دوبارہ کس سال لندن گئے تھے۔

۴۵۰۔بتائیے کس تاریخ کو سب سے پہلے ریڈیو اور خبر رساں ایجنسی سے یہ خبر شائع ہوتی کہ قائداعظم پاکستان کے گورنر جنرل ہوں گے۔

۴۵۱۔۱۰ء جولائی ۱۹۴۷ءکولندن میں برطانیہ کے مسلمانوں نے حصول پاکستان کی خوشی میں ایک رعائیہ جلسہ کیا تھا بتائیے جلسہ کے شروع میں کس کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔

۴۵۲۔اے ایچ اصفہانی کی کتاب ''قائداعظم میری نظر میں'' کا پیش لفظ کس نے لکھا ہے۴۵۳۔۲۰، اکتوبر ۱۹۴۵ءکو جب قائداعظم کوئٹہ تشریف لے گئے تھے تو کس کے گھر قیام فرمایا تھا۔

۴۵۴۔۲۳ مارچ ۱۹۴۲ءکو یوم پاکستان کے موقع پر قائداعظم نے کس شہر میں تقریر کی تھی۔

۴۵۵۔بتائیے قائداعظم کا آخری عمر میں وزن کتنا تھا۔

۴۵۶۔بتائیے قائداعظم کے بارے میں یہ الفاظ کس ہندو لیڈر نے کہے تھے کہ ''اگر قائداعظم گورنر جنرل ہوکر کانٹوں کا تاج پہن رہے ہیں تو بلاشبہ وہ ہندوستان کے سب سے خادم ہیں حکمران نہیں اور وہ اس طرح پاکستان کو رہنے کے قابل بناسکتے ہیں۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۴۴۹۔۱۹۱۳ء | ۴۵۰۔۱۰، جولائی ۱۹۴۷ء |
| ۴۵۱۔قائداعظم کا پیغام | ۴۵۲۔راجہ صاحب محمود آباد |
| ۴۵۳۔قاضی عیسیٰ کی قیام گاہ۔ | ۴۵۴۔دہلی |
| ۴۵۵۔ستر پونڈ۔ | ۴۵۶۔گاندھی نے کہا تھا۔ |

☆

۴۵۷۔لندن کے لنکنز ان کے رجسٹر میں ۱۸۹۳ء کو قائداعظم کی کتنی عمر لکھی گئی تھی۔

۴۵۸۔بتایئے قائداعظم کس سن ہجری میں بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے لندن گئے۔

۴۵۹۔۱۹۱۳ء میں قائداعظم نے لندن پہنچکر طلباء کی ایک ایسی ایسوسی ایشن بنائی تھی بتایئے اس ایسوسی ایشن کی بنیاد کس تاریخ کو رکھی گئی تھی۔

۴۶۰۔امریکہ کے کس صدر نے قائداعظم کی اسلامی ریاست پاکستان کے قیام پر مبارکباد کا تار بھیجا تھا۔

۴۶۱۔قائداعظم نے مسلم لیگ کے کس سالانہ اجلاس میں مسلم لیگ رضا کارکور کا نام تبدیل کرکے نیشنل گارڈ رکھنے کا اعلان کیا تھا۔

۴۶۲۔قائداعظم نے سب سے پہلے کس ملک کے سفیر سے اسناد سفارت وصول کی تھی۔

۴۶۳۔۵ اکتوبر ۱۹۴۶ء کو نواب صاحب بھوپال نے ہند کی کونسی دو مشہور شخصیتوں کو دوپہر کے کھانے پر مدعو کیا تھا۔

۴۶۴۔میں ملت کے نوجوانوں سے کہوں گا کہ اگر وہ باہم متحد ہو کر کھڑے ہو جائیں تو ان کے عزائم کے راستے میں کوئی شے حائل نہیں ہوسکتی بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ اپریل ۱۹۳۸ میں کہاں کہے تھے۔

## جوابات

۴۵۷۔۱۹ سال

۴۵۸۔۱۳۱۱ء

۴۵۹۔۲۸ جون ۱۹۱۳ء

۴۶۰۔ہنری ٹرومین

۴۶۱۔اکتوبر ۱۹۳۷ء لکھنو میں

۴۶۲۔افغانستان

۴۶۳۔قائداعظم اور نہرو

۴۶۴۔کلکتہ

☆

۴۶۵۔یوم آزادی، قائداعظم کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات میں کیا بات مشترک ہے۔

۴۶۶۔۱۹۱۵ء میں بمبئی کے طلباء نے ایک ایسوسی ایشن قائم کی تھی بتایئے اس کا افتتاح قائداعظم نے کس ماہ کیا تھا۔

۴۶۷۔بتایئے قائداعظم نے ہوم رول لیگ سے استعفیٰ کس سن میں دیا تھا۔

۴۶۸۔قائداعظم ۱۹۴۰ء'' یہ کتابچہ ۱۹۴۰ء میں شائع ہوا تھا بتایئے یہ کتابچہ کس نے ترتیب دیا تھا۔

۴۶۹۔بتایئے قائداعظم کی قیام گاہ دہلی میں کہاں واقع تھی۔

۴۷۰۔ذرا یہ تو بتایئے کہ قائداعظم کب سے کب تک مسلم لیگ پارلیمانی پارٹی کے قائد اور ہندوستان کے قانون ساز ادارے کے رکن رہے۔

۴۷۱۔۱۹۱۳ء میں نواب وقار الملک نے آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرس کے اجلاس میں شرکت کے لئے قائداعظم کو خصوصی دعوت دعوت دی تھی بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۴۷۲۔مجھے مسلمانوں کی قسمت کے فیصلے میں نہ خوف ہے نہ ہراس'' یہ الفاظ قائداعظم نے مسلم لیگ کانفرنس کے اجلاس کی صدارت فرماتے ہوئے تقریر کے آخر میں کہے تھے۔بتایئے قائداعظم نے یہ تقریر کب اور کہاں کی تھی۔

## جوابات

۴۶۵۔تینوں تاریخیں ہر سال ایک ہی دن پڑتی ہیں۔

۴۶۶۔فروری میں ۴۶۷۔۱۹۲۰ء میں

۴۶۸۔محمود حسن (مدارس) ۴۶۹۔اورنگ زیب روڈ دہلی

۴۷۰۔۱۹۳۷ء سے ۱۹۴۷ء تک ۴۷۱۔لکھنو میں

۴۷۲۔ اکتوبر ۱۹۳۸ء کراچی میں

۴۷۳۔ بتائیے قائداعظم کراچی کے کس محلے میں رہتے تھے۔

۴۷۴۔ برصغیر کی کونسی ہوائی کمپنی قائداعظم کی ہدایات پر قائم کی گئی تھی۔

۴۷۵۔ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو قائداعظم نے قرارداد پاکستان پیش ہونے کے بعد تقریر کی تھی یا قرارداد کی تائید ہونے کے بعد تقریر شروع کی تھی۔

۴۷۶۔ قائداعظم کے ایک ہی ماموں تھے آپ ان کا نام بتائیے۔

۴۷۷۔ جن دنوں قائداعظم زیارت میں مقیم تھے وہاں ریذیڈنسی کا مالی کون تھا۔

۴۷۸۔ قائداعظم کی صاحبزادی کہاں مقیم ہے۔

۴۷۹۔ قیام پاکستان سے قبل قائداعظم کے آخری پرائیویٹ سیکرٹری کون تھے۔

۴۸۰۔ قائداعظم نے یہ الفاظ مرکزی اسمبلی کے اجلاس میں ہندو فرقہ پرستوں کی مسلم کشی اور انگریزوں کو ہندو نوازی پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہے تھے بتائیے یہ اجلاس کب ہوا تھا۔ تم تعداد میں زیادہ سہی تم ترقی یافتہ تمہاری اقتصادی حالت مستحکم سہی لیکن میں تم دونوں پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ تم دونوں الگ الگ یا متحد ہو کر ہماری روح کو فنا نہیں کر سکتے اور تم اا اسلامی تہذیب کو نہیں مٹا سکتے جو ہمیں ورثہ میں آئی ہے۔

## جوابات

۴۷۳۔ کھارادر

۴۷۴۔ اورینٹ ائر ویز (جواب پاکستان انٹرنیشنل ائر لائنز ہے)

۴۷۵۔ قرارداد کی تائید ہونے کے بعد تقریر شروع کی تھی۔

۴۷۶۔ قاسم موسیٰ

۴۷۷۔ صالح محمد۔

۴۷۸۔ امریکہ میں

۴۷۹۔ کے ایچ خورشید

۴۸۰۔ مارچ ۱۹۳۹ء میں

☆

۴۸۱۔بتایئے قائد اعظم سب سے پہلے کس سیاسی جماعت میں شامل ہوئے تھے۔ ۴۸۲۔بتایئے قائداعظم آخری عمر تک کس سیاسی جماعت سے وابستہ رہے۔

۴۸۳۔قیام پاکستان سے قبل قائد اعظم کے پہلے پرائیویٹ سیکرٹری کا نام بتایئے۔

۴۸۴۔بیرسٹری کا امتحان پاس کرنے کے بعد قائداعظم کو کتنے عرصے تک ایک بھی مقدمہ نہیں ملا تھا۔

۴۸۵۔بتایئے قائداعظم کب تک مسلم لیگ کے صدر رہے۔

۴۸۶۔۱۹۴۰ء میں قائداعظم کی ہدایات پر غیر منقسم ہندوستان کے مسلمانوں نے یوم دعا کس تاریخ کو منایا تھا۔

۴۸۷۔مسلم لیگ کا جو سالانہ اجلاس ۱۹۱۳ء میں لکھنو میں ہوا تھا کیا اس وقت قائد اعظم مسلم لیگ کے رکن تھے۔

۴۸۸۔مجھے یقین ہے کہ سندھ ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے نمونہ ہوگا۔ بتایئے اکتوبر ۱۹۳۸ء میں یہ الفاظ قائداعظم نے کہاں کہے تھے۔

## جوابات

۴۸۱۔کانگرس میں

۴۸۲۔مسلم لیگ

۴۸۳۔عثمان احمد انصاری

۴۸۴۔تقریباً تین سال

۴۸۵۔۱۳اگست ۱۹۴۷ء تک

۴۸۶۔یکم نومبر بروز بدھ۔

۴۸۷۔جی نہیں

۴۸۸۔کراچی

☆

۴۸۹۔ بتائیے قائد اعظم اور مصر کے صدر سادات میں کیا خاص بات مشترک ہے۔

۴۹۰۔ مارچ ۱۹۲۴ء میں مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس قائد اعظم کی صدارت میں کہاں ہوا تھا۔

۴۹۱۔ کیا آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس ۱۹۴۴ء کی صدارت قائد اعظم نے کی تھی۔

۴۹۲۔ بتائیے جب قائد اعظم پاکستان کے گورنر جنرل مقرر ہوئے تو آپ نے اپنا آئینی مشیر کسے مقرر کیا تھا۔

۴۹۳۔ قائد اعظم نے ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کے جلسے کے استقبالیہ کمیٹی کے چیئرمین کا شکریہ ادا کیا تھا آپ ان کا نام بتائیے۔

۴۹۴۔ ۱۹۲۰ء میں قائد اعظم نے کن دو سیاسی جماعتوں سے استعفیٰ دیا تھا۔

۴۹۵۔ قائد اعظم کو پہلی بار خصوصی طور پر مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی بتائیے یہ اجلاس کب ہوا تھا۔

۴۹۶۔ قائد اعظم نے کس جلسہ میں یہ کہا تھا کہ "بمبئی کے شہری آپ ہیں آج آپ نے زبردست فتح حاصل کی ہے۔ یہ فتح جمہوریت کی فتح ہے۔"

## جوابات۔

۴۸۹۔ دونوں کی تاریخ پیدائش ۲۵ دسمبر ہے۔ ۴۹۰۔ لاہور میں

۴۹۱۔ مسلم لیگ کا اجلاس نہیں ہوا تھا۔ ۴۹۲۔ جسٹس ایم بی احمد

۴۹۳۔ نواب ممدوٹ ۴۹۴۔ کانگرس اور ہوم رول لیگ

۴۹۵۔ ۱۹۱۲ء میں ۴۹۶۔ ۱۹۱۸ء میں لارڈ ولنگڈن کی تقریب کو ناکام بنانے کی روداد بیان کرتے ہوئے۔

☆

۴۹۷۔بتائیے قائداعظم نے سندھ مدرسہ اسکول کو کس تاریخ کو چھوڑا اور اس سال قائداعظم کس جماعت کے طالب علم تھے۔

۴۹۸۔قائداعظم تحریک خلافت کے کس رہنما پر بےحد اعتماد کرتے تھے۔

۴۹۹۔جناح میموریل ہال بمبئی کے کس واقعہ کی یادگار کے طور پر بنایا گیا تھا۔

۵۰۰۔محمد علی جناح ایمبسڈر آف یونٹی" بتائیے قائداعظم پر یہ کتاب کس نے لکھی ہے۔

۵۰۱۔بتائیے کیا قائداعظم نے سول سروس کا امتحان پاس کیا تھا۔

۵۰۲۔بتائیے قائداعظم نے لندن میں مستقل رہائش کا فیصلہ کس سن میں کیا تھا۔

۵۰۳۔۱۹۱۸ء میں لارڈ ولنگڈن کے اعزاز میں دی جانیوالی ضیافت کو قائداعظم نے ناکام بنادیا تھا آپ یہ بتائیے کہ ہال کے بر ہجوم کی قیادت کون کررہا تھا۔

۵۰۴۔یادرکھئے پاکستان کا قیام ایک ایسی حقیقت ہے۔جس کی دنیا کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ہے۔بتائیے قائداعظم نے کس پیغام میں کہی تھی۔

## جوابات

۴۹۷۔۵جنوری ۱۸۹۲ء پانچویں جماعت ۴۹۸۔مولانا شوکت علی

۴۹۹۔قائداعظم نے بمبئی کے گورنر لارڈ ولنگڈن کیا الوداعی تقریب کو ناکام بنایا تھا اس کامیابی پر بمبئی کے لوگوں نے چندہ جمع کرکے یہ ہال بنوایا تھا۔

۵۰۰۔سروجنی نائیڈو۔ ۵۰۱۔جی نہیں اس زمانے میں سول سروس کیا امتحان نہیں ہوتے تھے۔ ۵۰۲۔۱۹۳۱ء

۵۰۳۔رتن بائی۔ ۵۰۴۔پاکستان کی آزادی کی پہلی سالگرہ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء

☆

۵۰۵۔کیا آپ کو اس برطانوی وائسرائے کا نام معلوم ہے جس نے قائداعظم کو سر کا خطاب دینے کی کوشش کی تھی۔

۵۰۶۔قائداعظم نے کتنے عرصہ بعد مجسٹریٹ کے عہدے کی ملازمت پسند نہ کی تھی۔

۵۰۷۔بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے سے پہلے قائداعظم کس سن میں انگلستان گئے تھے۔

۵۰۸۔قائداعظم کے مزار کے تعویز میں جو سنگ مرمر استعمال ہوا ہے وہ کس ملک کا ہے۔

۵۰۹۔صوبہ سرحد اور بلوچستان کے بارے میں قائداعظم کے چودہ نکات میں کیا مطالبہ تھا۔

۵۱۰۔آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے آخری اجلاس کی صدارت قائداعظم نے کی تھی بتائیے یہ اجلاس کب اور کہاں ہوا تھا۔

۵۱۱۔قائداعظم کے اس بھائی کا نام بتائیے جس کا انتقال بچپن میں ہو گیا تھا۔

۵۱۲۔بتائیے کس رہنما نے ایک امریکن کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا تھا کہ اگر مجھ سے کھیلوں کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہو تو میں بتا سکتا ہوں اگر سیاست کے متعلق دریافت کرنا ہے تو مسٹر جناح کے پاس جاؤ صرف وہی سیاست پر بیان دینے کے اہل ہیں۔

## جوابات

۵۰۵۔لارڈ ریڈنگ۔ ۵۰۶۔چھ ماہ بعد

۵۰۷۔۱۸۹۲ء میں پہلی بار گئے تھے۔ ۵۰۸۔اٹلی

۵۰۹۔ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے برابر لانے کے لئے اصلاحات کا

مطالبہ چودہ نکات میں تھا۔ ۵۱۰۔ ۱۹۴۷ء کو امپریل ہوٹل دہلی میں

۵۱۱۔ بچو کہتے تھے۔

۵۱۲۔ مولانا شوکت علی۔

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

☆

۵۱۳۔ بتایئے بچپن کے کس وکیل کے دفتر میں قائداعظم نے جانا چھوڑ دیا تھا۔

۵۱۴۔ بتایئے کیا قائداعظم ۱۹۲۰ء میں مرکزی اسمبلی کے ممبر تھے۔

۵۱۵۔ قائداعظم جب ۱۹۳۰ء میں انگلستان گئے تھے تو بتایئے اس کے بعد بمبئی کس تاریخ کو پہنچ تھے۔

۵۱۶۔ بتایئے ۱۹۱۳ء میں قائداعظم لندن کیوں گئے تھے۔

۵۱۷۔ Meet Mr. Jinnah بتایئے یہ کتاب کس نے لکھی ہے۔

۵۱۸۔ ۲۶ دسمبر ۱۹۴۷ء کو قائداعظم نے کس عہدے کا حلف اٹھایا تھا۔

۵۱۹۔ قائداعظم کی کوششوں سے قیام پاکستان سے قبل کونسی جہاز راں کمپنی قائم کی گئی تھی۔

۵۲۰۔ ہم بوڑھے لوگوں کی آزمائشیں ہوچکیں اور میں آج اپنے نوجوان دوستوں کی صحبت میں انھیں بھول جانا چاہتا ہوں ممکن ہو تو آج ان کے دلوں کے نئے نئے تاروں کو چھیڑوں گا کیونکہ اب سے انھوں ہی نے ہماری امیدوں کا بوجھ اٹھانا ہے۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔

## جوابات

۵۱۳۔ اسٹیرنگ مین ۵۱۴۔ جی نہیں ۱۹۱۹ء میں مرکزی اسمبلی سے رولٹ ایکٹ کے خلاف استعفیٰ دے دیا تھا۔ ۵۱۵۔ ۲۴ اکتوبر ۱۹۳۵ء

۵۱۶۔ چھٹیاں گزارنے ۵۱۷۔ اے آر روف

۵۱۸۔ پاکستان کے چیف اسکاؤٹ۔ ۵۱۹۔ محمدی اسٹیم شپ کمپنی

۵۲۰۔ ۱۳، نومبر ۱۹۳۹ء

☆

۵۲۱۔قائداعظم نے سندھ مدرستہ الاسلام میں تعلیم پائی بتائیے اس کے بانی کون تھے۔

۵۲۲۔بتائیے قائداعظم وکالت کرنے کے کتنے سال بعد مسلم لیگ میں شامل ہوئے تھے۔

۵۲۳۔مسودہ قانون ''وقف علی اولاد'' قائداعظم نے کس کے مشورے سے بنایا تھا۔

۵۲۴۔بتائیے قائداعظم نے سندھ کی بمبئی سے علیحدگی کا مطالبہ کب کیا تھا۔

۵۲۵۔ہندوستانی بار کے لارڈ سائمن کے نام سے کون مشہور تھا۔

۵۲۶۔قائداعظم نے ہوم رول لیگ کے جس اجلاس میں ایک غلط فیصلے کے خلاف احتجاج کے طور پر استعفیٰ دیا تھا، آپ صرف یہ بتائیے کہ اس اجلاس کا صدر کون تھا۔

۵۲۷۔قائداعظم کی نماز جنازہ میں دو مرکزی وزراء نے شرکت نہیں کی تھی آپ ان کے نام بتائیے۔

۵۲۸۔کراچی کوئی معمولی شہر نہیں ہے یہاں جدید قسم کی تمام سہولتیں موجود ہیں ہوائی اڈہ اور بحری بندرگاہ کے علاوہ کھلی ہوئی جگہ ہے جس سے اس کی توسیع ممکن ہے۔'' بتائیے کراچی کے بارے میں قائداعظم نے یہ الفاظ کب فرمائے تھے۔

## جوابات

۵۲۱۔حسن علی آفندی۔ ۵۲۲۔تقریباً سولہ سال بعد

۵۲۳۔علامہ شبلی نعمانی ۵۲۴۔مارچ ۱۹۲۹ء

۵۲۵۔قائداعظم ۵۲۶۔گاندھی جی

۵۲۷۔سر ظفر اللہ اور جوگندر ناتھ منڈل ۵۲۸۔۲۵ اگست ۱۹۴۷ء کو

☆

۵۲۹۔بتایئے قائداعظم انگریزی کے کس اخبار کے ڈائریکٹروں کے چیئرمین تھے۔

۵۳۰۔بتایئے قائداعظم کی رتن بائی سے شادی کے لئے قاضی کا انتظام کس نے کیا تھا۔

۵۳۱۔قائداعظم نے لارڈ ولنگڈن کی الوداعی ضیافت کے جلسہ میں جو مخالفت کی تھی بتایئے یہ جلسہ کب ہوا تھا۔

۵۳۲۔ستمبر ۱۹۲۰ء میں کلکتہ میں مسلم لیگ کا جو اجلاس ہوا تھا اس کی صدارت کس نے کی تھی۔

۵۳۳۔قائداعظم نے لندن میں دوران تعلیم جس جگہ قیام فرمایا تھا وہاں کیا تختی لگی ہوئی ہے۔

۵۳۴۔۳ جون ۱۹۴۷ء کو ریڈیو سے قائداعظم نے جو تقریر کی تھی اس تقریر کا آخری لفظ کیا تھا۔

۵۳۵۔۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو قائداعظم کس ٹرین سے لاہور پہنچے۔

۵۳۶۔۱۲ اپریل ۱۹۴۸ء کو قائداعظم نے ایک کالج کے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ مجھے خاص طور پر اس بات پر فخر ہے کہ اس صوبے کے عوام کبھی بھی، کسی طرح بھی جدوجہد آزادی اور حصول پاکستان کی کوششوں میں دوسرے سے پیچھے نہیں رہے۔'' بتایئے قائداعظم نے یہ بات کہاں کہی تھی۔

## جوابات

۵۲۹۔بمبئی کرانیکل

۵۳۰۔مسٹر شریف دیوجی کانجی

۵۳۱۔۱۱، دسمبر ۱۹۱۸ء

۵۳۲۔قائداعظم

۵۳۳۔۳۵۔رسل روڈ

۵۳۴۔پاکستان زندہ باد

۵۳۵۔ فرنٹیر میل

۵۳۶۔ پشاور میں اسلامیہ کالج کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی تھی۔

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

☆

۵۳۷۔ بتایئے قائداعظم اپنے والد کو کیا کہتے تھے۔

۵۳۸۔ بتایئے قائداعظم کو مرکزی اسمبلی کی رکنیت کب تک حاصل رہی۔

۵۳۹۔ مارچ ۱۹۴۱ء میں مسلم طلباء کی فیڈریشن کا ایک اجلاس قائداعظم کی صدارت میں ہوا تھا، بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۵۴۰۔ ہیکٹر بولائتھو کی کتاب Jinnah creator of Pakistan کا اردو ترجمہ کس نے کیا ہے۔

۵۴۱۔ ۱۹۴۰ء میں مشہور و معروف قرارداد لاہور کا مسودہ تیار کرنے کے لئے ایک کمیٹی کا تقرر عمل میں آیا تھا، بتایئے اس کمیٹی کے اراکین کون تھے۔

۵۴۲۔ پریوی کونسل کی پریکٹس کے سلسلے میں قائداعظم نے لندن میں ایک بنگلہ خریدا تھا، بتایئے یہ بنگلہ کس روڈ پر تھا۔

۵۴۳۔ ۱۹۳۷ء میں مسلم لیگ کا اجلاس قائداعظم کی صدارت میں لکھنو میں ہوا تھا، بتایئے تاریخ کیا تھی۔

۵۴۴۔ حکومت کی تعریف کرو جب وہ اس کی مستحق ہو، اور حکومت پر بے خوف و خطر نکتہ چینی کرو جب وہ اس کی سزاوار ہو۔ لیکن ہر وقت نکتہ چینی نہ کرو، بتایئے قائداعظم نے یہ بات کب کہی تھی۔

## جوابات

۵۳۷۔ بابا کہتے تھے۔ ۵۳۸۔ ۱۹۳۷ء سے تا حیات

۵۳۹۔ لاہور میں ۵۴۰۔ زبیر صدیقی

۵۴۱۔ قائداعظم اور سکندر حیات ۵۴۲۔ ویسٹ ہیتھ روڈ

۵۴۳۔ ۱۵ دسمبر ۵۴۴۔ ۱۸، اپریل ۱۹۴۸ء کو ایڈورڈ کالج پشاور کے طلبہ سے۔

۵۴۵۔ چرچ مشن اسکول میں قائداعظم کس ماہ اور کس سن میں داخل ہوئے تھے۔

۵۴۶۔ دسمبر ۱۹۴۶ء کے دورہ انگلستان میں قائداعظم کے ساتھ کونسی مشہور شخصیت گئی تھی۔

۵۴۷۔ بتایئے قائداعظم نے کل کتنی گول میز کانفرنس میں شرکت فرمائی۔

۵۴۸۔ ۱۸۷۱ء سے ۱۸۸۰ء تک جنوبی ایشیا کے مسلمانوں میں بڑے بڑے رہنما پیدا ہوئے ان میں ایک قائداعظم تھے آپ کسی تین اور رہنماؤں کے نام بتایئے۔

۵۴۹۔ ۲۵ جون ۱۹۴۵ء کو لارڈ ویول کی دعوت پر شملہ کانفرنس میں قائداعظم نے بھی شرکت کی تھی، بتایئے اس کانفرنس میں کتنے نمایندوں نے شرکت کی۔

۵۵۰۔ مشہور اداکار کا آزاد کس شہر میں قائداعظم کا ڈرائیور تھا۔

۵۵۱۔ کیا آپ کو قائداعظم کی آخری ذاتی کار کا نام معلوم ہے۔

۵۵۲۔ Quit India ایک ڈھونگ ہے جس کا مقصد حکومت برطانیہ کو مجبور کرنا ہے کہ وہ اقتدار ہندوؤں کو سونپ دے ان الفاظ کی قائداعظم نے **مسلم** کے ایک جلسہ میں وضاحت کی تھی بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

۵۴۵۔ مئی ۱۸۹۲ء۔ ۵۴۶۔ لیاقت علی خاں

۵۴۷۔ دو گول میز کانفرنسوں میں ۵۴۸۔ مولانا شوکت علی، مولانا محمد علی، علامہ اقبال، سر آغا خاں، مولانا حسرت موہانی، مولانا ظفر علی خاں۔

۵۴۹۔ اکیس۔ ۵۵۰۔ بمبئی

۵۵۱۔ پیکارڈ ۵۵۲۔ اپریل ۱۹۴۳ء کو دہلی میں۔

☆

۵۵۳۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائداعظم کو کون سے پھول پسند تھے۔

۵۵۴۔ بتایئے قائداعظم کا پیشہ کیا تھا۔

۵۵۵۔ قرارداد پاکستان ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء بروز منگل پیش ہوئی تھی بتایئے قائداعظم قرارداد پاکستان پیش ہونے سے پہلے کس دن لاہور پہنچے تھے۔

۵۵۶۔ بتایئے قائداعظم کی کابینہ میں کل کتنے وزیر تھے۔

۵۵۷۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ قائداعظم سب سے زیادہ عرصہ کس سیاسی جماعت کا رکن رہے۔

۵۵۸۔ بتایئے قائداعظم اپنی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح کو پیار سے کیا کہتے تھے۔

۵۵۹۔ بتایئے ۱۹۰۳ء میں ایک ہزار روپے ماہانہ پر قائداعظم نے بمبئی کس ادارے میں ملازمت اختیار کی تھی۔

۵۶۰۔ ہم نے پاکستان حاصل کرلیا ہے لیکن یہ ہمارے مقصد کی ابتدا ہے ابھی ہم پر بڑی ذمہ داریاں ہیں حصول پاکستان کے مقابلے میں اس ملک کی تعمیر پر کہیں زیادہ کوششیں صرف کرنی ہیں اور اس کے لئے قربانیاں بھی دینی ہیں۔" بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب کہے تھے۔

## جوابات

۵۵۳۔ کارنیشن گلاب

۵۵۴۔ وکالت

۵۵۵۔ جمعرات کے دن۔

۵۵۶۔ سات وزیر

۵۵۷۔ مسلم لیگ

۵۵۸۔ فطی اور کبھی فاطی کہتے تھے۔

۵۵۹۔ کارپوریشن آف بمبئی

۵۶۰۔ پاکستان میں پہلی عید الفطر کے موقع پر ۱۸، اگست ۱۹۴۷ کو۔

☆

۵۶۱۔ ۱۹ اگست کو قائداعظم کے اعزاز میں کس نے ڈنر دیا تھا۔

۵۶۲۔ کس وائسرائے نے اوقاف کا بل مجلس قانون ساز اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے قائداعظم کے عہدہ میعاد رکنیت میں دو سال کی توسیع کر دی تھی۔

۵۶۳۔ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء قائداعظم کو تقریر سے قبل رسالہ ہمایوں لاہور کے ایڈیٹر نے قائداعظم کی شان میں ایک نظم پڑھی بتایئے ان کا کیا نام تھا۔

۵۶۴۔ ۱۹۲۸ء میں قائداعظم جس جہاز سے لندن گئے تھے اس کا نام بتایئے۔

۵۶۵۔ قائداعظم۔ ایک قوم کی سرگزشت۔ بتایئے یہ کتاب کس نے لکھی ہے۔

۵۶۶۔ بتایئے قائداعظم کی سرپرستی میں کونسا انگریزی ہفت روزہ پہلے دہلی میں شائع ہوتا تھا۔ پھر ۱۹۴۲ء میں یہ روزنامہ ہو گیا اس اخبار کا نام بتایئے۔

۵۶۷۔ بتایئے قائداعظم کے والد کا انتقال کس شہر میں ہوا تھا۔

۵۶۸۔ ہم مسلمانوں کو خداوند عالم نے بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے، ذہانت، قابلیت، عزم استقلال اللہ کا دیا سب کچھ ہمارے پاس ہے لیکن ہماری راہ میں کچھ دشواریاں بھی ہیں جن کا مقابلہ ہمیں مردانہ وار کرنا ہے۔'' یہ بات قائداعظم نے ۱۷ اپریل ۱۹۴۷ء کو کس شہر میں کہی تھی۔

## جوابات

۵۶۱۔ غلام حسین ہدایت اللہ۔ ۵۶۲۔ وائسرائے لارڈ ہارڈنگ

۵۶۳۔ میاں بشیر احمد۔ ۵۶۴۔ ایس ایس راجپوتانہ

۵۶۵۔ جی الانہ ۵۶۶۔ روزنامہ ڈان

۵۶۷۔ بمبئی۔ ۵۶۸۔ دہلی میں

۵۶۹۔ مملکت پاکستان کا اتاترک اور اسٹالن قائداعظم کو یہ خطاب کس نے دیا تھا۔

۵۷۰۔ محترمہ فاطمہ جناح قائداعظم کو پیار میں کیا کہتی تھی۔

۵۷۱۔ قیام پاکستان کے بعد قائداعظم کے پہلے پرائیویٹ سیکرٹری کون تھے۔

۵۷۲۔ وقف علی الاولاد کا مسودہ قائداعظم نے بنایا تھا بتایئے وقف علی الاولاد کا بل کب پاس ہوا تھا۔

۵۷۳۔ ۲۱ نومبر ۱۹۴۲ء کو قائداعظم نے اخبار نویسوں کو پریس کانفرنس سے کہاں خطاب کیا تھا۔

۵۷۴۔ قائداعظم نے کراچی کے سندھ مدرسہ کو چھوڑ کر بمبئی کے کس اسکول میں داخلہ لیا تھا آپ اس اسکول کا نام بتایئے

۵۷۵۔ پاکستان کے انگریزی زبان کے کس شاعر نے قائداعظم کی سوانح لکھی تھی۔

۵۷۶۔ اس میں قطعاً کوئی شبہ نہیں کہ مسلمان ایک جداگانہ قوم ہیں۔ ہندوستان کے شمال مغربی اور شمال مشرقی خطوں میں ان کی آبادی سات کروڑ ہے۔ یہ الفاظ قائداعظم نے ۹ نومبر ۱۹۴۲ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہے تھے بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۵۶۹۔ لیاقت علی خان | ۵۷۰۔ جن |
| ۵۷۱۔ ایس ایم یوسف | ۵۷۲۔ ۱۹۱۳ء |
| ۵۷۳۔ لاہور میں۔ | ۵۷۴۔ انجمن اسلام اسکول |
| ۵۷۵۔ جی الانہ | ۵۷۶۔ دہلی میں |

All rights reserved. ©2002-2006

☆

۵۷۷۔ بتایئے قائداعظم کے بھائیوں اور بہنوں میں کون حیات ہیں۔

۵۷۸۔ قائداعظم نے وقف علی الاولاد کا بل سب سے پہلے کب کونسل پیش کیا تھا۔

۵۷۹۔ قائداعظم نے کتنی عمر میں بیرسٹری کا امتحان پاس کیا تھا۔

۵۸۰۔ ۱۹ جون ۱۹۲۹ء کو وزیراعظم ریمز ے میکڈانلڈ کو قائداعظم نے ایک کمیشن کے بارے میں ایک مکتوب لکھا تھا۔ بتایئے اس کمیشن کا کیا نام تھا۔

۵۸۱۔ قائداعظم کے چودہ نکات کو سب سے پہلے ان کی تبلیغ اور تلقین کے لئے اپنی زبان وقلم کس نے وقف کیا جس سے قائداعظم کی کافی مشکل آسان ہوئی تھی۔

۵۸۲۔ بتایئے قائداعظم نے ہوم رول لیگ سے کس ماہ استعفیٰ دیا تھا۔

۵۸۳۔ قائداعظم پیدا تو کراچی میں ہوئے تھے بتایئے ان کی وفات کہاں ہوئی تھی۔

۵۸۴۔ ہندوستان ایک قومی اسٹیٹ نہیں ہے، نہ ایک **ملک** ہے بلکہ ایک نیم براعظم ہے جس میں متعدد قومیں ہیں، منجملہ ان کے ہندو اور مسلمانوں کی دو بڑی قومیں ہیں، بتایئے قائداعظم نے یہ بات کس کتاب کے پیش لفظ میں لکھی تھی۔

## جوابات

۵۷۷۔ شیریں جناح۔ ۵۷۸۔ ۱۹۲۱ء

۵۷۹۔ تقریباً ۲۰ سال ۵۸۰۔ سائمن کمیشن

۵۸۱۔ مولانا محمد علی جوہر۔ ۵۸۲۔ اکتوبر

۵۸۳۔ کراچی میں ۵۸۴۔ Pakistan and Muslim India

☆

۵۸۵۔کس تاریخ کو قائداعظم سندھ مدرستہ الاسلام میں انگریزی کی پہلی جماعت میں داخل ہوئے تھے۔

۵۸۶۔قائداعظم نے وزارتی مشن کی تجاویز کو مسترد کرنے کا اعلان کب کیا۔

۵۸۷۔بتایئے یہ کس نے کہا تھا کہ خدا میری عمر بھی قائداعظم کو بخشے۔

۵۸۸۔بتایئے قائداعظم قیام پاکستان کے بعد کب امریکہ گئے تھے۔

۵۸۹۔حکومت پاکستان کی طرف سے پہلے کی سوانح عمری کس نے لکھی تھی۔

۵۹۰۔میرا قائد بتایئے قائداعظم پر یہ کتاب کس نے لکھی تھی۔

۵۹۱۔قیام پاکستان کے بعد قائداعظم نے کل کتنی عیدیں منائیں۔

۵۹۲۔وہ اسلام کی خدمت میں صادق، مخلص اور وفادار تھے جو راہ ان کی نظر میں ٹھیک تھی اس پر سے انھیں کوئی لالچ نہیں ہٹا سکتا تھا جب ۱۹۳۲ء میں مسلم لیگ نے حیات نو پائی انھوں نے یہ طے کیا کہ وہ اس نظام کے تحت مسلمانوں کی خدمت کریں گے۔بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کس کے بارے میں کہے تھے۔

## جوابات

۵۸۵۔۸،جولائی ۱۸۸۷ء　　۵۸۶۔ ۲۹ جولائی ۱۹۴۶ء

۵۸۷۔نواب بہادر یار جنگ۔　　۵۸۸۔ امریکہ نہیں گئے تھے۔

۵۸۹۔لیکٹر بالاتھو　　۵۹۰۔زیڈاے سلیری

۵۹۱۔مولانا شوکت علی۔

☆

۵۹۳۔ چرچ مشن اسکول میں قائداعظم نے تعلیم حاصل کی تھی۔ بتایئے یہ اسکول کس سن میں قائم ہوا تھا۔

۵۹۴۔ قائداعظم کوٹ کالر میں کونسا پھول لگاتے تھے۔

۵۹۵۔ ۱۹۴۶ء میں لندن سے کراچی واپس آنے پر قائداعظم نے کس کے محل میں قیام کیا تھا۔

۵۹۶۔ برصغیر کی کس شخصیت کے ساتھ رہ کر قائداعظم نے سیاسی زندگی کا آغاز کیا تھا۔

۵۹۷۔ ۷، اگست ۱۹۴۷ء سے پہلے قائداعظم نے ماؤنٹ بیٹن سے کب اور کہاں ملاقات کی تھی۔

۵۹۸۔ قیام پاکستان کے بعد قائداعظم سب سے پہلے لاہور کس ماہ گئے تھے۔

۵۹۹۔ بتایئے بیماری سے قبل قائداعظم کا وزن کتنا تھا۔

۶۰۰۔ ہم برطانیہ اور گاندھی میں سے کسی کو بھی مسلمانوں پر حکومت نہیں کرنے دیں گے ہم آزادی چاہتے ہیں، میں مسلمانوں سے درخواست کرتا ہوں کہ اپنے آپ کو منظم کریں اور لیگ کونسل کے ممبروں سے کہتا ہوں کہ جاؤ اور مسلم لیگ کا پیغام بچے بچے کو پہنچا دو۔ یہ بات قائداعظم نے ۲۵ فروری ۱۹۴۰ء کو آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں کہی تھی، بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

۵۹۳۔ ۱۸۴۶ء۔ ۵۹۴۔ کبھی کوٹ کے کالر پر پھول نہیں لگایا۔

۵۹۵۔ نواب بہاولپور کے محل میں۔

۵۹۶۔ دادا بھائی نوروجی۔ ۵۹۷۔ ۵ اگست ۱۹۴۷ء کو دہلی میں

۵۹۸۔ ستمبر ۱۹۴۷ء کو ۵۹۹۔ ایک سو بارہ پونڈ ۶۰۰۔ دہلی میں

☆

۲۰۱۔ بتایئے قائداعظم نے کل کتنی شادیاں کی تھیں۔

۲۰۲۔ قائداعظم ۱۹۱۷ء میں ہوم رول لیگ میں شامل ہوئے تھے، بتایئے ہوم رول لیگ کا قیام کہاں عمل میں آیا۔

۲۰۳۔ شیر آ جائے تو مینے کو چھپ جانا چاہیے ۔۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو یہ الفاظ قائداعظم نے کس شخصیت کو آتے دیکھا تو کہے تھے۔

۲۰۴۔ مسلم لیگ کے کس آخری اجلاس میں قائداعظم کو خصوصی دعوت دی گئی تھی۔

۲۰۵۔ بتایئے قائداعظم کی اپیل پر پہلا یوم پاکستان کب منایا گیا۔

۲۰۶۔ ۱۹۴۶ء میں قائداعظم آخری بار کس تاریخ کو کراچی پہنچے تھے۔

۲۰۷۔ لندن کی اس لائبریری کا نام بتایئے جہاں اکثر قائداعظم مطالعہ کرتے تھے۔

۲۰۸۔ میں بارگاہ خداوندی میں دعا کرتا ہوں کہ وہ اس نازک ترین وقت میں ہماری رہنمائی کرے اور اس اعلان سے جتنی ذمہ داریاں وابستہ ہیں انھیں نہایت دانش اور عقلمندی کے ساتھ انجام دینے کی توفیق عطا فرمایئے۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کس شہر کے ریڈیو سے تقریر کرتے ہوئے کہے تھے۔

## جوابات

۲۰۱۔ دو شادیاں ۲۰۲۔ مدارس

۲۰۳۔ مولوی فضل الحق ۲۰۴۔ ۱۹۱۳ء کے لکھنو اجلاس

۲۰۵۔ ۲۳ مارچ ۱۹۴۱ء ۲۰۶۔ ۲۱ دسمبر ۱۹۴۶ء

۲۰۷۔ برٹش میوزیم لائبریری۔ ۲۰۸۔ ۳ جون ۱۹۴۷ء کو آل انڈیا ریڈیو دہلی سے

☆

۶۰۹۔ قائداعظم کی پہلی شادی ان کے آبائی گاؤں میں ہوئی تھی۔ آپ اس گاؤں کا نام بتایئے۔

۶۱۰۔ قائداعظم ۱۹۰۶ء میں کانگرس کے رکن پہلے بنے بتایئے مسلم لیگ کے رکن کیوں پہلے کیوں نہیں ہوئے۔

۶۱۱۔ قومی کھیلوں میں اول پوزیشن حاصل کرنیوالی ٹیم کو جو شیلڈ دی جاتی ہے، وہ کس کے نام سے منسوب ہے۔

۶۱۲۔ بتایئے قائداعظم کتنے عرصہ تک گورنر جنرل پاکستان کے عہدے پر فائز رہے۔

۶۱۳۔ مارچ ۱۹۴۱ء میں مسلم طلبا کی فیڈریشن کا جو اجلاس ہوا تھا اس کی صدارت قائداعظم نے فرمائی تھی بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۶۱۴۔ قائداعظم کی ذاتی کار کا کیا نمبر تھا۔

۶۱۵۔ بتایئے قائداعظم نے مسلم لیگ کے کس اجلاس میں اپنی زندگی کی بہترین تقریر کی تھی

۶۱۶۔ ہم سب پاکستانی ہیں اور مملکت کے لئے ہم سب کو مل جل کر کام کرنا ہے، قربانیاں دینی ہیں اور وقت پڑے تو جان بھی دیدیتا ہے تاوقتیکہ پاکستان ایک عظیم مملکت نہ بن جائے،، بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور کہاں فرمائے تھے۔

## جوابات

۶۰۹۔ پینیلی                ۶۱۰۔ مسلم لیگ وجود میں نہیں آئی تھی۔

۶۱۲۔ قائداعظم                ۶۱۲۔ ایک سال ۲ دن۔

۶۱۳۔ لاہور۔                ۶۱۴۔ کے اے ایم ۱۳۲۷۔

۶۱۵۔ مارچ ۱۹۴۰ء کو قرارداد پاکستان پیش ہونیوالے جلسے میں کی تھی۔

۶۱۶۔ ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء کو کراچی میں۔

☆

۶۱۷۔ بتائیے ہوم رول لیگ کی بمبئی شاخ کے پہلے صدر کون تھے۔

۶۱۸۔ بتائیے قائداعظم کے کتنے بھانجے تھے۔

۶۱۹۔ ان خاتون کا نام بتائیے جنھوں نے قائداعظم کو موٹر چلانا سکھانا شروع کیا تھا۔

۶۲۰۔ ۱۹۱۷ء میں امپریل کونسل کے دوبارہ انتخاب کے موقع پر بمبئی کے مسلمانوں نے قائداعظم کو دوبارہ کونسل کے لئے اپنا ممبر چنا، بتائیے اس الیکشن میں قائداعظم کے حریف کون تھے۔

۶۲۱۔ بتائیے قائداعظم کو مرکزی اسمبلی کی رکنیت کب تک حاصل رہی۔

۶۲۲۔ ۱۹۴۶ء میں دہلی میں مسلم لیگ کے اجلاس کے موقع پر قائداعظم نے ایک استقبالیہ میں شرکت کی تھی بتائیے انھیں یہ دعوت کس کی جانب سے دی گئی تھی۔

۶۲۳۔ بتائیے قائداعظم کے مقبرے میں سنگ مرمر کا کام کس نے انجام دیا ہے۔

۶۲۴۔ ہمیں قرآنی دلائل کی روشنی میں اخلاق و عقائد کو درست کرنا چاہیے اور اس کی روشنی میں حق و صداقت کی جستجو بھی جاری رکھنا چاہیے اگر ہماری صداقت پرستی بے داغ ہے تو یقیناً ہم اپنے طریقہ پر منزل کو جالیں گے ہمیں اتنے ہی حصہ پر قناعت کرنی چاہیے جس کو ہم دوسروں کی حق تلفی کے بغیر حاصل کر سکتے ہیں۔“ بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور موقع پر کہے تھے

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۶۱۷۔ قائداعظم | ۶۱۸۔ دو (اکبر علی جعفر بھائی اور اکبر پیر بھائی |
| ۶۱۹۔ شیریں جناح | ۶۲۰۔ رفیع الدین |
| ۶۲۱۔ تاحیات | ۶۲۲۔ جناح اسپورٹس کلب |
| ۶۲۳۔ محمد اسحاق اور احمد خاں | ۶۲۴۔ ۱۳، نومبر ۱۹۳۹ء کو یوم عید کے موقع پر |

☆

۲۲۵۔قائداعظم لندن میں اتوار کو کس پارک میں جا کر وہاں دنیا کی اس مشہور، جلسہ گاہ میں حکومت پر لوگوں کی تنقید سنا کرتے۔

۲۲۶۔ سندھ مدرسہ میں پہلے قائداعظم کا اندراج نمبر ۱۱۴ تھا بتائیے دوسرا اندرج نمبر کیا تھا۔

۲۶۷۔قائداعظم کی ہمشیرہ محترمہ فاطمہ جناح نے کراچی کے کس کالج کا سنگ بنیاد رکھا تھا۔

۲۲۸۔تم نے میری تجویز کو مسترد کرکے بڑا اچھا کیا'' بتائیے یہ جملہ قائداعظم کس نے کہ تھا۔

۲۲۹۔بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد قائداعظم کس جہاز سے کراچی آئے تھے

۲۳۰۔بتائیے قائداعظم کو دنیا میں سب سے زیادہ کس سے محبت تھی۔

۲۳۱۔قائداعظم نے گورنر جنرل کی حیثیت سے کس تاریخ کو صوبہ سرحد میں ڈاکٹر خان کی کانگریسی حکومت کو برطرف کیا تھا۔

۲۳۲۔قائداعظم کے بارے میں درج ذیل الفاظ کس نے اپنی کتاب میں لکھے ہیں۔یہ قسمت کا دھنی، جو اچانک غیر متوقع غربت کا شکار ہوگیا تھا۔محض اپنی پر کشش جوانی، جرات اور اولوالعزمی کے بل بوتے پر دنیا کو مسخر کرنے نکل کھڑا ہو۔

## جوابات

۲۲۵۔ہائیڈ پارک ۲۲۶۔۱۷۸

۲۲۷۔خاتون پاکستان گرلز کالج ۲۲۸۔سر چارلس اولیونٹ

۲۲۹۔بحری جہاز سے آئے تھے۔ ۲۳۰۔اپنے ماں اور باپ سے

۲۳۱۔۲۱۔اگست ۱۹۴۷ء ۲۳۲۔سروجنی نائیڈو نے اپنی کتاب ایمبیڈو آف یونٹی صفحہ ۴ پر لکھا ہے۔

☆

۲۳۳۔ بتایئے قائداعظم سب سے زیادہ کونسا پھل پسند کرتے تھے۔

۲۳۴۔ جب قائداعظم ۱۸۹۲ء میں بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے لندن گئے تھے تو وہاں کتنے افراد سے واقفیت تھی۔

۲۳۵۔ بتایئے قائداعظم کے بھانجوں میں کتنے حیات ہیں۔

۲۳۶۔ ۱۶ اکتوبر ۱۹۱۷ء کو کانگرس اور مسلم لیگ کا مشترکہ اجلاس کہاں ہوا تھا واضح رہے کہ اس میں قائداعظم نے بھی شرکت کی تھی۔

۲۳۷۔ بتایئے قائداعظم اور سروجنی نائیڈو کا پہلا تعارف کہاں ہوا تھا۔

۲۳۸۔ بتایئے قائداعظم نے کتنے گورنر جنرل مقرر کئے جانے کا اظہار کیا تھا۔

۲۳۹۔ جامعہ کراچی کے آرٹس آڈیٹوریم میں قائداعظم کی طلبہ کے ساتھ پینٹنگ نصب ہے اس کا خالق کون ہے۔

۲۴۰۔ مسلمانوں کے لیے واحد راہ نجات یہ ہے کہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے طریقے سیکھیں مسلمان اس طرح نہ صرف اجنبی حکمرانوں سے اپنا لوہا منوالیں گے بلکہ اکثریت کو بھی بتا دیں گے کہ مسلمان ملک کے برابر کے حصہ دار ہیں۔ قائداعظم نے یہ الفاظ اپریل ۱۹۳۸ء میں مسلم لیگ کے ایک اجلاس میں کہے تھے بتایئے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

## جوابات

۲۳۳۔ آم ۔ ۲۳۴۔ کسی سے واقفیت نہ تھی۔

۲۳۵۔ ایک اکبری جعفر بھائی۔ ۲۳۶۔ الہ آباد

۲۳۷۔ پرنسس میری جمخانہ بمبئی۔ ۲۳۸۔ تین، پہلا پاکستان کا دوسرا ہندوستان اور تیسرا گورنر اتھارٹی اعلیٰ ہوتا کہ دونوں میں اثاثہ کی تقسیم وغیرہ کا تنازعہ حل کرا سکے

۲۳۹۔ سجاد حسین۔ ۲۴۰۔ کلکتہ

☆

۶۴۱۔ کیا آپ اس پہلے فرانسیسی سفیر کا نام بتا سکتے ہیں جس نے قائداعظم کو اسناد سفارت پیش کی تھی۔

۶۴۲۔ بتایئے Sayings of Quaid-e-Azam کا دوسرا ایڈیشن کب اور کس موقع پر شائع ہوا تھا۔

۶۴۳۔ قائداعظم نے رولٹ ایکٹ کی منظوری کے بعد لیجسلیٹو کونسل سے استعفیٰ دیدیا تھا۔ بتایئے رولٹ ایکٹ کی منظوری کس وائسرائے نے دی تھی۔

۶۴۴۔ بتایئے رتن بائی کا انتقال کس تاریخ کو ہوا تھا۔

۶۴۵۔ مانٹیگو اصلاحات پر مسلم لیگ نے اپنا نقطہ نظر پیش کرنے کے لیے اپنا ایک وفد انگلستان بھیجا تھا اس وفد میں قائداعظم بھی شامل تھے۔ بتایئے یہ وفد کتنے ارکان پر مشتمل تھا۔

۶۴۶۔ ۱۱، اگست ۱۹۴۷ء کو قائداعظم کی صدارت کرسی پر رونق افروز ہونے کے بعد پہلی تقریر کس نے کی تھی۔

۶۴۷۔ بتایئے رتن بائی کے انتقال کے بعد قائداعظم کتنے عرصہ زندہ رہے۔

۶۴۸۔ آپ کو چاہیے کہ ویسا ہی اتحاد قائم رکھیں جیسا حصول پاکستان کے جدوجہد کے وقت تھا یہ بات قائداعظم نے ۲۰ اپریل ۱۹۴۸ء کو کس شہر میں ایک بڑے اجتماع سے فرمائی تھی۔

## جوابات

۶۴۱۔ ایم لیون مارشل۔ ۶۴۲۔ ۱۹۷۴ء کو اسلامی سربراہی کانفرنس کے موقعہ پر

۶۴۳۔ لارڈ چیمسفورڈ۔ ۶۴۴۔ ۲۰ فروری ۱۹۲۹ء ۶۴۵۔ تین ارکان

۶۴۶۔ لیاقت علی خاں ۶۴۷۔ انیس سال چھ ماہ اکیس دن

۶۴۸۔ پشاور

☆

۲۴۹۔ قائداعظم بمبئی اورنیٹ کلب کے ممبر تھے ۔ بتایئے وہ وہاں کون سے دو کھیل کھیلتے تھے

۲۵۰۔ رتن بائی اپنی سالگرہ کس تاریخ کو مناتی تھیں۔

۲۵۱۔ جب قائداعظم نے اسٹیٹ بینک کا افتتاح کیا تو کراچی میں کتنے روز وقیام فرمایا تھا۔

۲۵۲۔ ۱۱، دسمبر بمبئی کے لیے ایک تاریخی دن ہے۔ جایئے اور جمہوریت کی اس فتح پر جشن منایئے بتایئے یہ بات قائداعظم نے کس واقع کے بعد کہی تھی ۔

۲۵۳۔ بتایئے قائداعظم کے انتقال کے بعد مسلم لیگ کے سربراہ کون تھے ۔

۲۵۴۔ ۱۱، اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کا اجلاس قائداعظم کی صدارت میں ہوا تھا۔ بتایئے آخر میں پاکستانی عورتوں کی طرف سے کس خاتون نے قائداعظم کا شکریہ ادا کیا تھا۔

۲۵۵۔Sayings of Quaid-e-Azam رضوان احمد کی کتاب ہے، بتایئے اس کتاب کی قیمت کیا رکھی گئی ہے۔

۲۵۶۔ صوبائیت ایک لعنت ہے، ایک بیماری ہے میں اس سے مسلمانوں کو نجات دلانا چاہتا ہوں ۔ کوئی قوم اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتی جب تک کہ وہ ایک عزم کے ساتھ متحد ہو کر نہ چلے، بتایئے قائداعظم نے یہ بات کب اور کہاں فرمائی تھی ۔

## جوابات

۲۴۹۔ بلیئر ڈاور شطرنج۔ ۲۵۰۔ ۲۰ فروری۔ ۲۵۱۔ ۵ دن ۔

۲۵۲۔ لارڈ ولنگڈن کو الوداعی ضیافت کو ناکام بنانے کے بعد ۲۵۳۔ خلیق الزمان

۲۵۴۔ بیگم شاہنواز ۲۵۵۔ بیش قیمت یعنی کوئی قیمت نہیں رکھی گئی ۔

۲۵۶۔ ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء کو کراچی میں ۔

☆

۲۵۷۔ بتائیے قائداعظم کی سب سے زیادہ کس ملازم نے خدمت کی۔

۲۵۸۔ بتائیے قائداعظم کو مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لیے پہلی بار دعوت دی گئی تھی۔

۲۵۹۔ ۱۹ اپریل ۱۹۴۸ء کو کس ملک کے سفیر نے قائداعظم کو اسنادِ سفارت پیش کیں تھیں۔

۲۶۰۔ قائداعظم کی سب سے پہلی ملاقات لیاقت علی خان سے کب اور کہاں ہوئی تھی۔

۲۶۱۔ آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے آخری اجلاس کی صدارت قائداعظم نے کی تھی۔ بتائیے یہ اجلاس کب اور کہاں ہوا تھا۔

۲۶۲۔ بتائیے قائداعظم نے اورینٹ کلب بمبئی سے کب استعفیٰ دیا تھا۔

۲۶۳۔ کیا آپ کو قائداعظم کے ان اے ڈی سی کا نام معلوم ہے جو بعد کو مشرقی پاکستان کے گورنر بنے۔

۲۶۴۔ اگر آپ پاکستان کو ایک عظیم ملک دیکھنا چاہتے ہیں تو اپنے آرام و آسائش اور تفریحوں کو بھول جائیں جتنا زیادہ کام کر سکتے ہیں کریں اور زیادہ سے زیادہ وقت دیں۔ بتائیے قائداعظم نے یہ بات بلوچستان کے حکام کو مخاطب کرتے ہوئے سبی میں کب کہی تھی۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۲۵۷۔ واسن | ۲۵۸۔ ۱۹۱۳ء میں بانکی پور کے اجلاس میں |
| ۲۵۹۔ فرانس | ۲۶۰۔ کلکتہ ۱۹۲۸ء کے مسلم لیگ کے اجلاس میں |
| ۲۶۱۔ ۹، جون ۱۹۴۷ء کو دہلی میں۔ | ۲۶۲۔ ۱۹۱۸ء۔ |
| ۲۶۳۔ ایس ایم احسن | ۲۶۴۔ ۱۴ فروری ۱۹۴۸ء |

☆

۲۶۵۔انتقال سے قبل زیارت میں قائداعظم نے کس کے ہاتھ سے اپنی پسندیدہ حلوہ پوری بنوا کر کھائی تھی۔

۲۶۶۔۱۹۷۰ء میں اسلامی وزرائے خارجہ کانفرنس کراچی کے موقع پر قائداعظم کے اقوال کی ایک کتاب بطور تحفہ مہمانوں کو پیش کی گئی تھی۔بتائیے یہ کتاب کس کی تھی۔

۲۶۷۔قائداعظم نے جب کانگرس سے استعفیٰ دیا اس وقت ہندوستان کا وائسرائے کون تھا۔

۲۶۸۔The Quaid-e-Azam Papers کئی جلدوں میں شائع ہوئی ہے بتائیے یہ کس نے ترتیب دی ہے۔

۲۶۹۔قائداعظم جب ۱۹۳۴ء میں لندن سے بمبئی پہنچے، بتائیے کس جہاز سے پہنچے تھے۔

۲۷۰۔قائداعظم نے لارڈ ولنگڈن کی الوداعی تقریب کو ناکام بنایا تھا، بتائیے اس کے بعد ہندوستان کا وائسرائے کون بنا تھا۔

۲۷۱۔Mohd Ali Jinnah a Political Study یہ کتاب قائداعظم کے کس پرائیویٹ سیکریٹری نے لکھی ہے۔

۲۷۲۔ہمارے ملک میں خام پیداوار کی کمی نہیں مجھے یقین ہے کہ سوتی کپڑے کا یہ پہلا اور آخری کارخانہ نہ ہو گا بلکہ اور بہت سے کارخانے قائم ہوں گے، بتائیے قائداعظم نے یہ بات کہاں فرمائی تھی۔

## جوابات

۲۶۵۔محترمہ فاطمہ جناح۔ ۲۶۶۔رضوان احمد ۲۶۷۔لارڈ ریڈنگ

۲۶۸۔رضوان احمد ۲۶۹۔ملوجا۔ ۲۷۰۔لارڈ لنلتھگو ۲۷۱۔مطلوب الحسن سید ۲۷۲۔کراچی میں ولیکا ٹیکسٹائل ملز کا افتتاح کرتے ہوئے۔

☆

۶۷۳۔ ۷ اگست ۱۹۴۷ء کو جب قائداعظم کراچی تشریف لائے تھے تو کس ائر پورٹ پر اترے تھے۔

۶۷۴۔ بتایئے قائداعظم کے کل کتنے بھائی تھے۔

۶۷۵۔ قائداعظم نے پہلی گول میز کانفرنس میں شرکت کی تھی، بتایئے اس کا افتتاح کس نے کیا تھا۔

۶۷۶۔ بمبئی سے کونسا انگریزی اخبار قائداعظم کی نگرانی میں نکلتا تھا۔

۶۷۷۔ ۱۹۳۱ء میں جب قائداعظم لندن میں پریکٹس کر رہے تھے تو بتایئے ان کا چیمبر کہاں تھا۔

۶۷۸۔ ان چھ مصنفین کے نام بتایئے جنھوں نے قیام پاکستان سے قبل قائداعظم پر کتاب لکھی۔

۶۷۹۔ مطلوب الحسن سید کی کتاب Mohd Ali Jinnah a Political Study کا دیباچہ کس نے لکھا ہے۔

۶۸۰۔ خدا اپنے نیک بندوں کا امتحان لیتا ہے ان سے قربانی پیش کرنے کی خواہش کرتا ہے جس طرح حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے کی قربانی دینے کے موقع پر اللہ کے حکم سے روگردانی نہیں کی اس طرح ہمیں ان مسلمانوں کے لیے قربانیاں دینی چاہییں جو ہندوستان میں ظلم وتشدد کا شکار رہے۔ بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور کس پیغام میں فرمائے تھے۔

## جوابات۔

۶۷۳۔ ماری پور ائر پورٹ۔ ۶۷۴۔ دو بھائی بندے علی، احمد علی۔

۶۷۵۔ شاہ جارج پنجم ۶۷۶۔ بمبئی کرانیکل

۶۷۷۔ کنگز بنچ واک میں ۶۷۸۔ مطلوب الحسن سید سردار محمد خاں، سر

وجنی نائیڈو، زیڈ اے سلہری، خالد اختر افغانی، اے روف

۶۷۹۔خواجہ ناظم الدین۔

۶۸۰۔۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو عید الاضحیٰ کے موقعہ پر۔

☆

۲۸۱۔بتایئے قائداعظم نے انجمن اسلام اسکول میں کب اور کتنے عرصے تعلیم پائی۔

۲۸۲۔کانگریس کے سالانہ اجلاس میں مسلم لیگ کے دستوری مقاصد پر بحث کی گئی تھی اس اجلاس میں قائداعظم بھی شریک تھے، بتایئے یہ اجلاس کب اور کہاں ہوا تھا۔

۲۸۳۔گاندھی نے کس خط میں سب سے پہلے لفظ قائداعظم استعمال کیا۔

۲۸۴۔بتایئے ۱۹۱۳ء میں قائداعظم کے ساتھ کون سے رہنما لندن گئے تھے۔

۲۸۵۔بتایئے کیا دوسری گول میز کانفرنس میں قائداعظم نے شرکت کی تھی۔

۲۸۶۔قائداعظم نے وکالت کے دوران بمبئی میں کس مشہور شخصیت کی لائبریری میں مطالعہ کرتے تھے۔

۲۸۷۔بتایئے قائداعظم کو آخری غسل کس نے دیا تھا۔

۲۸۸۔علامہ اقبال کی موت مسلمانان ہند کے لیے نا قابل تلافی صدمہ ہے وہ میرے احباب میں سے تھے۔ان کا شمار دنیا کے بہترین شعراء میں ہوتا ہے جب تک اسلام زندہ ہے ان کا نام بھی زندہ رہے گا ان کی شاعری بھی مسلمانوں کی حقیقی امنگوں کی ترجمان ہے۔بتایئے مسلم لیگ کے کس اجلاس میں علامہ اقبال کے بارے میں تعزیتی قرارداد پر تقریر کرتے ہوئے قائداعظم نے خراج عقیدت پیش کیا تھا۔

## جوابات

۲۸۱۔۱۸۸۷ء میں صرف چند ماہ۔

۲۸۲۔دسمبر ۱۹۱۳ء کراچی میں

۲۸۳۔۱۲جنوری ۱۹۴۰ء۔

۲۸۴۔گوکھلے

۲۸۵۔جی ہاں۔

۲۸۶۔میکفرسن کی لائبریری

۲۸۷۔حاجی کلو۔

۲۸۸۔۱۹۳۸ء میں پٹنہ کے اجلاس میں

☆

۲۸۹۔قائداعظم کی پیدائش کے بعد ان کی کونسی بہن پیدا ہوئیں۔

۲۹۰۔قائداعظم نے انگریزی ادب میں شیکسپئر کے علاوہ اور کس ادیب شاعر کا مطالعہ کیا تھا۔

۲۹۱۔۲۳مارچ ۱۹۴۰ء کے اجلاس کی صدارت کس نے کی تھی۔

۲۹۲۔بتایئے قائداعظم نے بحثیت گورنر جنرل پاکستان کس تاریخ کوحلف اٹھایا تھا۔

۲۹۳۔قائداعظم نے اخبار روزنامہ ڈان کا پہلا شمارہ کب شائع ہوا۔

۲۹۴۔جب قائداعظم پر ناکام قاتلانہ حملہ کیا گیا تو بتایئے اس سے تین چار روز قبل قائداعظم کس شہر سے تشریف لائے تھے۔

۲۹۵۔قائداعظم کے مزار پر ان کی دوکاریں رکھی ہوئی ہیں ایک ان کی ذاتی کار پیکارڈ ہے دوسری سرکاری کار کا نام بتایئے۔

۲۹۶۔آپ ایک ایسی قوم ہیں جس کی تاریخ حیرت انگیز ہمت اخلاقی اقدار اور مجاہدانہ کردار رکھنے والے افراد سے بھری پڑی ہے اپنی روایات کو زندہ کیجئے اور ان میں ایک شاندار باب کا اضافہ کیجئے۔بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور کہاں فرمائے تھے۔

## جوابات

۲۸۹۔رحمت بائی۔ ۲۹۰۔شیلے

۲۹۱۔قائداعظم۔ ۲۹۲۔۱۵اگست ۱۹۴۷ء کو۔

۲۹۳۔۱۹۴۲ء ۲۹۴۔ کوئٹہ

۲۹۵۔کیڈلک۔ ۲۹۶۔۳۰اکتوبر ۱۹۴۷ء کو لاہور میں۔

☆

۶۹۷۔ قائداعظم کی چاروں بہنوں کے نام ترتیب وار بتائیے۔

۶۹۸۔ بتائیے قائداعظم نے کس اسلامی مہینے میں گورنر جنرل کے عہدے کا حلف اٹھایا تھا۔

۶۹۹۔ ۱۵، اگست ۱۹۴۷ء کو جب قائداعظم نے حلف اٹھایا تو کس رنگ کی جناح کیپ پہنے ہوئے تھے۔

۷۰۰۔ ہندوستانی دستور پر نظر ثانی کے لیے حکومت ہند نے ایک کمیٹی بنائی تھی اس میں قائداعظم بھی شامل تھے بتائیے اس کمیٹی کا کیا نام تھا۔

۷۰۱۔ بیماری کے آخری ایام میں قائد اعظم کوئٹہ سے کراچی کس طیارے میں آئے تھے۔

۷۰۲۔ بتائیے قائداعظم نے آل پارٹیز کانفرنس کب منعقد کی تھی صرف سن بتائیے۔

۷۰۳۔ قائداعظم کے آخری پیغام کے آخری الفاظ کیا تھے۔

۷۰۴۔ خوشی کی بات ہے کہ مسلم خواتین میں بھی انقلابی تبدیلی آرہی ہے یہ تبدیلی بہت اہمیت رکھتی ہے دنیا میں کوئی قوم اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتی جب تک اس قوم کے مردوں کے ساتھ ساتھ عورتیں آگے نہ بڑھیں۔ یہ بات قائداعظم نے مسلم لیگ کے ایک سالانہ جلسے میں خواتین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی تھی۔ بتائیے یہ اجلاس کب ہوا تھا۔

## جوابات

۶۹۷۔ رحمت بی۔ مریم بی۔ شیریں جناح، فاطمہ جناح۔

۶۹۸۔ رمضان المبارک

۶۹۹۔ بھورے رنگ کی۔

۷۰۰۔ میڈیمن کمیٹی۔

۷۰۱۔ رائکنگ۔

۷۰۲۔جنوری ۱۹۲۲ء۔ ۷۰۳۔ہر مسلمان کو پوری دیانت و خلوص کے ساتھ پاکستان کی حفاظت کرنی چاہیے۔ ۷۰۴۔۱۹۴۶ء میں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

☆

۷۰۵۔قائداعظم کا صد سالہ جشن ولادت منانے لے لیے جو کمیٹی قائم کی گئی اس نے کتابوں پر کیا لکھنا ضروری قرار دیا۔

۷۰۶۔کس وائسرائے نے قائداعظم کو ہائیکورٹ کا جج اور اس کے بعد وائسرائے کی کابینہ میں قانونی رکن کی حیثیت سے تقرری کی پیش کش کی تھی۔

۷۰۷۔۱۹۲۰ء میں کلکتہ میں مسلم لیگ کے اجلاس کی صدارت کس نے کی تھی۔

۷۰۸۔پہلی گول میز کانفرنس میں قائداعظم کے علاوہ مسلمانوں کے کتنے رہنما شامل تھے۔

۷۰۹۔۲۵فروری ۱۹۱۰ء کو مجلس قانون ساز کا جو اجلاس ہوا تھا، بتائیے وائسرائے کون تھا۔

۷۱۰۔یہ تجویز کس نے پیش کی تھی کہ ٹاون ہال بمبئی کے جلسے میں جو کچھ ہوا ہے اس کے پیش نظر اگر کسی شخص کی یادگار قائم کی جاسکتی ہے تو ہو مسٹر جناح ہیں۔

۷۱۱۔۳جون ۱۹۴۷ء کو دہلی ریڈیو سے قائداعظم کا پہلا جملہ کیا تھا۔

۷۱۲۔قائداعظم نے درج ذیل الفاظ ۱۰ مارچ ۱۹۴۱ء کو کہاں فرمائے تھے۔عملی طور پر پاکستان ہی وہ واحد مقصد ہے جس کے ذریعہ آپ اس ملک میں اسلام کو قطعاً فنا ہونے سے بچا سکتے ہیں پاکسان موجود تو ہے لیکن اسے حاصل کرنا ہے۔

## جوابات

۷۰۵۔ایمان، اتحاد، تنظیم۔ ۷۰۶۔لارڈ ریڈنگ ۷۰۷۔قائد اعظم ۷۰۸۔پندرہ ۷۰۹۔لارڈ منٹو ۷۱۰۔بی ڈی لیم ۷۱۱۔مجھے خوشی ہے کہ مجھے دہلی سے براہ راست ریڈیو پر آپ کو خطاب کرنے کا موقع دیا گیا ہے۔ ۷۱۲۔انجمن اتحاد طلباء مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے فرمائے تھے۔

☆

۱۳ے۔قائداعظم کے والد کی شادی کس گاؤں میں ہوئی تھی۔

۱۴ے۔قائداعظم نے اپنے بھائی بندے علی سے کتنے سال بڑے تھے۔

۱۵ے۔بتایئے قائداعظم کا عقیقہ کس کی درگاہ پر ہوا تھا۔

۱۶ے۔بتایئے ۔۷اگست ۱۹۴۷ءکو قائداعظم کس قسم کے جہاز میں کراچی آئے تھے۔

۱۷ے۔قائداعظم نے یہ بات کس اسکیم کے بارے میں کہی تھی کہ اگر ہم اس کو قبول کر لیتے تو گویا اپنے ہی قتل نامہ پر دستخط کرنے کے مترادف تھا۔

۱۸ے۔۱۲،جنوری ۱۹۴۵ءکو قائداعظم کہاں تشریف لے گئے تھے۔

۱۹ے۔بتایئے قائداعظم نے کب پریوی کونسل میں وکالت کی تھی۔

۲۰ے۔تاریخ کا ہر طالب علم جانتا ہے کہ ہماری تہذیب ، ہمارے رسم و رواج مہمارے اخلاق و عادات ، مذہب ،تاریخی روائتیں ،غرضیکہ ہر چیز نہ صرف ایک دوسرے سے علیحدہ ہے بلکہ ایک دوسر کی ضد ہیں ہمارے ہیرو، ہماری موسیقی ، ہمارا فن تعمیر ہمارے قوانین سب اس بات کے ضامن ہیں کہ ہم دوعلیحدہ قومیں ہیں مل کر نہیں رہ سکتیں ۔بتایئے قائداعظم نے لندن کے کس ہال میں تقریر کرتے ہوئے ، یہ الفاظ کہے تھے۔

## جوابات۔

۱۳ے۔ڈھرفانامی گاؤں میں۔ ۱۴ے۔چارسال

۱۵ے۔حسن پیر۔ ۱۶ے۔خاص ڈکوٹا ہوائی جہاز تھا۔

۱۷ے ویول اسکیم۔ ۱۸ے۔ احمد آباد

۱۹ے۔۱۹۳۰ء سے ۱۹۳۴ء کے عرصہ میں۔

۲۰ے۔کنگسٹن ہال لندن میں۔

☆

۷۲۱۔ ۱۹۳۹ء میں ہندوستان کے مشہور اخبار ٹائمز نے ہندوستان کی عظیم شخصیتیں کے نام سے جو کتاب شائع کی تھی۔ بتائیے اس میں قائداعظم سے متعلق کیا خاص بات تھی۔

۷۲۲۔ ۱۹۰۶ء میں قائداعظم نے کانگریس کے اجلاس کلکتہ میں اپنی پہلی سیاسی تقریر کی تھی بتائیے اس جلسہ کے صدر کون تھے۔

۷۲۳۔ قائداعظم کے دور حکومت میں دنیا کے کس سربراہ حکومت نے پاکستان کا دورہ کیا تھا۔

۷۲۴۔ قائداعظم دوبارہ بمبئی سے مرکزی مجلس قانون ساز کے ممبر کس تاریخ کو منتخب ہوئے تھے۔

۷۲۵۔ رتن بائی سے نکاح کے وقت نکاح نامے پر قائداعظم کی طرف سے کس نے دستخط کئے تھے۔

۷۲۶۔ قائداعظم جس مجسٹریٹ کی جگہ ملازم ہوئے تھے وہ تین ماہ کی چھٹی سے کر گیا تھا آپ اس مجسٹریٹ کا نام بتائیے۔

۷۲۷۔ مزار قائداعظم کے لئے جگہ کا انتخاب کس نے کیا تھا۔

۷۲۸۔ اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوشحال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں پوری توجہ لوگوں اور بالخصوص غریب طبقہ کی فلاح بہبود پر مرکوز کرنی پڑے گی بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کب فرمائے تھے۔

## جوابات

۷۲۱۔ ان کا یوم پیدائش ۲۵ دسمبر پہلی مرتبہ تحریر آیا۔ ۷۲۲۔ دادا بھائی نوروجی

۷۲۳۔ کسی سربراہ نے دورہ نہیں کیا تھا۔

۷۲۴۔ ۱۴ نومبر ۷۲۵۔ راجہ صاحب محمود آباد

۷۲۶۔ فیروز ہوشنگ دستور۔ ۷۲۷۔ ہاشم رضا

۷۲۸۔ ۱۱، اگست ۱۹۴۷ء کو دستور ساز اسمبلی پاکستان سے خطبہ کی صدارت میں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

☆

۷۲۹۔ قائداعظم کے بھائی احمد علی کی اکلوتی بیٹی کا نام بتائیے۔

۷۳۰۔ بتائیے رتن بائی سے نکاح کے وقت رتن بائی کی طرف سے گواہ کے دستخط کس نے کیئے تھے۔

۷۳۱۔ بتائیے یہ اعلان کس نے کیا تھا کہ پاکستان دستور ساز آمبلی کا پہلا اجلاس ۱۱، اگست ۱۹۴۷ء کو کراچی میں منعقد ہوگا۔

۷۳۲۔ ہیکٹر بولائتھو سے پہلے قائداعظم کی سوانح عمری لکھنے کے لیے کس سے کہا ت گیا تھا۔

۷۳۳۔ قیام پاکستان کے بعد قائداعظم پہلی بار پشاور کب گئے تھے۔

۷۳۴۔ ۱۹۴۵ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا جو اجلاس ہونے والا تھا وہ قائداعظم کی علالت کی وجہ سے منسوخ کر دیا گیا تھا، بتائیے یہ اجلاس کہاں ہونے والا تھا۔

۷۳۵۔ ۷ اگست ۱۹۴۷ء کو قائداعظم کو ہوائی اڈے پر رخصت کرنے کے لیے وائسرائے ماؤنٹ بیٹن کے فوجی سیکرٹری بھی تھے آپ ان کا نام بتائیے۔

۷۳۶۔ ہر وہ چیز جو مفاد اسلامی کے خلاف ہو روئے زمین کی کوئی طاقت مجھے اس کو قبول کرنے پر آمادہ نہیں کرسکتی۔ میں کوئی ایسی تجویز قبول نہ کروں گا جو مقصد پاکستان کے لیے مضرت رساں ہو۔ قائداعظم نے یہ بات اپنے ایک بیان میں کہی تھی، بتائیے کب اور کس سن میں یہ بات کہی تھی۔

## جوابات

۷۲۹۔ فاطمہ بی۔

۷۳۰۔ مولانا محمد حسین نجفی۔

۷۳۱۔ قائداعظم

۷۳۲۔ بیورلے نکولس

۷۳۳۔ اپریل ۱۹۴۸ء

۷۳۴۔ دہلی

۷۳۵۔ کرنل کوری

۷۳۶۔ ۲۹ جون ۱۹۴۸ء

☆

۷۳۷۔ جب قائداعظم کی رتن بائی سے شادی ہوئی اس وقت گھر کا انتظام ایک با اعتماد ملازم کرتا تھا آپ اس کا نام بتائیے۔

۷۳۸۔ قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کی آخری ٹھوکر کس تجویز پر کہا تھا۔

۷۳۹۔ اقبال پارک میں مینار پاکستان کا سنگ بنیاد جس جگہ رکھا گیا ہے بتائیے اس مخصوص حصہ کی کیا اہمیت ہے۔

۷۴۰۔ بتائیے قائداعظم کی کس تقریر کوان کی زندگی کی بہترین تقریر کہا جاتا ہے۔

۷۴۱۔ مزار قائداعظم کی حدود متعین کرنے کا بل کس تاریخ کو قومی اسمبلی میں پیش ہوا تھا۔

۷۴۲۔ جب دہلی سے قائداعظم ۷ اگست ۱۹۴۷ء کو کراچی پہنچے تو سیدھے گورنمنٹ ہاؤس گئے تھے، بتائیے یہاں پہنچتے ہی قائداعظم نے فوج کے کس رجمنٹ کی سلامی لی تھی

۷۴۳۔ قائداعظم کا مزار کس سن سے کس سن تک شامیانے تلے رہا۔

۷۴۴۔ اوہ میرے خدا وہ تو برف کا تودہ تھے ملاقات کا بیشتر وقت تو ان کو پگھلانے میں صرف ہوگیا۔ بتائیے قائداعظم کے بارے میں یہ الفاظ کس نے کہے تھے۔

## جوابات

۷۳۷۔ واسن ۷۳۸۔ ریڈکلف کمیشن

۷۳۹۔ اس جگہ قائداعظم کی کرسی صدارت رکھی گئی تھی۔

۷۴۰۔ ۱۹۴۰ء میں قرارداد پاکستان کے وقت جو تقریر کی تھی۔

۷۴۱۔ ۳۱ مئی ۱۹۷۶ء ۷۴۲۔ بلوچ رجمنٹ

۷۴۳۔ ستمبر ۱۹۴۸ء سے فروری ۱۹۶۰ء تک ۷۴۴۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن

☆

۷۴۵۔ قائداعظم نے سندھ مدرسہ اسکول میں تعلیم پائی تھی لیکن آپ یہ بتایئے کہ اس اسکول کے صدر دروازہ پر کیا عبارت لکھی ہے۔

۷۴۶۔ جب ۱۹۰۰ء میں بمبئی میں قائداعظم نے پریذیڈنسی مجسٹریٹ کا عہدہ قبول کیا تھا تو اس وقت شعبہ عدل وانصاف کے سربراہ کون تھے۔

۷۴۷۔ جناح مسلم لیگ کے بے تاج بادشاہ ہیں بتایئے قائداعظم کے بارے میں یہ الفاظ کب اور کس نے کہے تھے۔

۷۴۸۔ قائداعظم نے جو وصیت نامہ ۱۹۳۹ء میں لکھا تھا اس میں کچھ تعلیمی اداروں کی مالی امداد کا بھی ذکر تھا آپ ان میں سے دو تعلیمی اداروں کے نام بتایئے۔

۷۴۹۔ قائداعظم نے وکالت کے دوان بے شمار مقدمے لڑے کسی دو مشہور مقدموں کے نام بتایئے۔

۷۵۰۔ قائداعظم کی آخری سرکاری مصروفیت کیا تھی۔

۷۵۱۔ قائداعظم کی ۷۰ویں سالگرہ کے موقعہ پر میمن مرچنٹ ایسوسی ایشن نے شہر کے سات سو معززین کو کس ہوٹل میں عصرانہ کی دعوت دی تھی۔

۷۵۲۔ علم تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ یہ الفاظ قائداعظم نے مسلم لیگ کانفرنس بلوچستان میں کب کہے تھے۔

## جوابات

۷۴۵۔ Enter to Learn go forth to serve

۷۴۶۔ چارلس اولیونٹ۔ ۷۴۷۔ حاجی عبداللہ ہارون نے ۱۹۴۰ء میں۔ ۷۴۸۔ سندھ مدرسہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اسلامیہ کالج پشاور،

۷۴۹۔ تلک کا مقدمہ پیر پگاڑو کا مقدمہ

۷۵۰۔یو این او کے کاغذات پر ظفر اللہ کی تقریری پر دستخط کیے۔

۷۵۱۔تاج محل ہوٹل۔ ۷۵۲۔۱۹۴۳ء میں

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

☆

۷۵۳۔علامہ اقبال اور قائداعظم کی مشہور خط و کتابت ایک کتابچہ کی شکل میں چھپی ہے۔بتایئے اس کا دیباچہ کس مشہور ترین شخصیت نے لکھا ہے۔

۷۵۴۔قائداعظم کی زیرصدارت قومی پرچم کب منظور کیا گیا تھا۔

۷۵۵۔۱۹۴۰ء میں قائداعظم کی چونسٹھویں سالگرہ کے موقعہ پر جو سوئیر شائع کیا گیا تھا اس میں قائداعظم کے بارے میں جن زعماء نے خراج تحسین پیش کیا تھا ان میں سے تین کے نام بتایئے۔

۷۵۶۔بتایئے قائداعظم نے اپنی ملکیت کا وصیت نامہ کس سن میں لکھا تھا۔

۷۵۷۔اردن کی کس مشہور شخصیت نے قائداعظم کی سو سالہ جشن پیدائش تمام اسلامی مالک میں بنانے کی اپیل کی تھی۔

۷۵۸۔قائداعظم کی نماز جنازہ دو اشخاص نے پڑھائی آپ ان کے اسمائے گرامی بتایئے۔

۷۵۹۔ہیکٹر بواتھو نے قائداعظم کی سوانح لکھنے سے قبل کس کی سوانح لکھی تھی۔

۷۶۰۔پاکستان اپنے نوجوانوں پر فخر کرتا ہے خصوصاً طلبا پر جو ضرورت کیوقت ہمیشہ پیش پیش رہے۔تم مستقبل کے معمار ہو تمہیں نظم و ضبط سے کام لینا ہے اور تعلیم تربیت حاصل کرنا ہے تاکہ آنیوالے صبر آزما مسائل سے نمٹ سکو، بتایئے قائداعظم نے یہ بات پنجاب مسلم اسٹوڈنٹ فیڈریشن کیا ایکشن کمیٹی کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کب کہی تھی۔

## جوابات

۷۵۳۔قائداعظم ۷۵۴۔۱۱اگست ۱۹۴۷ء

۷۵۵۔لیاقت علی خاں، خواجہ ناظم الدین، مولانا ظفر علی خاں۔

۷۵۶۔۱۹۳۹ء میں، ۱۹۴۰ء میں ضمیمہ لکھا تھا۔ ۷۵۷۔بہجت طلھونی

۷۵۸۔ مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا انیس الحسنین۔ ۷۵۹۔ ملکہ وکٹوریہ

۷۶۰۔ ۳۱، اکتوبر ۱۹۴۷ء۔

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

☆

۷۶۱۔ ۱۹۲۶ء کے مسلم لیگ کے اجلاس میں قائداعظم نے آئینی اصلاحات کے متعلق ایک قرارداد پیش کی تھی بتائیے یہ اجلاس کہاں ہوا تھا۔

۷۶۲۔ اس مشہور شخصیت کا نام بتائیے جس کے تیار کردہ ایک پوسٹر پر قائداعظم نے پہلی بار اردو میں دستخط کیے تھے۔

۷۶۳۔ بتائیے قائداعظم پر جی الانی کی کتاب کا اردو ترجمہ کس مشہور شخصیت نےکیا ہے۔

۷۶۴۔ ۳ جون، ۱۹۴۷ء کو ہندوستان کے سات بڑے لیڈروں کے ماؤنٹ بیٹن کی ملاقات ہوئی تھی جس کے نتیجہ میں ۳ جون ۱۹۴۷ء کو تقسیم ہند کا اعلان کیا گیا تھا، بتائیے اس اجلاس میں قائداعظم کے علاوہ اور کون لوگ تھے۔

۷۶۵۔ بتائیے قائداعظم نے کانگرس سے استعفیٰ کس ماہ دیا تھا۔

۷۶۶۔ قائداعظم نے اپنی آخری سالگرہ کس دن منائی تھی۔

۷۶۷۔ بیماری کے آخری ایام میں قائداعظم کو ہوائی جہاز سے کوئٹہ سے کراچی لایا گیا تھا اس جہاز میں ان کے ساتھ محترمہ فاطمہ جناح اور ایک نرس بھی تھی آپ اس نرس کا نام بتائیے۔

۷۶۸۔ بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کس موقع پر فرمائے۔ اس میں شک نہیں کہ ہم پاکستان حاصل کر چکے ہیں یہ تو یہ محض آغاز ہے اب بڑی بڑی ذمہ داریاں ہمارے کندھوں پر آن پڑی ہیں اور جتنی بڑی زمہ داریاں ہیں اتنا ہی بڑا ارادہ اتنی ہی عظیم جدوجہد کا جذبہ ہم میں پیدا ہونا چاہیے۔

## جوابات

۷۶۱۔ دہلی میں۔ ۷۶۲۔ خواجہ حسن نظامی

۷۶۳۔ رئیس امروہوی۔ ۷۶۴۔ سردار عبدالرب نشتر، بلدیو سنگھ، اچاریہ کرپلانی،

سردار ولبھ بھائی پٹیل ،نہرو، ۷۶۵۔جمعرات کے دن یعنی ۲۵، دسمبر ۱۹۴۷ء

کو۔ ۷۶۷۔سسٹر ڈن ہیم۔

۷۶۸۔۱۸، اگست ۱۹۴۷ء کو عید کے موقع پر

☆

۷۶۹۔بتائیے قائداعظم نے قیام پاکستان کے بعد، پاکستان زندہ باد کا نعرہ ریڈیو پاکستان سے کب لگایا۔

۷۷۰۔پاکستان کے کس وزیراعظم نے اپنی دوران تعلیم میسوری لندن سے قائد اعظم کو ایک خط لکھا تھا۔

۷۷۱۔ایک دفعہ قائداعظم علی گڑھ یونیورسٹی تشریف لے گئے تھے۔تو وہاں کے طلباء نے جوش ومحبت سے قائد اعظم کی بگھی کے گھوڑے کھول دیئے تھے اور خود گھوڑوں کی جگہ گاڑی کو کھینچا، بتائیے یہ واقعہ کب کا ہے۔

۷۷۲۔قائداعظم کا آخری پیغام ریڈیو سے کب نشر ہوا۔

۷۷۳۔قائد اعظم کے مزار میں جو فانوس لگا ہوا ہے اس میں کل کتنی روشنیوں کے ستارے ہیں۔

۷۷۴۔بتائیے قائداعظم نے وکالت کس سن میں ختم کردی تھی۔

۷۷۵۔گوبہلز آف جناح کسے کہا جاتا ہے۔

۷۷۶۔پاکستان کوئی سیاسی شعبدہ بازی نہیں ہے بلکہ مسلمانوں کی حیات وموت کا مسئلہ ہے۔بتائیے یہ بات قائداعظم نے کب اور کہاں فرمائی تھی۔

## جوابات

۷۶۹۔۱۵،اگست ۱۹۴۷ء۔ ۷۷۰۔سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو۔

۷۷۱۔۲نومبر ۱۹۴۲ء۔۷۷۲۔۱۴،اگست ۱۹۴۸ء

۷۷۳۔اڑتالیس۔ ۷۷۴۔۱۹۴۰ء میں

۷۷۵۔زیڈ اے سلہری۔ ۷۷۶۔۱۳،جنوری ۱۹۴۶ء کو لاہور میں ایک عظیم الشان جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے فرمائی تھی۔

☆

۷۷۷۔ قائداعظم کے علاوہ اور پاکستان کے کس وزیراعظم نے لنکنز ان سے تعلیم حاصل کی۔

۷۷۸۔ ۱۹۱۵ء میں کانگرس کا سالانہ اجلاس ہونے والا تھا قائداعظم نے بھی مسلم لیگ کا اجلاس اسی سال طلب کیا۔ یہ دونوں اجلاس ایک ہی شہر میں ہوئے تھے، بتایئے اس شہر کا نام کیا ہے۔

۷۷۹۔ بتایئے قائداعظم نے آل انڈیا ریڈیو بمبئی سے کب اور کس موقع پر خطاب فرمایا تھا۔

۷۸۰۔ الفاظ کے ہیر پھیر کا شعبدہ باز'' قائداعظم نے کسے کہا تھا۔

۷۸۱۔ قائداعظم کی زندگی کے آخری پیغام کے آخری الفاظ جو ریڈیو سے نشر ہوئے وہ کیا تھے۔

۷۸۲۔ قائداعظم کے انتقال کے بعد چالیس روز کا سوگ منایا گیا تھا، بتایئے اس چالیس روزہ سوگ کا اختتام کس تاریخ کو ہوا تھا۔

۷۸۳۔ بتایئے مزار قائد کے گنبد کا قطر اندر سے کتنا ہے۔

۷۸۴۔ اپنی خودنوشت سوانح عمری میں قائداعظم کے بارے میں یہ بات کس نے لکھی ہے کہ ''اپنی ساری زندگی میں جن مدبروں سے مجھے واقف ہونے کا موقع ملا کلمیشو، رائڈ جارج، چرچل، کرزن میسولینی، گاندھی، ان سب میں جناح سب سے غیر معمولی حیثیت رکھتے تھے۔

## جوابات

۷۷۷۔ سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو۔ ۷۷۸۔ بمبئی

۷۷۹۔ ۱۹۳۹ء میں عید کے موقع پر۔ ۷۸۰۔ سر اسٹیفورڈ کرپس

۷۸۱۔ پاکستان زندہ باد۔ ۷۸۲۔ ۲۱، اکتوبر ۱۹۴۸ء

۷۸۳۔ ستر فٹ ۷۸۴۔ ہزہائی نس آغا خاں

☆

۷۸۵۔ نپولین نے کہا تھا کہ میری لغت میں ناکامی نام کا کوئی مفہوم نہیں ہے۔ بتایئے قائداعظم نے اس قسم کا جملہ کیا کہا تھا۔

۷۸۶۔ قیام پاکستان کے بعد قائداعظم نے ڈھاکہ میں پہلے جلسہ عام سے کب خطاب کیا تھا۔

۷۸۷۔ ۱۹۴۶ء کے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کی صدارت قائداعظم نے کی تھی، بتایئے ۱۹۴۳ء کے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کی صدارت کس نے کی تھی۔

۷۸۸۔ بتایئے سب سے پہلے یورپ کے کس ملک میں قائداعظم کا یوم پیدائش منایا گیا۔

۷۸۹۔ ذرا بتایئے قائداعظم نے اپنی زندگی کی آخری تقریر کب اور کہاں کی تھی۔

۷۹۰۔ جب قائداعظم کا انتقال ہوا اس وقت سابق وزیراعظم کس یونیورسٹی میں زیر تعلیم تھے۔

۷۹۱۔ بتایئے قائداعظم نے اپنی زندگی کا آخری خط کس کو لکھا تھا۔

۷۹۲۔ آپ بتایئے درج ذیل الفاظ کا ایک خط میں قائداعظم کو کس نے لکھے تھے۔ آپ نے ہمارے اندر ولولہ پیدا کر دیا ہے اور ہمیں آپ پر فخر ہے چونکہ میں ابھی تک اسکول میں زیر تعلیم ہوں اس لیے میں اپنی مقدس سرزمین کے قیام کی تحریک میں مدد دینے سے قاصر ہوں لیکن وہ وقت آئیگا جب میں پاکستان کے لیے اپنی جان تک قربان کر دوں گا۔

## جوابات

۷۸۵۔ ناکامی ایک ایسا لفظ ہے جس سے ابھی تک آشنا نہیں ہو۔

۷۸۶۔ ۲۱ اپریل ۱۹۴۸ء　　　۷۸۷۔ قائداعظم نے

۷۸۸۔ جنیوا (سوئزرلینڈ)　　　۷۸۹۔ یکم جولائی ۱۹۴۸ کو اسٹیٹ بینک کے

افتتاح کے موقع پر۔ ۹۰۔ برکلے یونیورسٹی (کیلی فورنیا)

۹۱۔ جنرل گریسی۔ ۹۲۔ سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو۔

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

☆

۷۹۳۔ بتائیے۔ سابق وزیراعظم بھٹو نے قائداعظم کو کس تاریخ کو خط لکھا تھا۔

۷۹۴۔ قائداعظم نے کس پرائیویٹ سیکرٹری نے قائد اعظم کی زندگی ہی میں سوانح قائداعظم لکھی تھی، آپ ان کا نام بتائیے۔

۷۹۵۔ قائداعظم نے پہلی کل پاکستان تعلیمی کانفرنس کا افتتاح کراچی میں کیا تھا، بتائے یہ افتتاح کس تاریخ اور کس سن میں کیا تھا۔

۷۹۶۔ قیام پاکستان کے بعد قائد اعظم نے کراچی میونسپل کارپوریشن کے استقبالیہ میں کب شرکت فرمائی تھی۔

۷۹۷۔ بتائیے کس تاریخ کو قائداعظم نے امپریل لیجسلیٹو کونسل میں وقف علی الاولاد کا بل پیش کیا تھا۔

۷۹۸۔ قائداعظم کے والد پر جناح پونجاہ نامی کتاب کس نے لکھی ہے۔

۷۹۹۔ جب قائد اعظم کا انتقال ہوا تھا تو اس وقت ریڈیو، پاکستان کے ڈائرکٹر جنرل کون تھے۔

۸۰۰۔ مجھے یقین ہے کہ یہ بینک بڑھتے بڑھتے ہمارا سب سے بڑا قومی ادارہ بن جائے گا اور ساری دنیا میں اپنے فرائض کامیابی سے انجام دے گا، بتائیے قائداعظم نے یہ الفاظ کب اور کہاں فرمائے تھے۔

## جوابات۔

۷۹۳۔ ۲۶ اپریل ۱۹۴۵ء۔ ۷۹۴۔ مطلوب الحسن سید

۷۹۵۔ ۲۷ نومبر ۱۹۴۷ء۔ ۷۹۶۔ ۲۵ اگست ۱۹۴۷ء۔

۷۹۷۔ ۱۷، مارچ ۱۹۱۱ء۔ ۷۹۸۔ رضوان احمد

۷۹۹۔ زیڈ اے بخاری۔ ۸۰۰۔ یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو اسٹیٹ بینک کراچی میں۔

☆

۸۰۱۔قائداعظم مجھے آپ سے نسبت ہے میں تاریخ پڑھ رہا ہوں اور آپ تاریخ بنا رہے ہیں بتایئے یہ الفاظ کس عظیم شخصیت نے کہے تھے۔

۸۰۲۔برصغیر کے اس صحافی کا نام بتایئے جس نے قائداعظم کو آتش نوا کے نام سے یاد کیا ہے۔

۸۰۳۔۲جولائی ۱۹۴۸ء کو قائداعظم ہمارے درمیان۔نامی دستاویزی قلم دیکھنے کس سینما تشریف لے گئے تھے۔

۸۰۴۔بتایئے قومی اسمبلی اور سینٹ نے مزارقائد کی حدود میں کتنے ایکڑ کی توسیع کا بل منظور کیا ہے۔

۸۰۵۔قائداعظم کی وفات پر ایک تعزیتی مراسلہ سابق قائداعظم بھٹو نے کس کو لکھا تھا۔

۸۰۶۔India conflicting Nationalization بتایئے اس کتاب کا مقدمہ کس نے لکھا ہے۔

۸۰۷۔قائداعظم کے والد کا انتقال کب ہوا۔

۸۰۸۔عدم تشدد دھوکے عبادہ ہے بتایئے قائداعظم نے یہ الفاظ کس تحریک پر اپنا خیال ظاہر کرتے ہوئے کہے۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۸۰۱۔پروفیسر اے بی حلیم | ۸۰۲۔حمید نظامی |
| ۸۰۳۔پیراڈز سینما | ۸۰۴۔اکہتر ایکڑ |
| ۸۰۵۔اے ایچ اصفہانی۔ | ۸۰۶۔قائداعظم نے ۱۹۴۲ء میں |
| ۸۰۷۔۱۷اپریل ۱۹۰۲ء | ۸۰۸۔گاندھی کی عدم تشدد کی تحریک پر۔ |

☆

۸۰۹۔ بتایئے سابق وزیراعظم بھٹو نے میسوری لندن سے جب قائداعظم کو خط لکھا تو بتایئے اس وقت بھٹو کہاں رہائش پذیر تھے۔

۸۱۰۔ نومبر ۱۹۱۷ء میں مسلم لیگ اور کانگرس کے مشترکہ وفد نے لارڈ چیمفورڈ اور مانٹیگو کو یادداشت پیش کی تھی بتایئے کیا اس یادداشت پر قائداعظم کے دستخط تھے۔

۸۱۱۔ قائداعظم نے کس انگریز بیرسٹر کے متعلق ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ میں انھیں اپنے باپ کی برابر سمجھتا تھا اور وہ بھی مجھے بیٹے کی طرح سمجھتے تھے۔

۸۱۲۔ ہارے ہوئے جواری کا آخری پانسہ'' قائداعظم نے گاندھی کی کس تحریک کو قرار دیا تھا۔

۸۱۳۔ بتایئے قائداعظم دوسری مرتبہ صوبہ سرحد کب تشریف لائے تھے۔

۸۱۴۔ مزار قائداعظم میں گنبد کے نیچے مزار کا تعویز نصب ہے لیکن اصل قبر تہہ خانے میں ہے بتایئے کتنی سیڑھیاں اتر کر جانا پڑتا ہے۔

۸۱۵۔ قائداعظم نے کراچی میں کس آئل ملز کا افتتاح ۲۴ فروری ۱۹۴۸ء کو کیا تھا۔

۸۱۶۔ تعلیم کا مفہوم محض درسی تعلیم ہی نہیں، وقت کی بہت اہم اور فوری ضرورت ہے ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو سائنس اور فنی علوم کی تعلیم دیں تاکہ وہ آئندہ ہماری معاشی زندگی کی تعمیر کرسکیں۔ بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کب کہے تھے۔

## جوابات

| | |
|---|---|
| ۸۰۹۔ چارلس وائل ہوٹل | ۸۱۰۔ جی ہاں |
| ۸۱۱۔ سر جارج لائڈ لیس۔ | ۸۱۲۔ ہندوستان چھوڑ دو |
| ۸۱۳۔ نومبر ۱۹۴۵ء | ۸۱۴۔ اکیس |
| ۸۱۵۔ بنگال آئل ملز | ۸۱۶۔ ۲۸، نومبر ۱۹۴۷ء۔ |

☆

۸۱۷۔ بتایئے قائداعظم کا نام خاندانی روایات کے مطابق کس نے رکھا تھ۔

۸۱۸۔ قائداعظم کے والد کچھ عرصہ تک ایک اسکول میں معلم بھی رہے، اس اسکول کا نام بتایئے۔

۸۱۹۔ قائداعظم کی پہلی رفیقہ حیات ایمی بائی کا انتقال کس بیماری میں ہوا تھا۔

۸۲۰۔ قائداعظم کے بڑے بہنوی کا کیا نام تھا۔

۸۲۱۔ قائداعظم کے ذاتی سامان میں کھیل سے متعلق ایک نئی چیز کا انکشاف ہوا، بتایئے یہ کیا چیز ہے۔

۸۲۲۔ بتایئے قائداعظم پاکستان کا سوئزرلینڈ کس مقام کو کہتے تھے۔

۸۲۳۔ ۹، جولائی ۱۹۴۷ء کو قائداعظم کی کاوش سے کلکتہ میں کس بینک کا قیام عمل میں آیا تھا۔

۸۲۴۔ ۱۹۴۵ء میں قائداعظم کو کس شخصیت نے تلوار پیش کی تھی۔

۸۲۵۔ ہم سب بھائی بھائی ہیں، یہ مصنوعی حد بندیاں ہمیں علیحدہ نہیں کرسکتیں، بتایئے یہ الفاظ قائداعظم نے کس سے کہے تھے۔

## جوابات

۸۱۷۔ قائداعظم کے ماموں قاسم موسیٰ نے۔ ۸۱۸۔ چرچ مشن اسکول میں۔

۸۱۹۔ طاعون۔ ۸۲۰۔ قاسم جمال جو رحمت بائی کے شوہر تھے۔

۸۲۱۔ گولف کی چھتری ۸۲۲۔ زیارت۔ ۸۲۳۔ مسلم کمرشل بینک

۸۲۴۔ حاجی عبداللہ ہارون۔

۸۲۵۔ تورخم کی سرحد میں ایک سپاہی سے کہے تھے۔

# قائداعظم دوسروں کی نظروں میں۔

## موھن داس کرم چند گاندھی۔

یہ حقیقت ہے کہ قائداعظم بلاشبہ اعلیٰ اوصاف کے مالک تھے وہ سیرت وکردار کی ان بلندیوں پر تھے جہاں کوئی طمع، کوئی خوف کوئی طعنہ انہیں اپنی جگہ سے نہیں ہٹا سکتا تھا۔وہ عزم واستقامت کے کوہ گراں تھے۔

## برٹرینڈ رسل

اگر ہندوستان کے مسلمانوں کی پوری تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو ہمیں یہ معلوم ہو گا کہ مسلمانوں کی پوری تاریخ میں کوئی بڑے سے بڑا شخص ایسا نہیں گذرا جسے مسلمانوں میں اتنی محبوبیت حاصل ہو۔

## میسولینی

قائداعظم ایک ایسی شخصیت ہیں جو کہیں صدیوں میں جا کر پیدا ہوتی ہے۔

## سرفریڈرک کرافٹ

میں نے اپنی زندگی میں اتنا زیادہ ہونہار اور ذہین بچہ پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔

پنڈت جواہرلال نہرو۔

قائداعظم اعلیٰ کردار اور سیرت کے مالک تھے اور یہی وہ موثر حربہ تھا جس کے ذریعہ قائداعظم نے اپنی زندگی بھر کے معرکے کو سر کیا۔

## لارڈ چیمسفورڈ۔

جناح بہت ہوشیار اور سمجھدار ہیں۔ یہ بہت بڑی زیادتی ہوگی کہ ایسا شخص ملک کے نظم ونسق سے بے تعلق رہے۔

## سروجنی نائیڈو۔

ان کی انسانیت میں بڑا بھولپن ہے۔ان کا مشاہدہ ایک عورت کے مشاہدہ کی

طرح تیز اور نازک ہے۔ان کے مزاج میں بچوں کے مزاج کی سی شوخی اور دلکشی ہے۔وہ بنیادی طور پر عملی آدمی ہیں۔

## بیورلے نکولس۔

مسٹر جناح ایشیا کی اہم شخصیت ہیں وہ اپنی مرضی کے مطابق جنگی صورت حال بدل سکتے ہیں۔

## لارڈ ماؤنٹ بیٹن

قائد اعظم اگر کسی فریق سے سمجھوتہ کرتے تھے۔قائد اعظم نے کبھی کوئی سمجھوتہ جھک کر اور بزدلانہ انداز میں نہیں کیا۔یہی قائد اعظم کی ایک بڑی خوبی تھی۔

## لارڈ ویول

مسٹر جناح مخلص قوم کے مخلص رہنما ہی نہیں بلکہ سچے وکیل بھی ہیں اور مسٹر جناح کے ارادے اٹل ہیں انکو اپنے ارادوں اور رائے سے کوئی چیز نہیں ہٹا سکتی۔

## گوکھلے۔

جناح بے شمار صلاحیتوں کے مالک ہیں اور ایک وقت ایسا آئیگا کہ جناح ہندو و مسلم اتحاد کا قاصد بنے گا۔

## سرونسٹن چرچل

قائد اعظم بڑے ذہین وفطین سیاست داں ہیں اور میں مسلمانوں کے اس بڑے لیڈر کی یاد کو کبھی دل سے بھول نہیں سکتا۔

## راجگر پال اچاریہ

قائد اعظم اعلی کردار کے مالک ہیں۔ان کو ملک میں بہت مقبولیت حاصل ہے اور انکی اندھی پیروی کیجارہی ہے اور ایسی پیروی کی جارہی ہے۔جو سچی ہمدردی بھی ہے۔

## سر اسٹیفورڈ کرپس

مشرقی سیاسی زندگی میں مسٹر جناح ایک سربلند شخصیت کے مالک تھے۔

## ہنری ایس ٹرومین

مسٹر جناح کو اپنی محنت اور جدوجہد کے عوض وہ مسلمان قوم اور ملک ملا کے جس کے وہ اہل تھے۔ قائداعظم نے خواب کو حقیقت کا روپ دے کر دنیا پر یہ ثابت کر دیا کہ قومیں استقلال اور پامردوں کے زور پر بنتی ہیں۔

## کلیمنٹ ایٹلی

مسٹر جناح کا بے مثل حریت اور شبانہ روز محنت ہی وہ سرمایہ ہے جس نے پاکستان جیسے ملک کی بنیاد ڈلوائی۔

# قومی شاعری اور قائد اعظم

## ابو الاثر حفیظ جالندھری

ہر مسلماں کے دل میں ہے اک آگ موجزن
اس آگ کا دھواں ہے محمد علی جناح

## رئیس امروہوی

اس قوم نو کا قائد اعظم جناح تھا
اس روح انقلاب کا محرم جناح تھا

## سیماب اکبر آبادی

قائد اعظم ہیں زندہ اس یقیں سے کام لو
جو کہے مردہ انہیں، اس کا گریباں تھام لو۔

## شاعر لکھنوی

تو نے انعام دیا ہے ہمیں آزادی کا
ناز کرتے ہیں تجھے قائد اعظم کہہ کے

## رفیق خاور

بطل شجاعت قائد اعظم
حسن تدبر جس کا مسلم

## شور علیگ

تو ہی شمع کارواں ہے تو ہی منزل کی فلاح
زندہ و پائندہ باد اے قائد اعظم جناح

فرید شمسی

نام پاکستان کا جب تک جہاں میں زندہ ہے
قائد اعظم ہمیشہ زندہ و تابندہ ہے

راز یوسفی

ملت کے ترجماں تھے محمد علی جناح
سالار کارواں تھے محمد علی جناح

اکبر کاظمی

تیری سیرت فروغ شمع دین ہے قائد اعظم
مقدر قوم کا کتنا حسین ہے قائداعظم

اختر انصاری

وطن کے رہبر محبوب قائداعظم
ہے تیری یاد عجب چیز زندگی کے لیے

اکرام فطرت

سراپا عزم تھے لیکن جناب قائداعظم
مخالف جھکڑوں اور آندھیوں سے وہ نہ ڈرے تھے

زاہد الحسن زاہد

قائداعظم کہ تھا تو پیکر عزم وفا
قوم کی کشتی کا آخر بن گیا تو ناخدا

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved ©2002-2006

میاں بشیر احمد

ملت ہے، فوج، فوج کا سردار ہے جناح
اسلامیوں کے ہاتھ میں تلوار ہے جناح
ملت تھی بے زبان، زبان مل گئی اسے
شوق جہاد قوم کا اظہار ہے جناح

احمد ندیم قاسمی

یہ زمیں پاک زمیں ہے یہ فلک پاک فلک ہے
تیرے دم کی یہ جھلک ہے
تیرا اونچا رہے پرچم
اے قائداعظم، اے قائداعظم

راغب مرادآبادی

سر جبر کے آگے نہ خم کیا تو نے
لہرادیا حیرت کا پرچم تو نے
جو کام کسی سے نہ ہوا تھا اب تک
وہ کام کیا قائداعظم تو نے

-------------اختتام-------------

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006